ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ (RAC) میں
عمدہ سروس کے عملی طریقوں پر رہنما کتابچہ
(تربیتی کتابچہ)

اس کتابچہ میں جو بھی معلومات دی گئی ہیں وہ محض دلچسپی کے بعض امور پر صرف معلوماتی مقاصد کے لئے دی گئی جن میں کسی پیشگی اطلاع کے بغیر تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ اگرچہ اس بات کو یقینی بنانے کی پوری کوشش کی گئی ہے کہ معلومات قابل اعتماد ذرائع سے حاصل کی جائیں، لیکن UNIDO کسی بھی غلطی یا کوتاہی کا ذمہ دار نہیں ہے۔ تمام معلومات مکمل، درستی اور کسی بھی قسم کی جلی یا خفی ضمانت کے بغیر فراہم کی گئی ہیں۔

کاپی رائٹ: اس کتابچہ کو تعلیمی یا غیر منافع بخش مقاصد کے لئے کاپی رائٹ کے مالک کی خصوصی اجازت کے بغیر مکمل یا جزوی طور پر دوبارہ پرنٹ یا شائع کیا جاسکتا ہے، البتہ اس کے ساتھ معلومات کے اصل ذریعہ کو بجا طور پر بیان کیا جائے اور کاپی رائٹ کے مالک کو مطلع کیا جائے۔

ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ (RAC) میں عمدہ سروس کے طریقوں پر رہنما کتابچہ

پیش لفظ

گزشتہ چند دہائیوں سے انسانیت کو درپیش عالمی چیلنجوں کی تعداد دن بہ دن بڑھ رہی ہے۔ کرہ ارض کے قدرتی وسائل کے استعمال اور ان میں بگاڑ کا سلسلہ جاری ہے، جو نہ صرف قدرتی توازن میں خلل کا باعث بن رہا ہے بلکہ اس کے نامعلوم یا ممکنہ نتائج بھی سامنے آ رہے ہیں۔ اوزون کی تہہ جو کرہ ارض کے ماحول کے گرد بنی ہوئی ہے اور زمین پر ہر طرح کی زندگی کو الٹراوائلٹ شعاعوں سے محفوظ رکھتی ہے، اس پر مرتب ہونے والے منفی اثرات اور اس تہہ کی کمزوری بھی ایسا ہی ایک چیلنج ہے۔ گلوبل وارمنگ کا ایک سبب جی ڈبلیو پی ریفریجرنٹس ہیں جو موسمیاتی تبدیلی کا باعث بن رہے ہیں۔

سٹریٹوسفیئر (Stratosphere) جو سطح زمین سے تقریباً تیرہ کلو میٹر کی بلندی پر شروع ہونے والی فضاء کی ایک تہہ ہے، اس میں اوزون کے لیول میں کمی یا اس کے قدرتی توازن میں خلل کے نتیجے میں ماحول پر پڑنے والے اثرات کا ادراک کرتے ہوئے، دنیا کے تمام ممالک نے مشترکہ طور پر اس بات پر اتفاق کیا کہ اس سلسلے میں عملی اقدامات کے ایک معاہدے کی اشد ضرورت ہے۔ لہٰذا، اوزون کی تہہ کے تحفظ کے لئے ویانا کنونشن کی منظوری دیتے ہوئے ٹھوس اقدامات وضع کئے گئے۔ اس کی بنیاد پر دور حاضر کا کامیاب ترین معاہدہ طے ہوا اور 1987 میں "اوزون کی تہہ کے لئے نقصان کا باعث بننے والے مادوں پر مانٹریال پروٹوکول" کی منظوری دی گئی جس میں ان عملی اقدامات کی تعریفیں اور ان کے متعلقہ پہلو بیان کئے گئے ہیں، یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ان کا اطلاق کس طرح ہو گا اور ساتھ ہی پروٹوکول پر دستخط کرنے والے ممالک کی ذمہ داریاں بھی طے کر دی گئی ہیں۔ تاحال دنیا کے 197 ممالک مانٹریال پروٹوکول کی توثیق کرتے ہوئے اوزون کی تہہ کے لئے نقصان کا باعث بننے والے مادوں کی تیاری اور ان کے استعمال کو مرحلہ وار ختم کرنے کے اقدامات کر چکے ہیں۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان بھی ان 197 ممالک میں شامل ہے جنہوں نے مانٹریال پروٹوکول کی توثیق کی ہے اور اوزون کی تہہ کے لئے نقصان کا باعث بننے والے مادوں کا استعمال مرحلہ وار ختم کرنے کے لئے عملی اقدامات کی ذمہ داری لے چکا ہے۔

تعارف

1990 میں مانٹریال پروٹوکول میں شامل ممالک یا پارٹیوں نے مانٹریال پروٹوکول کو عملی شکل دینے کے لئے ایک ملٹی لیٹرل فنڈ (MLF) قائم کیا تاکہ ترقی پذیر ممالک کو پروٹوکول کے تحت اپنے وعدے پورے کرنے میں مدد دی جائے اور وہ ان منصوبوں پر سرمایہ لگا سکیں جن سے "سرمایہ کی واپسی ممکن نہیں"۔

پاکستان مانٹریال پروٹوکول کے تحت آرٹیکل 5 کا فریق ہے۔ پاکستان نے ملکی سطح پر قانون سازی کے ذریعے اوزون کے لئے نقصان کا باعث بننے والے مادوں کی درآمد اور استعمال کو سختی سے کنٹرول کیا ہے۔ اوزون کے لئے نقصان کا باعث بننے والے مادوں کو کنٹرول کرنے کا سسٹم صرف ان کی منظور شدہ مقدار کی درآمد کو یقینی بناتا ہے، ممنوعہ اشیاء پر پابندی اور ملک میں اوزون کو متاثر کرنے والے مادوں کی درآمد کی نگرانی کرتا ہے۔

پاکستان نے جنوری 1989 میں مانٹریال پروٹوکول پر دستخط کئے اور دسمبر 1992 میں لندن ترمیم کے ساتھ اس کی توثیق کی۔ پاکستان بعد میں ہونے والی ترامیم کی بھی توثیق کر چکا ہے، جن میں 1995 کی کوپن ہیگن ترمیم، 2005 کی مانٹریال ترمیم اور 2005 کی بیجنگ ترمیم شامل ہیں۔ پاکستان نے ابھی تک کیگالی ترمیم کی توثیق نہیں کی ہے۔

پاکستان میں HCFC فیز آؤٹ مینجمنٹ پلان کا سٹیج نمبر I

ستمبر 2007 میں، مانٹریال پروٹوکول میں شامل تمام پارٹیوں یا ممالک نے، MOP کے فیصلہ نمبر XIX/6 (ضمیمہ I) کے تحت طے کیا کہ اندازاً 2010 تک HCFCs کو مرحلہ وار ختم کر دیا جائے گا، CFCs کے تکنیکی متبادل کے طور پر استعمال ہونے والے مادوں پر کام کیا جائے گا اور ان کی پیداوار اور استعمال کو مرحلہ وار ختم کیا جائے گا۔ 2009 اور 2010 میں، وزارت ماحولیات (موجودہ وزارت موسمیاتی تبدیلی، MoCC) نے HCFC کے مرحلہ وار خاتمے کی جامع حکمت عملی کو آگے بڑھانے کے لئے کوآرڈینیشن کے فرائض انجام دیئے۔ مانٹریال پروٹوکول کو عملی جامہ پہنانے کے لئے ملٹی لیٹرل فنڈ کی ایگزیکٹو کمیٹی (ایگزیکٹو کمیٹی) نے اپنے 62 ویں اجلاس میں HCFC کے مرحلہ وار مینجمنٹ پلان (HMPM) کی منظوری دی جس کا مقصد 2010 سے 2015 کے دوران HCFC کے استعمال میں 10 فیصد کمی لانا تھا۔

ابتدائی تیاری کی ان سرگرمیوں کے دوران، ریفریجریشن کے شعبے کی پانچ بڑی صنعتوں میں سرمایہ لگانے کے لئے فریم ورک پراجیکٹ تیار کیا گیا جس کا مقصد ان صنعتوں کے پولی یوریتھین فوم مینوفیکچرنگ کے شعبوں سے 722.64 میٹرک ٹن (79.49 اوڈی پی ٹن) HCFC-141b کو مرحلہ وار ختم کرنا تھا۔ اپریل 2010 میں 60 ویں ایگزیکٹو کمیٹی نے اس پراجیکٹ کے لئے 4,840,849.00 امریکی ڈالر کی رقم کی منظوری دی۔ اس کے بعد 2010 میں 62 ویں ایگزیکٹو کمیٹی نے ایک سٹریٹجک دستاویز کے طور پر HPMP کے فیز I کی منظوری دی جس پر مشترکہ عملدرآمد کی ذمہ داری UNIDO اور UNEP کو سونپی گئی۔

پاکستان میں HCFC فیز آؤٹ مینجمنٹ پلان کا سٹیج نمبر II

مانٹریال پروٹوکول پر عملدرآمد کے لئے ملٹی لیٹرل فنڈ کی ایگزیکٹو کمیٹی (ایگزیکٹو کمیٹی) نے اپنے 76 ویں اجلاس میں 2016-2020 کی مدت کے لئے HCFC فیز آؤٹ مینجمنٹ پلان (HPMP) کے فیز II کی منظوری دی جس کا مقصد پاکستان میں HCFC کے استعمال میں 35 فیصد کمی کا دوسرا ہدف حاصل کرنا تھا۔ جبکہ پاکستان نے 35 فیصد کی بجائے 50 فیصد کمی کا اضافی ہدف حاصل کر لیا۔ HPMP فیز II پروجیکٹ کے لئے 5,679,476 ڈالر کی کل لاگت کی منظوری دی گئی۔ UNIDO اس سلسلے میں تھرموویئر کے ذیلی شعبے کی 7 صنعتوں میں 309.5 MT (34.05 ODPT) HCFC 141b، سینڈوچ پینل کے ذیلی شعبے کی 4 صنعتوں میں 224.02 MT

(24.64 ODPT)، گھریلو ایئر کنڈیشننگ کے ذیلی شعبے میں MT 134.4 (7.39 ODPT) کے مرحلہ وار خاتمے میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ منصوبے پر عملدرآمد میں شریک ادارے کے طور پر UNEP سروسز کے شعبے میں "نان انوسٹمنٹ کمپونینٹ" کا ذمہ دار ہے۔ HPMP کے فیز II کی چوتھی اور آخری قسط کی منظوری جولائی 2022 میں ایگزیکٹو کمیٹی کے 90 ویں اجلاس میں دی گئی۔

HPMP فیز II کے اسٹریٹیجک مقاصد کے تحت اس امر کو یقینی بنایا جارہا ہے کہ 2020 کے اہداف کو پورا کرنے کے لئے مینوفیکچرنگ اور خدمات کے شعبوں میں HCFC کے استعمال کو مرحلہ وار ختم کرنے کے لئے مانٹریال پروٹوکول کے تحت کنٹرول کے اقدامات کے حوالے سے پاکستان کی ذمہ داریوں کو پورا کیا جائے۔ HPMP فیز II کے تحت مینوفیکچرنگ انڈسٹری کے کچھ ذیلی شعبوں اور سروسز سیکٹر کے بعض حصوں میں HCFCs کے مرحلہ وار خاتمے پر کام کیا جائے گا تاکہ فریز اور دوسرے ہدف کو حاصل کیا جاسکے۔

HPMP فیز II کے تحت پاکستان میں سرمایہ کاری کی جن سرگرمیوں کی منظوری دی گئی ہے ان میں ایک انڈسٹری میں گھریلو ایئر کنڈیشنر مینوفیکچرنگ کے شعبے سے HCFC-22 کے استعمال کا مرحلہ وار خاتمہ شامل ہے۔ اس سلسلے میں متعلقہ کمپنی یعنی ڈاؤلینس، کراچی، HCFC-22 سے R-32 پر منتقل ہو چکی ہے۔ ڈاؤلینس کے ساتھ منتقلی معاہدے کی تفصیل کچھ اس طرح ہے: سال 2022: R-32 سے k12 پر منتقلی، پھر k18 اور تیسری سہ ماہی میں K BTU24 پر منتقلی۔ 2023: سپلٹ AC کی 80 فیصد پروڈکشن کی R-32 پر منتقلی اور دسمبر 2023 تک 100 فیصد پروڈکشن کی R-32 پر منتقلی، جس کے ساتھ ہی R-410A کا استعمال مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔

HPMP فیز II کی منظوری مئی 2016 میں ایگزیکٹو کمیٹی کے 76 ویں اجلاس (فیصلہ نمبر 39/76) میں دی گئی جس کا مقصد 72.98 ٹن ODP کو مرحلہ وار ختم کرنا ہے۔ اس کے بعد، XPS پینلز کی تیاری میں انفرادی سرمایہ کاری کے منصوبے کا مقصد HCFC-142b/HCFC-22 کو مرحلہ وار ختم کرنا ہے جس کی منظوری ایگزیکٹو کمیٹی 84 (فیصلہ 78/84) دے چکی ہے۔ پراجیکٹ کا مقصد ODPTs 4.68 (HCFC-142b کے 2.99 ODPTs اور HCFC-22 کے ODPTs 1.69) کو مرحلہ وار ختم کرنا ہے۔ اس پراجیکٹ کی کل منظور شدہ لاگت 619,938 ڈالر تھی، HPMP کے فیز II میں کیپٹل اور نان کیپٹل کاسٹ (Capital and Non-capital Cost) کے درج ذیل اجزاء شامل تھے۔

مینوفیکچرنگ کا شعبہ

- HCFC 141b کے مرحلہ وار خاتمے کے لئے 7 تھرموویئر انڈسٹریز کا اجتماعی پراجیکٹ (Umbrella Project)
- HCFC 141b کے مرحلہ وار خاتمے کے لئے سینڈوچ پینل کی PU 4 انڈسٹریز کے لئے اجتماعی پراجیکٹ
- 1 ہوم ایئر کنڈیشننگ انڈسٹری سے HCFC-22 کا مرحلہ وار خاتمہ
- XPS1 پینل مینوفیکچرنگ انڈسٹری سے HCFC142b/HCFC-22 کا مرحلہ وار خاتمہ

سروسز کا شعبہ

- پالیسی اور اس کے نفاذ کی صلاحیتوں پر تربیتی سرگرمیاں
- RAC سروس ٹیکنیشن ٹریننگ اور سرٹیفیکیشن
- متبادل ٹیکنالوجیز کا فروغ
- پراڈکٹ اور سروس سٹینڈرڈز وضع کرنا
- مانیٹرنگ، کوآرڈینیشن اور مینجمنٹ

پراجیکٹ پر عملدر آمد کے سلسلے میں مرکزی ادارے کے طور پر UNIDO مینوفیکچرنگ کے شعبے سے HCFC-141b، HCFC142b اور HCFC-22 کے مرحلہ وار خاتمے کے لئے کام کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ، UNIDO سروسز کے شعبے میں ٹریننگ اور مینٹی ننس کے آلات کی خریداری کے فرائض بھی انجام دے رہا ہے۔ عملدر آمد کی سرگرمیوں میں شریک ادارے کے طور پر UNEP، سروسز کے شعبے میں مذکورہ بالا پانچ 'نان انوسٹمنٹ کمپونینٹس' پر کام کر رہا ہے۔

سروسز سیکٹر میں سٹیج II پر عملدر آمد سے ہمیں اندازہ ہوا کہ کہ مہارتوں اور آلات کے حوالے سے مسلسل فالو اپ اور معاونت ضروری ہے۔ یہ شعبہ اس لحاظ سے آگے بڑھ رہا ہے کہ اس میں ورکشاپس کی تعداد بدلتی رہتی ہے اور سٹاف ٹرن اوور زیادہ ہے۔ سروسز سیکٹر میں نئی ٹیکنالوجیز اور آتش گیر مادوں کا استعمال بڑھ رہا ہے، جنھیں HCFCs اور HFCs کے مختلف آپریشنل پیرامیٹرز (Operational Parameters) پر پورا اترنا پڑتا ہے۔ ریفریجرینٹس کی ریکوری اور ان کے دوبارہ استعمال کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ دونوں کام ایک ہی کمپنی اور ادارے میں کئے جائیں۔ بڑے پیمانے پر ری سائیکلنگ بطور کاروبار ایک مشکل کام ہے۔

پاکستان میں HCFC فیز آؤٹ مینجمنٹ پلان کا سٹیج نمبر III

جولائی 2022 میں اپنے 90ویں اجلاس میں، ایگزیکٹو کمیٹی نے حکومت پاکستان کے لئے HPMP کے فیز III کے لئے فنڈنگ کی منظوری دی۔ HPMP کے فیز III کے سٹریٹجک مقاصد کے تحت اس امر کو یقینی بنایا جا رہا ہے کہ 2030 کے اہداف کو پورا کرنے کے لئے مینوفیکچرنگ اور سروسز کے شعبوں میں HCFC کے استعمال کو مرحلہ وار ختم کرنے کے لئے مانٹریال پروٹوکول کے تحت کنٹرول کے اقدامات کے حوالے سے پاکستان کی ذمہ داریوں کو پورا کیا جائے۔ HPMP فیز III کے تحت مینوفیکچرنگ انڈسٹری کے بعض ذیلی شعبوں اور سروسز سیکٹر کے کچھ حصوں سے HCFCs کے مرحلہ وار خاتمہ پر کام کیا جائے گا تاکہ "فریز" اور تیسرے ہدف کا حصول یقینی بنایا جا سکے۔

- درج ذیل میں سے بعض سرگرمیاں ایسی ہیں جن پر UNIDO، عملدر آمد کے ذمہ دار مرکزی ادارے کے طور پر پاکستان میں متبادل ٹیکنالوجیز کے ایکشن پلان پر عملدر آمد کے لئے ایکشن پلان کے فیز III کے دوران کام کرے گا: متبادل ٹیکنالوجیز کا فروغ، پاکستان میں کم GWP کی متبادل ٹیکنالوجیز پر ایک فزیبلٹی سٹڈی کی تیاری۔
- کم GWP ٹیکنالوجیز کی ڈویلپمنٹ پر معلومات کے باہمی تبادلے کے لئے انڈسٹریز کے لئے دیگر ممالک کے مطالعاتی دورے، مثلاً کم-GWP ٹیکنالوجیز پر منتقلی اور انرجی ایفیشنسی پر آن لائن سیمینار (RAC سیکٹر)۔
- RAC سروس ٹیکنیشنز اور ورکشاپس کی کیپیسٹی بلڈنگ، مثلاً ٹریننگ اسکولوں اور کوالیفیکیشن انسٹی ٹیوشنز کو تربیتی آلات اور ایکوپمنٹ کی فراہمی، منتخب مینٹی ننس شاپس کے لئے آلات اور ایکوپمنٹ کا حصول۔
- پالیسی/ریگولیشنز کا مطالعہ اور ان میں بہتری (قانون سازی)، مثلاً ری کلیم سنٹرز کے لئے پالیسی اور سٹینڈرڈز پر سٹڈی۔
- نیشنل ری سائیکلنگ، ریکوری اینڈ ری کلیمیشن اسکیم، مثلاً ری کلیم سنٹر میں ریکلیمیشن سہولیات اور بزنس ماڈل پر مقامی گائیڈ لائنز کی تیاری، نیشنل RRR سنٹرز کا قیام، RRR نیٹ ورکس کی تشکیل، 4 ٹریننگ سنٹرز کا قیام، ریکلیم سنٹرز پر میزبان کے فرائض انجام دینے والے عملے، RAC ٹیکنیشنز اور سروس ورکشاپ کے لئے سرٹیفکیشن پروسیجر وضع کرنا۔

کم-GWP ٹیکنالوجیز محفوظ طریقے سے متعارف کرانے کے لئے ریگولیشنز، ضابطہ اخلاق اور سٹینڈرڈز

پاکستان ایک خاص حد تک آتش گیر صلاحیت (Flammability) اور/یا زہریلے پن (Toxicity) کی کلاسیفکیشن میں شمار ہونے والی ٹیکنالوجیز محفوظ طریقے سے متعارف کرانے کے لئے درج ذیل ریگولیشنز، ضابطہ اخلاق اور سٹینڈرڈز کو اپنانے پر غور کر رہا ہے۔

- آتش گیر ریفریجرنٹس کے لئے ضروری سیفٹی سٹینڈرڈز اپنائے جائیں
- آتش گیر RAC ایکوپمنٹ کے استعمال کی اجازت دینے کے لئے بلڈنگ کوڈز پر نظرثانی/ان میں ترمیم کی جائے
- ویریفکیشن اور کمپلائنس پروسیجرز پر عملدرآمد کیا جائے مثلاً ٹیسٹ پروسیجرز کی سٹینڈرڈائزیشن کی جائے
- ویسٹ مینجمنٹ پالیسی میں آتش گیر ریفریجرنٹس کی مینجمنٹ کو شامل کیا جائے
- ہائی جی ڈبلیو پی ریفریجرنٹس کی ریکوری، ری سائیکلنگ اور ریکوری کے اداروں کا قیام عمل میں لایا جائے
- ODS اور HFCs کو مناسب طریقے سے تلف کرنے کی پالیسیوں پر نظرثانی کی جائے
- ریفریجرنٹ کی ہر کیٹیگری کے لئے ڈسپوزل کا طریقہ طے کرنے کے لئے پالیسیوں پر نظرثانی کی جائے
- ODS اور HFCs استعمال کرنے والے فوم کی مینوفیکچرنگ ممنوع قرار دینے کے لئے کیمیکل پالیسیوں پر نظرثانی کی جائے

مخفف اصطلاحات:

اس کتابچے کا اصل مقصد ٹرینرز اور سروس ٹیکنیشنز کو RAC سیکٹر میں عمدہ سروس کے طریقوں کو یقینی بنانے اور HCFC کنٹرول کے اقدامات پر عمل کرنے کے لئے ضروری علم، مہارتیں اور مکمل کارروائی کے پروسیجرز فراہم کرنا ہے تاکہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کو مانٹریال پروٹوکل کے HCFC کنٹرول کے اقدامات پر عمل کرنے میں مدد دی جاسکے۔

HCFC: Hydrochlorofluorocarbon	ہائیڈروکلوروفلوروکاربن	ایچ سی ایف سی
HFC: Hydrofluorocarbon	ہائیڈروفلوروکاربن	ایچ ایف سی
HP: High pressure	ہائی پریشر	ایچ پی
LP: Low pressure AC: Air conditioning	لوپریشر اے سی: ایئر کنڈیشننگ	ایل پی
CFC: Chlorofluorocarbon	کلوروفلوروکاربن	سی ایف سی
CO_2: Carbon dioxide	کاربن ڈائی آکسائیڈ	سی او ٹو
CP: Copper Phosphorus	کاپر فاسفورس	سی پی
CRP: Constrant Pressure Regulator	کانسٹنٹ پریشر ریگولیٹر	سی آر پی
DDT: Department of Transportation (USA)	ڈپارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹیشن (امریکہ)	ڈی ڈی ٹی
ED: External diameter	ایکسٹرنل ڈایامیٹر	ای ڈی
EER: Enery efficiency ratio	انرجی ایفیشنسی ریشو	ای ای آر
EN: European Norm	یورپین نارم	ای این
GHG: Greenhousegas (emissions)	گرین ہاؤس گیسیں (ایمیشنز)	جی ایچ جی
GWP: Global warming potential	گلوبل وارمنگ پوٹینشل	جی ڈبلیو پی
HC: Hydrocarbon	ہائیڈروکاربن	ایچ سی
MAC: Mobile air conditioning	موبائل ایئر کنڈیشننگ	ایم اے سی
MLF: Multilateral Fund for the Implementation of the Montreal Protocol	مانٹریال پروٹوکول پر عملدرآمد کے لئے ملٹی لیٹرل فنڈ	ایم ایل ایف
MP: Montreal Protocol	مانٹریال پروٹوکول	ایم پی
NCG: Non-condensable gases	نان کنڈنسیبل گیسیں	این پی ٹی
NPT: National Pipe Thread	نیشنل پائپ تھریڈ	این پی ٹی
OD: Outside Parameter	آؤٹ سائیڈ پیرامیٹر	او ڈی
ODP: Ozone Depletion Potential	اوزون کو نقصان پہنچانے کی استعداد	او ڈی پی
ODS: Ozone Depleting Substances	اوزون کو نقصان پہنچانے والے مادے	او ڈی ایس
OFP: Overfill protection	اوورفل پروٹیکشن	او ایف پی
PAG: Polyakene Glycol	پولی ایکین گلائکول	پی اے جی
POE: Polyol Ester	پولیول ایسٹر	پی او ای
RAC: Refrigeration and air conditioning	ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ	آر اے سی
R & R: Recovery and Recycling	ریکوری اور ری سائیکلنگ	آر اینڈ آر
RRR: Recovery, Recycling and Reclamation	ریکوری، ری سائیکلنگ اور ریکلیمیشن	آر آر آر
TEV: Thermostatic Expansion Valve	تھرموسٹیٹک ایکسپینشن والو	ٹی ای وی
UV: Ultraviolet	الٹراوائلٹ	یو وی

ریفریجریشن ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ (RAC) میں
عمدہ سروس کے عملی طریقوں پر رہنما کتابچہ
(تربیتی کتابچہ)

ماڈیول نمبر 1-ماحول پر ریفریجرنٹس کے اثرات اور ان سے متعلق ماحول کے ریگولیشنز اور سٹینڈرڈز

اس ماڈیول میں سروس ٹیکنیشنز کو درج ذیل کے بارے میں معلومات دی جائیں گی:

1.1 اوزون کی تہہ کو پہنچنے والا نقصان اور اس کا تحفظ

1.2 کیگالی ترمیم اور گلوبل وارمنگ کے خلاف جنگ

1.3 بین الاقوامی سٹینڈرڈز اور ریگولیشنز

1.4 قومی سٹینڈرڈز اور ریگولیشنز

1. اوزون کی تہہ کو پہنچنے والا نقصان اوراس کا تحفظ

فضا میں موجود اوزون اور اوزون کی تہہ



اوزون کی تہہ اوزون کے مالیکیولز (3 آکسیجن ایٹم) سے بنی ایک حفاظتی ڈھال یا تہہ ہے جو بالائی سٹریٹوسفیئر (Upper Stratosphere) یعنی زمین کی سطح سے 13 سے 48 کلومیٹر اوپر واقع ہے اور الٹرا وائلٹ (UV) شعاعوں کو جذب کرتی ہے۔ (B) جو نقصان دہ ہوتی ہیں۔ اوزون ایک نیلی گیس ہے جو ان گیسوں پر دباؤ ڈالتی ہے، جو زندگی کے لئے آکسیجن کی طرح اہم ہیں۔ سٹریٹوسفیئر میں موجود یہ اوزون کرہ ارض کے کل اوزون کا 90 فیصد ہے، جس میں مادے کی مقدار بہت کم ہے۔ باریک اور بے قاعدہ انداز میں پھیلتی ہوئی یہ اوزون کی تہہ کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ فضا میں موجود اس نازک حفاظتی تہہ کی بدولت زمین پر زندگی محفوظ ہے۔ درحقیقت، اگر اوزون کو پوری سطح کو زمین کے گرد ماحول میں کمپریس کر دیا جائے تو اس کی موٹائی بمشکل 3 ملی میٹر ہو گی یعنی اس کی موٹائی جوتے کے تلے کے برابر ہو گی۔ لہٰذا اوزون کی تہہ کی حفاظت کرنا بہت ضروری ہے، کیونکہ اس کے ختم ہونے سے انسانی صحت اور ماحولیاتی نظام پر مختلف منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔



ذریعہ: وزارت ماحولیات، حکومت جاپان، فلوروکاربنز کنٹرول پالیسی آفس

ذریعہ: Care in the Sun Organization

بد قسمتی سے حالیہ دہائیوں کے دوران ریفریجرنٹس (HCFCs،CFCs)، فوم، فیو میگنٹس (سوڈیم برومائیڈ)، میتھائل)، پر وپیلنٹس، ہالونز (آگ بجھانے کا سامان)، اور کئی طرح کی پراڈکٹس اور ایکوپمنٹ میں پائے جانے والے دیگر کیمیکلز کی شکل میں موجود اوزون کو نقصان پہنچانے والے مادوں (ODS) نے اوزون کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ یہ نقصان اتنا زیادہ ہے کہ ان کے اخراج (Emissions) نے اوزون کی تہہ میں سوراخ پیدا کر دیا ہے" (جسے اوزون سوراخ کہا جاتا ہے)، پہلی بار سائنسدانوں نے 1980 کی دہائی میں اسے دریافت کیا۔ اوزون کا سوراخ تکنیکی طور پر "سوراخ" نہیں ہے بلکہ یہ وہ جگہ ہے جہاں اوزون نہیں ہے، جبکہ قطب جنوبی کے اوپر سٹریٹو سفیئر کا ایسا ریجن ہے جہاں اوزون غیر معمولی حد تک کم ہو گئی ہے۔ نیچے دی گئی تصویر میں ODS کے اخراج کے نتیجے میں اوزون کی تہہ میں آنے والے کمی کے چکر یا سائیکل کو دکھایا گیا ہے۔



ذریعہ: وزارت ماحولیات، حکومت جاپان، کنٹرول پالیسی آفس

اوزون کی تہہ اور انسانی صحت کو نقصان پہنچانے والے مادوں پر مانٹریال پروٹوکول

1985 میں اوزون کی تہہ کے تحفظ کے لئے ویانا کنونشن کی منظوری دی گئی اور دو سال بعد، 16 ستمبر 1987 کو، اوزون کی تہہ کو نقصان پہنچانے والے مادوں پر مانٹریال پروٹوکول وضع کیا گیا جس کا مقصد ان مادوں کی پروڈکشن اور استعمال میں کمی لانا تھا تاکہ فضا میں ان کی وافر موجودگی میں کمی لائی جا سکے اور زمین کے گرد بنی اوزون کی نازک تہہ کی حفاظت کی جا سکے۔ اس وقت دنیا کے 197 ممالک مانٹریال پروٹوکول میں بطور پارٹی شامل ہیں اور تاحال یہ ماحول کے تحفظ کا سب سے کامیاب معاہدہ سمجھا جاتا ہے۔

2007 میں، مانٹریال پروٹوکول میں شریک پارٹیوں نے HCFCs کو مرحلہ وار ختم کرنے پر اتفاق کیا۔ اس فیصلے (مانٹریال پروٹوکول کا MOP فیصلہ XIX/6) کے ساتھ ساتھ آرٹیکل 5 کے ممالک (ترقی پذیر ممالک) میں مرحلہ وار خاتمے کے اوقات یا ٹائم لائنز اور اقدامات اور نان آرٹیکل ممالک کے لئے وسیع تر قابل غور پہلو اور سفارشات یا مشورے شامل ہیں۔ مانٹریال پروٹوکول میں شامل پارٹیوں کی حوصلہ افزائی کی گئی کہ وہ "HCFCs کے متبادل کو فروغ دیں جو ماحولیاتی اثرات کو کم سے کم کرتے ہیں، اور خاص طور پر آب و ہوا کے اثرات کے ساتھ ساتھ صحت، حفاظت اور معیشت سے متعلق دیگر تحفظات کو ملحوظ خاطر رکھیں"۔

مانٹریال پروٹوکول میں شامل پارٹیوں کے لئے ضروری تھا کہ وہ "کنٹری HCFC فیز آؤٹ مینجمنٹ پلان (HPMP)" تیار کریں جس میں ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشنگ ٹیکنیشنز کی صلاحیتوں میں بہتری اور ان کی تربیت کو بھی شامل کیا جائے۔ ایک اور اہم لائحہ عمل یہ تھا کہ نیشنل اوزون یونٹ کے ساتھ مل کر سیفٹی سٹینڈرڈز اپنائے جائیں (NOU نیشنل سرٹیفیکیشن / سٹینڈرڈائزیشن باڈی کے ساتھ کام کرے گا)۔ اس کے لئے بین الاقوامی کنسلٹنٹس کی خدمات، مشاورتی ورکشاپس، فیلڈ وزٹس، فائنل ٹیسٹوں اور مختلف سٹیک ہولڈرز کے لئے نئے کوڈز / سٹینڈرڈز تعارفی سیشنز کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

مانٹریال پروٹوکول کی بدولت اب تک دنیا بھر میں اوزون کو نقصان پہنچانے والے مادوں (ODS) کی پروڈکشن اور استعمال میں تاریخی کمی آئی ہے اور یہ مرحلہ وار بیس لائن لیول کے 98 فیصد تک ختم ہو چکے ہیں۔ مانٹریال پروٹوکول نے ماحول میں 135 بلین ٹن سے زیادہ CO^2 کے فضاء میں اخراج کو روکنے میں نمایاں کردار ادا کیا اور اس سلسلے میں اوزون کے لئے نقصان کا باعث بننے والے مادوں کا خاتمہ کیا بلکہ یہ پروٹوکول اس وقت موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کم کرنے کا موثر ترین نظام بن چکا ہے۔

مانٹریال پروٹوکول پر عملدرآمد نہ ہوتا تو کرہ ارض کے تقریباً تمام آباد علاقے اس حد تک الٹرا وائلٹ ریڈی ایشن کا شکار ہوتے کہ یہ سطح عالمی ادارہ صحت (WHO) کے زیر استعمال موجودہ UV سکیل میں "انتہائی" نوعیت کی سطح تصور کی جانے والی ویلیو سے بھی تقریباً دوسے چار گنا زیادہ ہوتی۔ وبائی امراض کے ماڈلز کے مطابق، HCFCs کے مرحلہ وار خاتمے سے 2030 تک شمالی امریکہ اور یورپ میں 20 لاکھ مریضوں میں جلد کے کینسر کی روک تھام ممکن ہو گی۔ صرف امریکہ میں 1890 سے 2100 کے دوران پیدا ہونے والے افراد میں جلد کے کینسر کے 283 ملین کیسز کی روک تھام ممکن ہو گی اور 46 ملین افراد کو موتیا کے مرض سے بچانے میں کامیابی ملے گی۔ مانٹریال پروٹوکول کے تحت تمام پارٹیاں اگر پوری لگن اور محنت سے کام کریں تو صحت کی دیکھ بھال پر اندازاً 1.8 ٹریلین ڈالر اور زراعت، ماہی گیری اور زراعت کو ہونے والے نقصان میں تقریباً 460 بلین ڈالر کی بچت ہو سکتی ہے۔ جہاں تک "گرین اکانومی" کا تعلق ہے تو ODS کے مرحلہ وار خاتمے سے سرمایہ کاری اور جدت کو فروغ دینے میں بھی مدد ملی ہے۔

مانٹریال پروٹوکول کی کارکردگی اپنے ابتدائی اہداف سے کہیں زیادہ رہی ہے۔ ایک طرف اس کی بدولت اوزون کی تہہ کو تحفظ ملا ہے تو دوسری جانب اس نے موسمیاتی تبدیلیوں کی شدت میں کمی، سماجی ترقی، صحت اور غذا کے تحفظ، صحت عامہ اور بڑی تعداد میں روزگار کے "گرین" مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ قصہ مختصر، گزشتہ 100 سال کے دوران عالمی اوسط درجہ حرارت میں 0.3 ڈگری سے 0.6 ڈگری تک اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ سے سمندری پانی پھیل رہا ہے، آئس کیپ پگھل رہے ہیں، اور نتیجتاً سطح بلند ہو رہی ہے۔ اس سے کرہ ارض پر بارش بھی متاثر ہوئی ہے، جس کی وجہ سے موسمیاتی تبدیلی اور بائیوڈائیورسٹی پر اثر پڑا ہے۔ ان تبدیلیوں نے انسانی صحت پر بھی منفی اثرات مرتب کئے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی زیادہ پیچیدہ ہے اور سب کے لئے ایک عالمی چیلنج ہے۔ اس لئے محض اوزون کی تہہ کا تحفظ ہی ضروری نہیں بلکہ دور حاضر اور مستقبل میں انسانی فلاح و بہبود اور صحت کا تجزیہ کرنے کے لئے عالمی اور مقامی سطح پر رونما ہونے والی ماحولیاتی تبدیلیوں کو ہرگز نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

کیگالی ترمیم اور گلوبل وارمنگ کے خلاف جنگ

اوزون کو نقصان پہنچانے والے مادے (ODS) مثلاً CFCs اور HCFCs بھی گرین ہاؤس گیسز (GHGs) ہیں۔ لہٰذا، مانٹریال پروٹوکول کے تحت ODS کے مرحلہ وار خاتمے نے موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کم کرنے میں بھی اپنا کردار ادا کیا ہے اور یہ سلسلہ اسی طرح چلتا رہے گا۔ تاہم، اگرچہ HFCs بنیادی طور پر اوزون کے لئے محفوظ ہیں (اوزون کے لئے نقصان کا باعث نہیں بنتے) اور اسی بناء پر انہیں CFCs اور HCFCs کے متبادل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے، لیکن اصل میں یہ بھی گرین ہاؤس گیسیں ہیں جو گلوبل وارمنگ کو تقریباً 12 سے 14,800 تک بڑھانے کا باعث بن سکتی ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ CFCs، HCFCs اور HFCs اب بھی ہماری روزمرہ کی زندگی میں استعمال ہوتے ہیں۔ اس لئے موسمیاتی تبدیلیوں کو روکنے کے لئے فضا میں ان کے اخراج کو کنٹرول کرنا ضروری ہے۔



ذریعہ: وزارت ماحولیات، حکومت جاپان، فلورو کاربن کنٹرول پالیسی آفس

15 اکتوبر 2016 وہ دن ہے جب دنیا میں ایک سرسبز، صحت مند مستقبل کے لئے اتفاق رائے پیدا ہوا۔ کیگالی ترمیم کا مقصد ہائیڈرو فلورو کاربن (HFCs) کو مرحلہ وار کم کرنا ہے، جو مانٹریال پروٹوکول کی تازہ ترین ترمیم ہے جس کا مقصد آب و ہوا سے متعلق مسائل کو حل کرنا ہے۔ مانٹریال پروٹوکول نہ صرف اوزون کی کمی اور تحفظ کے مسئلے پر قابو پانے میں مدد دیتا ہے بلکہ موسمیاتی تبدیلیوں کی شدت کم کرنے میں بھی اپنا کردار ادا کرتا ہے۔

اوزون اور "کلائمیٹ" ریگولیشنز



ذریعہ: یو این انوائرمنٹ

کیگالی ترمیم مانٹریال پروٹوکول میں HFCs کی پروڈکشن اور استعمال میں بتدریج کمی میں اضافی کردار ادا کرتی ہے۔ پروٹوکول میں ایک نیا ضمیمہ (Annex F) شامل کیا گیا ہے جس میں HFCs کا اندراج ان کے GWP کے ساتھ کیا گیا ہے۔ دو گروپوں میں تقسیم کئے گئے اس ضمیمہ کی ایک مثال نیچے دی گئی تصویر میں پیش کی گئی ہے:

- ضمیمہ F، گروپ II: تمام HFCs (ماسوائے HFC-23، اور HFOs)
- ضمیمہ F، گروپ II: HFC-23



ممالک کو مختلف گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ آرٹیکل 5 پارٹیز (ترقی پذیر ممالک) کے دو گروپ جن میں مختلف بنیادی سال (Base Year) اور فیز ڈاؤن شیڈول دیئے گئے ہیں اور دوسری جانب نان آرٹیکل 5 پارٹیز (ترقی یافتہ ممالک) کے بنیادی حسابات (Calculations) اور ابتدائی اقدامات جو مرکزی گروپ سے مختلف ہیں۔ بیس لائن ویلیوز کا حساب HFCs اور HCFCs کی پروڈکشن/استعمال پر ہونا چاہیے۔ واضح رہے کہ پروڈکشن، استعمال، درآمدات، برآمدات اور ایمیشن کے ساتھ ساتھ HFCs کے بنیادی استعمال کی سطح کو کاربن ڈائی آکسائیڈ کے مساوی (CO^2 مساوی) شکل میں ظاہر کیا جائے گا۔ 2040 تک، تمام ممالک کے لئے ضروری ہوگا کہ وہ اپنے ریفرنس لیول کا 15 سے 20 فیصد سے زیادہ استعمال نہ کریں۔ اس اقدام کا تقاضا ہے کہ ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک اپنے ہاں HFCs کی پروڈکشن اور استعمال کو بتدریج محدود کریں، اور ترقی یافتہ ممالک اس سلسلے میں پہل کریں۔ توقع ہے کہ ترقی یافتہ ممالک کی طرف سے پہلی کٹوتیاں 2019 میں شروع ہوں گی، جب کیگالی ترمیم نافذ ہو جائے گی۔ تاہم اس ترمیم میں ایسے ممالک کے لئے چھوٹ کا امکان بھی موجود ہے جہاں درجہ حرارت کی سطح بلند رہتی ہے۔

ایک اندازہ یہ بھی ہے کہ فیز ڈاؤن کے بغیر، 2050 تک کاربن ڈائی آکسائیڈ کے کل اخراج میں HFCs کا حصہ تقریباً99 سے 19 فیصد ہوگا (~165 گیگاٹن CO^2 کے مساوی)۔ HFCs میں تیزی سے کمی ماحول میں 100 بلین ٹن CO^2 کے اخراج کو روکے گی۔ دوسری طرف، کیگالی ترمیم درجہ حرارت میں اس اضافے کو تقریباً 90 فیصد تک روک سکتی ہے (0.2 ڈگری سے 0.4 ڈگری تک گرمی سے بچ کر) جس کا سبب HFCs بن سکتے ہیں۔ اس طرح، عالمی سطح پر HFCs کی بتدریج کمی صدی کے آخر تک 0.5 ڈگری کی گلوبل وارمنگ کو روک سکتی ہے، جس سے عالمی درجہ حرارت میں اضافے کو 2 ڈگری سے کم تک محدود کرنے کی کوششوں کو کافی حوصلہ ملے گا جس کا ذکر پیرس معاہدے میں کیا گیا ہے اور اس اضافے کو 1.5 ڈگری تک لانے کی کوششیں نہ صرف جاری رہیں گی بلکہ اوزون کی تہہ کو محفوظ بنانے کے اقدامات بھی جاری رہیں گے۔ یہ صورتحال آنے والی دہائیوں میں خاطر خواہ فوائد کا باعث بنے گی اور پائیدار ترقی کے عالمی اہداف (SDGs) کے حصول میں بھی اپنا کردار ادا کرے گی۔

یاد رہے کہ HFCs کی بتدریج کمی اس صورت میں آب و ہوا کے لئے سود مند ثابت ہو سکتی ہے کہ HFCs کے حامل ایکوپمنٹ کی انرجی ایفیشنسی بہتر بنانے کے اقدامات بھی ساتھ ساتھ جاری رہیں۔ فرض کریں کہ 2030 میں فروخت ہونے والے ایئر کنڈیشنرز کی اوسط کارکردگی میں 30 فیصد بہتری آجاتی ہے اور ساتھ ساتھ کم GWP ریفریجرینٹس کا استعمال کیا جاتا ہے تو ایک اندازے کے مطابق ایکوپمنٹ کی پوری لائف پر 25 بلین ٹن CO^2 کے برابر ایمیشن میں کمی لائی جاسکتی ہے۔ توانائی کے حوالے سے موسمیاتی تبدیلی میں ایئر کنڈیشنرز کا زیادہ تر حصہ بجلی کی پیداوار سے گرین ہاؤس گیسوں (GHG) کے اخراج (بنیادی طور پر CO^2) سے آتا ہے۔ عالمی سطح پر، ریفریجریشن دنیا کی کل بجلی کا 15 سے 20 فیصد استعمال کرتا ہے (جسے سیکنڈری ایمیشن کہا جاتا ہے)۔ اس طرح، انرجی ایفیشنسی وہ شعبہ ہے جس میں قلیل مدت میں ایمیشن میں سب سے زیادہ کمی لائی جاسکتی ہے اور اس بناء پر موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لئے ضروری ہے۔

سائنس دان جانتے تھے کہ اوزون کی تہہ کو بحال کرنے میں وقت لگے گا کیونکہ صنعتی انقلاب کے آغاز سے اب تک اور حال ہی میں پچھلی دہائیوں کے دوران انسانوں نے فضاء کو بہت سے خطرناک کیمیکلز سے آلودہ کر دیا ہے۔

مانٹریال پروٹوکول کے تحت مشترکہ کوششوں اور مسلسل بنیاد پر عالمی شراکت کی بدولت، اوزون کی تہہ کی بحالی کا عمل جاری ہے اور توقع ہے کہ 2050-2070 تک یہ بحال ہو جائے گی۔ کیگالی ترمیم زیادہ GWP والے HFCs کو مرحلہ وار ختم کرکے اس عمل کو کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کرے گی، جس سے وقت کے ساتھ گلوبل وارمنگ میں کمی آئے گی اور موسمیاتی تبدیلی سے متعلق مسائل سے نمٹنے میں مدد ملے گی۔

بین الاقوامی سٹینڈرڈز اور ریگولیشنز

بہت سی صنعتوں، تجارتی انجمنوں اور حکومتوں کے لئے ضروری ہے کہ ان کی مصنوعات اور خدمات میں کوالٹی اور سیفٹی کو ایک خاص حد تک یقینی بنانے کے لئے انہیں مارکیٹ میں پیش کرنے سے ایک سٹینڈرڈ یا ریگولیشن کے تقاضے پورے کئے جائیں۔

سٹینڈرڈ ایک دستاویز ہے جس کا اطلاق رضاکارانہ طور پر کیا جاتا ہے۔ اس میں تجربے اور ٹیکنکل ڈویلپمنٹ کے نتائج پر مبنی ٹیکنکل تصریحات شامل ہوتی ہیں۔

سٹینڈرڈ یا "نارم (Norm)" ایک ایسی دستاویز ہے جو اتفاق رائے سے تیار کی جاتی ہے اور ایک تسلیم شدہ ادارہ اس کی منظوری دیتا ہے، جو عام اور بار بار استعمال کے لئے، کچھ سرگرمیوں یا ان کے نتائج کے لئے قواعد، رہنما اصول یا خصوصیات فراہم کرتی ہے، جس کا مقصد کسی خاص حالات میں بہتر سے بہتر کارکردگی یقینی بنانا ہے۔

سٹینڈرڈز کسی بھی سرگرمی میں دلچسپی رکھنے والے اور اس پر کام کرنے والے تمام فریقوں کے درمیان اتفاق رائے کے نتیجے میں طے ہوتا ہے۔ سٹینڈرڈز کے کسی مسلمہ ادارے کی طرف سے ان سٹینڈرڈز کو تسلیم کرنا بھی ضروری ہے۔

بین الاقوامی یا قومی سٹینڈرڈ کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہوتی اور یہ ملکی ریگولیشنز کی جگہ نہیں لے سکتا۔

ریگولیشن ایک ایسی دستاویز ہے جس کا اطلاق لازمی ہوتا ہے۔ ریگولیشنز حکومت یا متعلقہ اتھارٹی کی طرف سے بنائے گئے رولز ہیں جو یہ طے کرتے ہیں کہ کوئی بھی کام کرنے کا طریقہ کیا ہوگا یا اس پر لوگوں کا طرز عمل کیا ہوگا۔ ریگولیشن کا مطلب ہے کسی سرگرمی یا عمل کو کنٹرول کرنا، اور عام طور پر یہ کام رولز یا قواعد کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

نیشنل ریگولیشن سے مراد کوئی سٹینڈرڈ یا کسی سٹینڈرڈ کا کوئی جزو ہے۔ نیشنل ریگولیشن تیار کرتے وقت بین الاقوامی یا علاقائی سطح کے سٹینڈرڈز کو ٹیکنکل ریفرنس کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔

RAC سیکٹر میں، ٹیکنکل سٹینڈرڈز کو اوزون اور گرین ہاؤس گیسوں پر انحصار ختم کرنے کی سرگرمیوں کے ایک اہم عنصر کے طور تسلیم کرنے کا رجحان بڑھ رہا ہے۔ ٹیکنکل سٹینڈرڈز کو اپنانے کے ساتھ ساتھ ان کا موزوں استعمال کیا جائے تو یکساں تعریفیں، رہنما اصول، اصول، معیار، طریقے، عمل یا پراسیس، طریقہ کار یا خصوصیات طے کی جا سکتی ہیں۔

سٹینڈرڈز بین الاقوامی، علاقائی، قومی اور دیگر سطح کی مختلف تنظیمیں وضع کرتی ہیں۔ یہ تنظیمیں حکومتوں، صنعتوں، انجمنوں اور نجی شعبے سے آزاد حیثیت میں کام کرتی ہیں۔

بین الاقوامی اور علاقائی سٹینڈرڈز کی منظوری اکثر قومی سطح پر دی جاتی ہے۔ اس عمل کے دوران، سٹینڈرڈز میں بہترین ملکی ضروریات اور حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے تبدیلیاں بھی کی جا سکتی ہیں۔ بعض صورتوں میں ہو سکتا ہے کہ ایک ملکی لائحہ عمل اپنا لیا جائے اور علاقائی یا بین الاقوامی استعمال کے لئے قومی یا علاقائی سطح کے سٹینڈرڈ کو اپنا لیا جائے۔

کئی بڑی تنظیمیں ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشنگ کی صنعت کے لئے سٹینڈرڈز وضع کر رہی ہیں۔ نیچے دی گئی تصویر میں سٹینڈرڈائزیشن کی بڑی بین الاقوامی تنظیموں کے بارے میں مختصراً بتایا گیا ہے اور قومی اور علاقائی سطح پر سٹینڈرڈائزیشن کی بعض تنظیموں کی مثالیں دی گئی ہیں۔

سٹینڈرڈائزیشن کی بین الاقوامی تنظیموں میں دو بڑی باڈیز یعنی ISO (International Organization for Standardization) اور IEC خاص طور پر قابل ذکر ہیں جو RAC سیکٹر سے متعلق زیادہ تر سٹینڈرڈز وضع کرتی ہیں۔ ان تنظیموں کے درمیان ایک باقاعدہ معاہدے کا مقصد مختلف سٹینڈرڈز کے درمیان باہمی اختلاف اور دوہرے معیارات کی روک تھام کرنا ہے۔

ISO سٹینڈرڈز بنانے والا دنیا کا سب سے بڑا ادارہ ہے جس کے رکن ممالک کی تعداد 162 ہے۔ اس کے علاوہ، ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ کے شعبے کے لئے TC 86 ٹیکنکل کمیٹی بہت اہم ہے۔

HCFC کے متبادل طریقوں اور کم GWP والے متبادل طریقوں کے لئے اہم بین الاقوامی ٹیکنکل سٹینڈرڈز درج ذیل ہیں:

- ✓ ISO 5149 ISO 514 2014:، ریفریجریشن سسٹم اور ہیٹ پمپ- سیفٹی اور ماحول کے تحفظ کی شرائط

ماڈیول نمبر 1-ماحول پر ریفریجرنٹس کے اثرات اور ان سے متعلق ماحول کے ریگولیشنز اور سٹینڈرڈز

پہلا حصہ: تعریفیں، کلاسیفکیشن اور انتخاب کا معیار

دوسرا حصہ: ڈیزائن، کنسٹرکشن، ٹیسٹنگ، مارکنگ اور ڈاکیومنٹیشن

تیسرا حصہ: سائٹ انسٹالیشن

چوتھا حصہ: آپریشن، مینٹی ننس، مرمت اور ریکوری

- ✓ ISO 817 2014:، ریفریجرنٹس—مخصوص کیٹیگری اور سیفٹی کلاسیفکیشن
- ✓ ISO 17584 2010:، ریفریجرنٹس کی پراپرٹیز
- ✓ ISO 11650: ریفریجرنٹ ریکوری اور/یا ری سائیکلنگ ایکوپمنٹ کی پرفارمنس
- ✓ ISO 13043، روڈو ہیکلز-پورٹیبل ایئرکنڈیشننگ (CM) سسٹمز میں استعمال کے لئے ریفریجریشن سسٹمز- سیفٹی کی شرائط
- ✓ ISO 12100 2010:، مشینری کی سیفٹی-ڈیزائن کے عام اصول-رِسک اسیسمنٹ اور رِسک ریڈکشن
- ✓ IEC 60335-2-24 2013:، گھریلو اور اس طرح کے دیگر الیکٹریکل اپلائنسز- سیفٹی روم 2-24: ریفریجریشن اپلائنسز، آئس میکرز اور آئس کرشرز کی خصوصی شرائط
- ✓ IEC 60335-2-40 2016:، گھریلو اور اس طرح کے دیگر الیکٹریکل اپلائنسز- سیفٹی روم 2-40: الیکٹرک ہیٹ پمپ، ایئرکنڈیشنز اور ڈی ہیومیڈیفائر (De-humidifier) کی خصوصی شرائط
- ✓ IEC 60335-2-89 2012:، گھریلو اور اس طرح کے دیگر الیکٹریکل اپلائنسز— سیفٹی پارٹ 2-89: کمرشل ریفریجریشن اپلائنسز جن میں ریفریجرنٹ یونٹ یا کمپریسر لگا ہو یا ریموٹ کام کر رہا ہو، ان کے لئے خصوصی شرائط
- ✓ IEC 60079-29-2 2015:، دھماکہ خیز ماحول—پارٹ 2-29: گیس ڈیٹیکٹرز—آتش گیر گیسوں اور آکسیجن کے لئے ڈیٹیکٹرز کی سلیکشن، انسٹالیشن، استعمال اور مینٹی ننس

HCFC کے متبادل طریقوں اور GWP میں کمی سے متعلق اہم علاقائی ٹیکنکل سٹینڈرڈز درج ذیل ہیں:

- ✓ EN378 2016:37، ریفریجریشن سسٹم اور ہیٹ پمپ— سیفٹی اور تحفظ ماحول کی شرائط

پہلا حصہ: بنیادی شرائط، تعریفیں، کلاسیفکیشن اور انتخاب کا معیار

دوسرا حصہ: ڈیزائن، کنسٹرکشن، ٹیسٹنگ، مارکنگ اور ڈاکیومنٹیشن

تیسرا حصہ: سائٹ انسٹالیشن اور ذاتی تحفظ

چوتھا حصہ: آپریشن، مینٹی ننس، مرمت اور ریکوری

یہ سٹینڈرڈ ISO5149:2014 سے ہم آہنگ ہے۔

- ✓ EN12263، ریفریجریشن سسٹمز اور ہیٹ پمپ—پریشر محدود کرنے والی سیفٹی سوئچنگ ڈیوائسز—شرائط اور ٹیسٹ
- ✓ EN14267 2011:14، ریفریجریشن سسٹم اور ہیٹ پمپ کے لئے پریشر ایکوپمنٹ—پہلا حصہ: ویسلز، عام شرائط
    - ○ دوسرا حصہ: پائپنگ، عام شرائط
- ✓ EN13336 13: ریفریجریشن سسٹم اور ہیٹ پمپ—پریشر ریلیف ڈیوائسز اور ان سے ملحقہ پائپنگ—کیلولیشن کے طریقے

- ✓ EN14511،ایئر کنڈیشنر، لیکوئڈ کولنگ یونٹ اور ہیٹ پمپ جن میں بجلی پر چلنے والے کمپریسر لگے ہوں اور سپیس ہیٹنگ اور کولنگ کے استعمال ہوتے ہوں
- ✓ EN13313،ریفریجریشن سسٹم اور ہیٹ پمپ—عملے کی مہارت
- ✓ RACسیکٹر سے متعلق یورپی یونین کے اہم ریگولیشنز درج ذیل ہیں:
- ✓ فلورینیٹڈ گرین ہاؤس گیس ریگولیشن(EU)No. 517/2014، جنہیں فلورینیٹڈ گیس ریگولیشن کا نام دیا جاتا ہے
- ✓ 2007:(EC) No 1494—ایسی پراڈکٹس اور ایکوپمنٹ کے لیبل اور لیبل کی اضافی شرائط جن میں بعض فلورینیٹڈ گرین ہاؤس گیسیں ہوں
- ✓ EU (EU) 2015/2065:اسٹیبلشمنٹ، یورپی یونین اور یورپی کونسل کے ریگولیشن(EU) No 5017/2014کے مطابق ہو، اور فارمیٹ رکن ریاستوں کے ٹریننگ اور سرٹیفکیشن پروگراموں کے نوٹیفکیشن کے مطابق ہو
- ✓ EU (EU) 2015/2067—سٹیشنری ریفریجریشن، ایئر کنڈیشننگ، اور ہیٹ پمپ ایکوپمنٹ اور فلورینیٹڈ گرین ہاؤس گیس لے کر جانے والے ریفریجریٹڈ ٹرکوں اور ٹریلروں سے متعلق عملے کے افراد کی سرٹیفکیشن کے لئے باہمی منظوری کی کم سے کم شرائط، فلورینیٹڈ گرین ہاؤس گیسوں والے ریفریجریشن، ایئر کنڈیشننگ اور سٹیشنری ہیٹ پمپ ایکوپمنٹ کے لئے کمپنیوں کی سرٹیفکیشن

نیشنل باڈیز، سٹینڈرڈز اور ریگولیشن

قومی سطح پر، بہت سے ممالک کی اپنی نیشنل سٹینڈرڈ باڈیز ہیں۔ یہ عام طور پر علاقائی اور بین الاقوامی تنظیموں کے لئے فوکل پوائنٹس ہوتے ہیں جو معیارات طے کرتے ہیں۔ نیشنل سٹینڈرڈ باڈیز کا بنیادی کردار اپنے سٹینڈرڈز وضع کرنا یا ان کا جائزہ لینا ہے۔ یہ باڈیز آزاد بھی ہو سکتی ہیں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ قومی حکومت کے تحت کام کر رہی ہوں۔ نیشنل سٹینڈرڈز کو عام طور پر علاقائی یا بین الاقوامی سٹینڈرڈز پر برتری حاصل ہوتی ہے۔

پاکستان کی نیشنل سٹینڈرڈائزیشن اتھارٹی "پاکستان اسٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (PSQCA)" ہے۔ PSQCA کے بنیادی کاموں میں نیشنل سٹینڈرڈز وضع کرنا، ان کی پاسداری کا تجزیہ کرنا، پراڈکٹس کی ٹیسٹنگ، میٹرولوجی وغیرہ شامل ہیں۔ PSQCA صنعتی شعبے کی کارکردگی اور ترقی کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ صارفین کے تحفظ کے لئے حکومت کو معیاری پالیسیوں، پروگراموں اور سرگرمیوں کے بارے میں مشورہ دیتا ہے۔

اس کے علاوہ پاکستان میں "نیشنل انرجی ایفیشنسی اینڈ کنزرویشن اتھارٹی (NEECA)" بھی موجود ہے۔ اس کے مینڈیٹ میں توانائی استعمال کرنے والے تمام شعبوں کے لئے انرجی کنزرویشن پروگرام وضع کرنا شامل ہے۔ اس کے علاوہ یہ ادارہ ملک گیر سطح پر انرجی کنزرویشن کی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی اور ان کا آغاز کرتا ہے، انرجی کنزرویشن کے موضوع پر ایک جامع ڈیٹا بیس تیار کرتا ہے، ملک میں EE&C کو باقاعدہ شکل دینے، اسے عملی سرگرمیوں میں اپنانے اور اس پر عملدرآمد یقینی بنانے کے میکنزم طے کرتا ہے۔ اس میں انڈسٹری، بلڈنگ، ٹرانسپورٹ، انرجی (بجلی اور پٹرولیم)، اور زراعت کے شعبوں کے لئے مخصوص اقدامات شامل ہیں۔

ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ (RAC) میں
عمدہ سروس کے عملی طریقوں پر رہنما کتابچہ
(تربیتی کتابچہ)

ماڈیول نمبر 2- ریفریجرنٹس کے بنیادی تصورات

اس ماڈیول میں سروس ٹیکنیشنز کو درج ذیل کے بارے میں معلومات دی جائیں گی:

2.1 بنیادی ISO سٹینڈرڈ یونٹس

2.2 ریفریجریشن سسٹمز کی بنیادی تھیوری

2.3 متعلقہ ڈائیگرام کا استعمال

2.4 ریفریجریشن سسٹم کے کمپونینٹس

2.5 ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ سسٹمز کی انسٹالیشن اور مینٹی ننس کے لئے ایکوپمنٹ اور ٹولز

ISO2.1کے بنیادی سٹینڈرڈ یونٹس (ٹمپریچر، پریشر، ماس، ڈینسٹی، انرجی)

انٹرنیشنل سسٹم آف یونٹس (SI) میٹرک سسٹم کی جدید شکل ہے جو پیمائشوں کے لئے سب سے زیادہ استعمال ہونے والا نظام ہے۔
اس کی سات بنیادی یونٹس ہیں جو نیچے دیئے گئے SI ٹیبل میں بیان کئے گئے ہیں:

SI BASE UNITS		
Name	Symbol	Quantity
meter	m	length
second	s	time
kilogram	kg	mass
ampere	A	electric current
kelvin	K	thermodynamic temperature
candela	cd	luminous intensity
mole	mol	amount of substance

کئی ایسے یونٹ ہیں جو بنیادی SI یونٹس سے اخذ کئے گئے ہیں۔ یہ یونٹس دیگر مخصوص مقداروں کی پیمائش کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ مجموعی طور پر، ان یونٹس کی تعداد 20 ہے اور ہر ایک کا اپنا ایک منفرد نام ہے۔ نیچے دیئے گئے وہ Derivative Units بیان کئے گئے ہیں جو عام طور پر ریفریجریشن میں استعمال ہوتے ہیں۔

SI DERIVED UNITS			
Name	Symbol	Physical quantity	Equivalent SI unit
celsius temperature	°C	temperature	T in [K] – 273,15
joule	J	work, energy, quantity of heat	$kg * m^2/s^2$ or $N * m$
pascal	Pa	pressure, stress	$kg / m*s^2$ or N / m^2
watt	W	power	$kg * m^2/s^3$ or J/s
newton	N	force	$kg * m/s^2$

مثال: پاسکل پریشر کا یونٹ ہے

پریشر اس طریقے سے ظاہر کیا جاتا ہے

$$\frac{\text{Force}}{\text{AREA}} \quad \text{ou} \quad \frac{\text{Stress}}{\text{AREA}}$$

کمپاؤنڈ یونٹ دو عناصر کو ملا کر بنتے ہیں۔نیچے دیئے گئے ٹیبل میں وہ کمپوزٹ یونٹ بتائے گئے ہیں جو عام طور پر ریفریجریشن میں استعمال ہوتے ہیں۔

COMPOUND UNITS		
Name of SI unit	Symbol	Physical quantity
cubic meter	m^3	volume
kilogram per cubic meter	kg/m^3	density
joule per kilogram kelvin	J / kgK	specific heat capacity

بعض اوقات اصل یونٹ کا ملٹیپل (Multiple) بنانے کے لئے پریفیکس ملٹیپلائرز (Prefix Multiplier) کو اس میں شامل کیا جاسکتا ہے۔خیال رہے کہ تمام ملٹیپل کی طاقت مل کر دس بنتی ہے۔نیچے دیئے گئے ٹیبل میں وہ ملٹیپلائر دیئے گئے ہیں جو عام طور پر ریفریجریشن میں استعمال ہوتے ہیں۔

Prefix	Symbol	Multiplier
mega	M	1.000.000
kilo	k	1.000
deca	da	10
deci	d	0,1
centi	c	0,01
mili	m	0,001
micro	µ	0,000001

10kPa = 10.000

مثال: پریشر کا یونٹ پاسکل ہے۔اویپوریٹر (Evaporator) میں پریشر میں 10kPa کی کمی سے کیا ظاہر ہوتا ہے؟

2.2 ریفریجریشن سسٹمز کی بنیادی تھیوری-بنیادی تھرموڈائنامکس (مثال: پیرامیٹرز اور پراسیسز مثلاً سپر ہیٹنگ، ہائی پریشر، کمپریشن کی حرارت، انتھالپی (Enthalpy)، ریفریجریشن کا اثر، سب کولنگ)

ایئر کنڈیشنگ / ریفریجریشن سسٹم کی انسٹالیشن یا مینٹی ننس میں کئی اصطلاحات استعمال کی جاتی ہیں: ہیٹ ٹرانسفر (Heat Transfer)، ایویپوریشن (Evaporation)، کنڈنسیشن (Condensation)، انتھالپی (Enthalpy)، سکشن سپر ہیٹ (Suction Superheat)، کولنگ کیپسٹی (Cooling Capacity) وغیرہ۔

مثال کے طور پر، انتھالپی کیا ہے؟

انتھالپی(H) ایک تھرموڈینامک کوانٹیٹی ہے جو سسٹم کی کل حرارت کا مساوی ہوتی ہے۔ یہ سسٹم کی انٹرنل انرجی اور پریشر اور والیم کے مجموعے کے برابر ہوتی ہے۔

انتھالپی کو "تھرمل کنٹینٹ(Thermal Content)" کہا جاتا ہے۔ یہ کسی مادے میں موجود حرارت کی مقدار کو ظاہر کرتی ہے (کسی خاص ٹمپریچر کے حوالے سے)۔ **سپیسفک انتھالپی (h) کسی خاص مادے کے 1 کلو گرام کے حساب سے بنتی ہے۔**

اس کا مطلب یہ ہوا کہ 0^oC پر پانی کی سپیسفک انتھالپی 0J/kg کے برابر ہوتی ہے، 0^oC سے اوپر انتھالپی کی ویلیو مثبت اور 0^oC سے نیچے منفی ہوتی ہے۔

جہاں تک ریفریجرنٹس کا تعلق ہے تو مختلف کیفیتوں میں یا مختلف ٹمپریچر زپر سپیسفک انتھالپی ویلیوز کسی ڈائیگرام یا ٹیبل کی شکل میں دی جاسکتی ہیں۔

مادہ

مادوں میں تبدیلی کا مرحلہ۔ مادے کو مستقل حرارت یا ٹھنڈک دینے پر یہ تبدیلیوں کے کئی مراحل سے گزرتا ہے۔ مادے کی کیفیت کا انحصار اس کے ٹمپریچر اور اس پر ڈالے جانے والے پریشر پر ہوتا ہے۔ **جب تبدیلی کا مرحلہ آتا ہے تو ٹمپریچر مستقل رہتا ہے یہاں پورے مادے کی کیفیت بدل جاتی ہے۔**



Temperature enthalpy diagram for water

حرارت یا ہیٹ کیا ہے

ایئر کنڈیشننگ یا ریفریجریشن سسٹمز میں ہونے والے پراسیس کو سمجھنے کے لئے بعض اصطلاحات مثلاً حساس (Sensible)، پوشیدہ (Latent)، اور سپر ہیٹ ہیٹ (Superheat heat)، اور اس سے متعلق تصورات کو سمجھنا انتہائی ضروری ہے۔ ان اصطلاحات کی وضاحت کے لئے پانی کی مثال استعمال کی جاتی ہے اور ان اہم اصطلاحات اور تصورات کی وضاحت کے لئے ٹمپریچر/انتھالپی ڈائیگرام نامی ڈائیگرام کا استعمال کیا جاتا ہے۔ "ہیٹ" کی پیمائش کے لئے ریفرنس پوائنٹ کے طور پر سینٹی گریڈ (OC) میں ٹمپریچر اور "تھرمل کنٹینٹ کی پیمائش کے طور پر KJ/kg انتھالپی کا استعمال کیا جاتا ہے۔

اگر 0°C پانی کو حرارت دی جائے تو اس کا تھرمل کنٹینٹ اور ٹمپریچر بڑھتا ہوا معمول کی فضاء کے پریشر پر اس کے نقطہ ابال (100°C) پر پہنچ جائے گا۔

اس پراسیس کے دوران ملنے والی تھرمل انرجی کو حساس حرارت (sensible heat) کہا جاتا ہے۔

جب فلوئڈ اپنے تبدیلی کے مرحلے پر پہنچ جائے تو اسے سیچوریٹڈ فلوئڈ (Saturated Flid) کہا جاتا ہے۔



اگر سیچوریٹڈ فلوئڈ (Saturated Fluid) کو مزید حرارت دی جائے تو یہ مائع سے بخارات میں تبدیل ہونا شروع ہو جائے گا۔ تبدیلی کے اس مرحلے کو اویپوریشن کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر پانی بخارات کی شکل میں اویپوریٹ ہو جاتا ہے۔ اس دوران پانی/سٹیم مکسچر کا ہیٹ کنٹینٹ (Heat Content) بڑھتا ہے لیکن ٹمپریچر وہیں رہ جاتا ہے۔

اس پراسیس کے دوران ملنے والی تھرمل انرجی کو حساس حرارت (sensible heat) کہا جاتا ہے۔

جب مائع ابل کر سارا بخارات میں تبدیل ہو جائے تو اسے سیچوریٹڈ ویپر (Saturated Vapor) کہا جاتا ہے۔



اس عمل کے دوران بننے والی حرارت کو سپر ہیٹنگ کہا جاتا ہے۔

سپر ہیٹنگ فلوئڈ کے نقطہ ابال سے اوپر کوئی بھی ٹمپریچر ہے۔ جہاں تک پانی کا تعلق ہے تو معمول کی فضا کے پریشر پر یہ 100°C سے اوپر کچھ بھی ہو سکتا ہے۔

ویپر کمپریشن ریفریجریشن سائیکل (Vapor Compression Refrigeration Cycle)

ویپر کمپریشن ریفریجریشن سائیکل عام طور پر ریفریجریشن/ایئر کنڈیشنگ سسٹم کے لئے استعمال ہونے والی ایک اصطلاح ہے۔ ویپر کمپریشن سائیکل میں، ٹھنڈا ہونے پر اس جگہ کی حرارت کو جذب کرنے اور اسے سسٹم سے نکالنے کے لئے ریفریجرنٹ استعمال ہوتا ہے۔ ہیٹ ٹرانسفر کے لئے موزوں مناسب حالات پیدا کرنے کے لئے، سائیکل کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے: ایک کم پریشر والا حصہ اور دوسرا زیادہ ہائی پریشر والا حصہ۔ لیکوئڈ (ریفریجرینٹ) مختلف درجہ حرارت پر اپنے نقطہ ابال کو پہنچتے ہیں۔ کسی بھی پریشر پر بوائلنگ پوائنٹ کو **سیچوریشن ٹمپریچر** کہا جاتا ہے۔



کم پریشر والی سائیڈ پر ریفریجرنٹ کے پریشر میں کمی سے اس کے ارد گرد سیچوریشن ٹمپریچر بھی کم ہو جاتا ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ہیٹ ریفریجرنٹ کے اویپوریٹر میں چلی جاتی ہے، جس کی وجہ سے یہ بخارات بن کر توانائی کو جذب کرتی ہے جسے **لیٹنٹ ہیٹ آف ویپورائزیشن**(Latent Heat of Vaporization) کہا جاتا ہے۔

ہائی پریشر والی سائیڈ پر ریفریجرنٹ کا دباؤ بڑھادیا جاتا ہے تاکہ اس کا سیچوریشن ٹمپریچر اس کے سے زیادہ ہو۔ ریفریجرنٹ کنڈنسنگ کرتا ہے اور **لیٹنٹ ہیٹ** کو باہر (پانی) میں نکال دیتا ہے۔

ریفریجرنٹ اپنے ویپر کمپریشن سائیکل میں ایک بند لوپ کی شکل میں مستقل اویپوریشن، کمپریشن، کنڈنسنگ اور ایکسپینشن کرتا رہتا ہے جس سے ہیٹ کی مناسب منتقلی کا عمل جاری رہتا ہے۔ اس سائیکل کو مکمل کرنے کے لئے اس میں چار بڑے اجزاء کا ہونا ضروری ہے:

- ✓ **اویپوریٹر**(Evaporator)
- ✓ **کمپریسر**(Compressor)
- ✓ **کنڈنسر**(Condenser)
- ✓ **پیمائشی آلہ**(expansion devices)

2.3 متعلقہ سکیموں کا استعمال (پریشر انتھالپی ڈائیگرام، سنگل کمپریشن ریفریجریشن سائیکل کی ڈائیگرام) ریفریجریشن کی تھرموڈائنامک ٹرانسفارمیشن

کولنگ کے عمل کو بیان کرنے کے لئے ریفریجریشن اور ایئرکنڈیشنگ سسٹمز میں انتھالپی اںڈر پریشر ڈائیگرام استعمال کیا جاتا ہے۔ خیال رہے کہ ہر ریفریجرینٹ کا اپنا پریشر انتھالپی ڈائیگرام ہوتا ہے۔ نیچے دیئے گئے ٹیبل میں، پریشر-انتھالپی ڈائیگرام یا مولیئر ڈائیگرام(Mollier Diagram) کو تمام متعلقہ لائنوں کے ساتھ دکھایا گیا ہے (یعنی پریشر، انتھالپی، ٹمپریچر سیچوریٹڈ فلوئڈ، اور ویپر لائنز اور ریفریجرینٹ کا کریٹیکل پوائنٹ)۔



جیسا کہ پہلے بھی ذکر ہو چکا ہے، ویپر کمپریشن ریفریجریشن سسٹم میں، چار پراسیس ہوتے ہیں: اویپوریشن،، کمپریشن، کنڈنسیشن اور ایکسپنشن۔

اویپوریشن

اویپوریشن پراسیس کے دوران، بخارات بنانے والے ریفریجرینٹ کے ارد گرد کی جگہ کا درجہ حرارت کم ہو جاتا ہے کیونکہ یہ تھرمل انرجی کو ریفریجرینٹ میں منتقل کرتا ہے۔البتہ مؤخر الذکر کا درجہ حرارت مستقل رہتا ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ ریفریجرنٹ **سیچوریٹڈ ٹمپریچر** پر ہوتا ہے اور جذب ہونے والی تھرمل انرجی اسے مائع سے بخارات میں تبدیل کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہے۔اس طرح استعمال ہونے والی تھرمل انرجی کو لیٹنٹ ہیٹ کہا جاتا ہے۔جب تمام لیکوئیڈ بخارات کی شکل میں اڑ جاتا ہے، تو اسے **سیچوریٹڈ ویپر** کہا جاتا ہے۔اگر اس میں کسی بھی طرح اضافی ہیٹ شامل ہو گی تو بھاپ کا ٹمپریچر بڑھنے لگے گا—یہ اوور ہیٹ ہو جائے گا۔

کمپریسر سکشن اویپوریٹر کے اندر کم پریشر/کم ٹمپریچر والے ماحول کو برقرار رکھتا ہے۔اگر ریفریجرنٹ کا دباؤ کم ہے، تو اس کے اویپوریشن اور سیچوریشن کے ٹمپریچر بھی کم ہوں گے۔اس کے برعکس، پریشر زیادہ ہو گا تو اویپوریشن اور سیچوریشن کے ٹمپریچر بھی زیادہ ہوں گے۔یہ اصول ویپر کمپریشن سائیکل پر بھی لاگو ہوتا ہے۔

ریفریجرینٹ کو پیمائشی آلے (expansion) کے ذریعے اویپوریٹر میں داخل کیا جاتا ہے۔جیسے ہی یہ اندر جاتا ہے، یہ ہائی پریشر/ہائی ٹمپریچر لیکوئیڈ سے ہلکے بخارات والے لو پریشر/لو ٹمپریچر لیکوئیڈ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

لازمی بات ہے کہ پریشر میں کمی کی وجہ سے، ریفریجرنٹ کا سیچوریشن ٹمپریچر ٹھنڈک والے زون کے مقابلے میں قدرے کم ہوگا۔اس کی وجہ سے ریفریجرنٹ بخارات بن جاتا ہے اور بہت زیادہ مقدار میں لیٹنٹ ہیٹ کو جذب کرتا ہے، جس سے اویپوریٹر میں گردش کرنے والی ہوا(پانی) ٹھنڈی ہو جاتی ہے۔ریفریجرنٹ جب بخارات کے مرحلے کے اختتام پر پہنچ جاتا ہے، تو اس وقت تک اسے مکمل طور پر بخارات میں تبدیل ہو جانا چاہئے تاکہ لیکوئڈ، کمپریسر میں داخل نہ ہو اور اسے نقصان نہ پہنچائے۔آپریشن کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لئے، کمپریسر میں داخل کرنے سے پہلے ریفریجرنٹ کو ہلکا سا اوور ہیٹ کیا جاتا ہے۔

کسی جگہ کو ایک خاص درجہ حرارت پر ٹھنڈا کرنے کے لئے، ریفریجرنٹ کا سیچوریشن ٹمپریچر، اس جگہ سے کم ہونا چاہئے جسے ٹھنڈا کرنا ہے۔**ایئر کنڈیشننگ سسٹم اچھے طریقے سے بنا ہو اور اس کی مینٹی ننس کا پورا خیال رکھا جائے، تو ریفریجرنٹ اس جگہ کی نسبت 6-10K(ڈگری کیلوِن) کم ہونا چاہئے جسے ٹھنڈا کرنا ہے۔اگر سسٹم ٹمپریچر کے بہت زیادہ فرق پر چلے گا تو ہو سکتا ہے کہ ریفریجرنٹ کو کچھ نقصان پہنچے۔**

ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ سسٹم میں استعمال ہونے والی ایک اور اہم اصطلاح **سکشن سپر ہیٹ (Suction Superheat)** ہے۔

سیچوریٹڈ اویپوریشن ٹمپریچر اور کمپریسر سکشن کے اصل ٹمپریچر (جو اویپوریٹر سے نکل رہا ہے) کے درمیان فرق کو اوور ہیٹنگ کہا جاتا ہے۔ریفریجریشن سسٹمز میں سکشن سپر ہیٹنگ بہت اہم ہے اور اسے 6K اور 8K (ڈگری کیلوِن) کے درمیان رکھا جانا چاہیے۔

اویپوریشن کے لئے درکار لیٹنٹ ہیٹ انرجی اویپوریٹر کے ارد گرد جو جگہ ٹھنڈی ہو جاتی ہے اس سے ملتی ہے۔اویپوریٹر میں ریفریجرنٹ سے منتقل ہونے والی ہیٹ کی مقدار کو **تھرمل لوڈ** کہا جاتا ہے۔

کمپریشن (Compression)

اویپوریشن کے بعد، ریفریجرینٹ اپنے سائیکل کے سٹیج 2 یعنی کمپریشن میں آ جاتا ہے۔کمپریسر، کمپریشن کے دباؤ کو بڑھاتا ہے۔کمپریشن کا عمل ریفریجرنٹ کے بخارات کو سپر ہیٹ کرتا ہے اور اس کے سیچوریٹڈ ٹمپریچر کو کنڈنسر کے ارد گرد موجود ہوا (پانی) سے زیادہ کر دیتا ہے۔کمپریسر جب اپنا کام کرتا ہے تو یہ اویپوریٹر میں ماحول کے کم پریشر/کم ٹمپریچر کو بھی برقرار رکھتا ہے اور سسٹم کے گرد ریفریجرنٹ کی سرکولیشن کو یقینی بناتا ہے۔

کنڈنسیشن (Condensation)

کمپریشن کے بعد، ریفریجرنٹ کنڈنسیشن سائیکل کے سٹیج 3 پر پہنچ جاتا ہے۔ریفریجرنٹ جب کنڈنسر میں داخل ہوتا ہے، تو یہ سپر ہیٹ کی گئی، ہائی پریشر/ہائی ٹمپریچر بھاپ کی شکل میں ہوتا ہے۔لازمی بات ہے کہ اس کا سیچوریشن ٹمپریچر باہر کی ہوا (پانی) سے زیادہ ہے۔شروع میں کنڈنسر میں ریفریجرینٹ کے بخارات کے ٹمپریچر میں کمی واقع ہوتی ہے، کیونکہ ریفریجرنٹ کا ویپر کمپریسر پریشر کی وجہ سے بننے والی ہیٹ کے باعث سپر ہیٹ شکل میں ہوتا ہے، جسے یہاں ختم کیا جائے گا۔اس کے بعد بھاپ اپنے سیچوریٹڈ ٹمپریچر تک پہنچ جاتی ہے۔یہ ٹمپریچر عام طور پر ارد گرد کی ہوا کے ٹمپریچر سے 15-20K زیادہ ہوتا ہے، اس لئے ریفریجرنٹ کی کنڈنسیشن شروع ہو جاتی ہے۔دوسرے لفظوں میں، یہ بخارات سے مائع میں تبدیل ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

کنڈنسیشن پراسیس دوران، جب سپر ہیٹ کو ختم کیا جاتا ہے تو بخارات ٹھنڈے ہو کر سیچوریشن ٹمپریچر پر آ جاتے ہیں۔پھر ریفریجرنٹ کا درجہ حرارت تبدیل نہیں ہوتا۔جیسے جیسے کنورژن کا یہ عمل آگے بڑھتا ہے، کنڈنسیشن کے دوران چھوڑی گئی لیٹنٹ ہیٹ انرجی باہر کی ہوا (پانی) میں خارج ہو جاتی ہے۔

کنڈنسیشن کے مرحلے کے آخر میں ریفریجرنٹ کی مکمل طور پر کنڈنسیشن ہوگی تاکہ یہ میٹرنگ ڈیوائس (ایکسپینشن) تک پہنچنے سے پہلے مائع بن جائے۔اس مقصد کے لئے سسٹم میں لیکوئڈ کافی مقدار میں رکھا جاتا ہے اور کنڈنسر اور پیمائشی آلے (ایکسپینشن) کے درمیان پیدا ہونے والی **سب کولنگ** سے بھی یہ کام لیا جاتا ہے۔

ماڈیول نمبر 2-ریفریجریٹس کے بنیادی تصورات

سب کولنگ ایک ایسا عمل ہے جو ریفریجرینٹ کو سیچوریشن ٹمپریچر سے نیچے ٹھنڈا کرتا ہے۔ سب کولنگ قدرتی طور پر کنڈنسر میں یا لیکوئڈ لائن اور لیکوئڈ رسیور میں سیچوریشن ٹمپریچر سے کم ٹمپریچر پر بھی واقع ہو سکتی ہے۔

بہتر طریقہ یہی ہے کہ ایئر کنڈیشننگ اور ریفریجریشن سسٹم میں سب کولنگ 2-3K (ڈگری کیلون) پر رکھی جائے۔

ایکسپینشن (Expansion)

کنڈنسیشن کے بعد، ریفریجرینٹ سائیکل کا سٹیج 4 یعنی ایکسپینشن آجاتا ہے—پیمائشی آلہ (ایکسپینشن) اویپوریٹر میں ریفریجرینٹ لیکوئڈ کے بہاؤ کی شرح کو کنٹرول کرتا ہے، جس کا تعین ہیٹ لوڈ سے ہوتا ہے تاکہ ہیٹ لوڈ کی مقدار اویپوریٹر میں اس کی اویپوریشن کی رفتار کے متناسب رہے۔

اس کے علاوہ، میٹرنگ (ایکسپینشن) ڈیوائس، کنڈنسر اور اویپوریٹر کے درمیان پریشر کے فرق کو برقرار رکھتی ہے، تاکہ ریفریجرنٹ کا سیچوریشن ٹمپریچر کنڈنسر میں موجود ہوا اور اویپوریٹر میں اس جگہ کے ٹمپریچر سے زیادہ رہے جسے ٹھنڈا کرنا ہے۔

میٹرنگ ڈیوائس کے لئے عام طور پر تھرموسٹیٹک ایکسپینشن والو (TEV) یا کیپلیری/اوریفائس ٹیوب (Capillary/ orifice tube) سے کام لیا جاتا ہے، البتہ الیکٹرانک ایکسپینشن والوز بھی تیزی سے مقبول ہو رہے ہیں۔

اویپوریٹر کے ذریعے ریفریجرنٹ کے بہاؤ کو کنٹرول کرنے سے ایک ایسا نظام بن جاتا ہے جو ریفریجریشن سسٹم کی کنڈیشن کو صحیح رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ البتہ اگر ریفریجرینٹ بہت بڑی مقدار میں اویپوریٹر میں داخل ہو جائے تو عین ممکن ہے کہ یہ پوری طرح بخارات میں تبدیل نہیں ہو گا۔ نتیجہ یہ نکلے گا کہ لیکوئڈ کمپریسر میں داخل ہو جائے گا اور یہ کام کرنا چھوڑ دے گا۔

اگر میٹرنگ (ایکسپینشن) ڈیوائس کے ذریعے ریفریجرنٹ بہت کم مقدار میں داخل کیا جائے تو اویپوریٹر کے شروع میں ہی یہ سارے کا سارا بخارات بن کر اڑ جائے گا اور اویپوریٹر کا زیادہ تر حصہ بہت زیادہ گرم بخارات سے بھر جائے گا۔ جو جگہ ٹھنڈی ہوئی ہو گی وہ بھی گرم ہو جائے گی اور کمپریسر میں بہت زیادہ گرم بھاپ کے بہاؤ سے یہ اوور ہیٹ ہو جائے گا۔

اوپر بیان کئے گئے تصورات کو نیچے دی گئی تصویر میں پریشر/انتھالپی ڈائیگرام میں دکھایا گیا ہے۔



پریشر/انتھالپی ڈائیگرام میں دیکھا جاسکتا ہے کہ کمپریشن کے عمل کے دوران ریفریجرینٹ کے بخارات کے پریشر اور ٹمپریچر میں اضافہ ہو رہا ہے۔

کمپریسر کا **کوایفیشنٹ آف پرفارمنس** (COP) درج ذیل کا تناسب ہے:

$$\frac{\text{Refrigeration output (or capacity)}}{\text{Power input (or work done)}} \quad \text{in KW}$$



COP جتنا زیادہ ہوگا، کمپریسر اتنا بہتر کام کرے گا

پریشر/انتھالپی ڈائیگرام میں بھی دیکھا جاسکتا ہے کہ کنڈنسر میں مستقل پریشر سے حرارت نکل رہی ہے۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ریفریجرنٹ کو کس طرح ٹھنڈا یا **ڈی سپر ہیٹ (de-superheat)** کیا جاتا ہے اور پھر کنڈنسیشن کے ذریعے اسے لیکوئڈ میں تبدیل کیا جاتا ہے۔اس عمل کے دوران خارج ہونے والی تھرمل انرجی کنڈنسر کے ارد گرد ہوا (پانی) میں خارج ہو جاتی ہے۔ہیٹ پمپ ہوا یا/پانی کو گرم کرنے کے لئے تھرمل انرجی فراہم کرتا ہے۔

ہیٹ پمپ کا **انرجی ایفیشنسی ریشو (Energy Efficiency Ratio (EER))** درج ذیل کا تناسب ہے:

$$\frac{\text{Heat output}}{\text{Total system power input}} \text{ in KW}$$

EER جتنا زیادہ ہوگا، ہیٹنگ سسٹم اتنا بہتر کام کرے گا۔

2.4 ریفریجرنٹ سسٹم کے کمپونٹس-(مثال: کمپریسر، کنڈنسر، تھرموسٹیٹک ایکسپینشن والو، اویپوریٹر، والو، ٹمپریچر اور پریشر ریگولیٹرز، لیول اور ہیومیڈٹی انڈیکیٹرز (Humidity Indicators)، آئل کنڑول سسٹمز، ریفریجرنٹ فلٹر، ڈرائیر، ریسیور، وغیرہ)

چار بنیادی اجزاء کے علاوہ، ہر ویپر کمپریشن ریفریجریشن سسٹم میں بعض دیگر کمپونٹس بھی ہوتے ہیں۔ نیچے دی گئی تصویر میں ریفریجریشن سسٹم کے کمپونٹس کو دکھایا گیا ہے۔



1	Compressor	8	Filter / dryer
2	Servicing valve	9	Refrigerant sight glass with moisture indicator
3	Oil separator	10	Thermostatic expansion valve
4	Condenser	11	Evaporator
5	Refrigerant receiver	12	Servicing valve
6	Servicing valve	13	Suction accumulator
7	Solenoid valve	14	Servicing valve

A	Discharge line – high pressure side (vapour)	D	Evaporator inlet pipe – liquid line (low pressure)
B	Exiting pipe of the condenser – liquid line	E	Suction line – low pressure side
C	Liquid line		

ماڈیول نمبر2-ریفریجرنٹس کے بنیادی تصورات

کمپریسر

مکینکل کمپریسر اصل میں ویپر کمپریشن سائیکل میں وہی کام کرتا ہے جو انسانی جسم میں دل کا ہوتا ہے۔

کمپریسر کے دو بڑے کام ہیں:

- ✓ یہ کولنگ سسٹم میں ریفریجریشن کو پمپ کرتا ہے
- ✓ گیس والے ریفریجرنٹ کی کمرپشن کرتا ہے

کمپریسر عام طور پر دو کیٹیگریز کے ہوتے ہیں:

- ✓ ہرمیٹک(Hermatic)
- ✓ نان ہرمیٹک(Non Hermatic/ semi hermatic or open)

گیس کو کمپریس کرنے کے کئی طریقے ہیں۔ گزشتہ کچھ عرصے کے دوران کئی طرح کے کمپریسر دریافت ہو چکے ہیں۔ ہر ریفریجرنٹ میں بخارات کا پریشر بنانے کے لئے اپنا طریقہ استعمال کیا جاتا ہے جو اپنی جگہ باکمال ہوتا ہے۔ گیس کمپریشن مشینوں کی کلاسیفیکشن کا اصول نیچے دی گئی تصویر میں دکھایا گیا ہے۔



ویپر کمپریشن سسٹمز میں استعمال ہونے والے کمپریسر کی پانچ اقسام درج ذیل ہیں:

1. سکرول (Scroll)
2. سکریو (Screw)
3. متبادل (Alternative)
4. روٹری (Rotary)

5. سنٹری فیوگل (Centrifugal)

(a) Hermetic scroll compressor

working principle of scroll compressor



(b) Semi hermetic twin screw compressor

working principle of twin screw compressor



(b) Semi hermetic single screw compressor



working principle of single screw compressor



(c) Semi hermetic reciprocating compressor

(c) Hermetic reciprocating compressor

working principle of reciprocating compressor



(d)روٹری کمپریسر روٹری کمپریسر کے کام کرنے کے اصول

(e)سنٹری فیوگل کمپریسر (Centrifugal compressor)





سنٹری فیوگل کمپریسر کے کام کرنے کا طریقہ





سروس والو

ایئر کنڈیشنگ یا ریفریجریشن سسٹم/انسٹالیشن کی ڈیزائننگ اور مینوفیکچرنگ والو کی مینٹی ننس کے بغیر نہیں ہو سکتی۔ والو کی کئی اقسام ہیں: ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشنگ سسٹمز میں نیڈل والو مینٹی ننس(Needle Valve Maintenance) کا استعمال سب سے زیادہ ہے۔ نیچے دی گئی تصویر میں مختلف اقسام میں دستیاب سروس والوز کی وضاحت کی گئی ہے۔

آئل سیپریٹر (Oil Separator)

کمپریشن کے عمل کے دوران، ریفریجرنٹ تیل کے قطروں کو بھی جذب کرتا ہے۔ کمپریسر کی محفوظ اور درست کارکردگی کو یقینی بنانے کے لئے، تیل کو صحیح لیول پر اور اس طریقے سے رکھنا انتہائی ضروری ہے کہ تیل سسٹم میں واپس آئے۔ اس آپریشن کے لئے، آئل سیپریٹرز کا استعمال ضروری ہے۔ ذیل کی تصویر میں دو بنیادی قسم کے آئل سیپریٹرز دکھائے گئے ہیں۔



کنڈنسر (Condenser)

کنڈنسر، ریفریجریشن/ایئر کنڈیشننگ سسٹم کے بنیادی اجزاء میں سے ایک ہے۔ عام طور پر کنڈنسرز کو دو کیٹیگریز میں تقسیم کیا جاتا ہے:

- ایئر کولنگ (ارد گرد کی ہوا کی حرارت کو زائل کرتا ہے)
- واٹر کولنگ (حرارت کو پانی میں زائل کرتا ہے اور اس حرارت کو واٹر ٹاور یا گراؤنڈ کے ذریعے ارد گرد کی ہوا میں زائل کرتا ہے)

Water cooled condenser

Air-cooled condenser

ریفریجرنٹ ریسیور (Refrigerant Receiver)

یہ کمپونٹ زیادہ تر ریفریجریشن سسٹم میں مل جاتا ہے۔ یہ سائیڈ ویز/لیٹرل سائیڈ سے ریفریجرنٹ لیتا ہے اور صرف ریفریجرنٹ کو ایکسپینشن ڈیوائس سے گزرنے کی اجازت دیتا ہے۔ اس کمپونٹ کی انسٹالیشن کنڈنسر کے بعد کی جاتی ہے۔



سیلینائیڈ والو (Selenoid Valve)

سیلینائیڈ والو کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ عام طور پر یہ والو فلٹر/ڈرائیر کے فرنٹ پر لگایا جاتا ہے تاکہ ریفریجرنٹ کے بہاؤ کو آن/آف کیا جا سکے۔ یہ ہر طرح کے ریفریجرنٹ کے لئے یونیورسل ہوتے ہیں اور زیادہ تر بند حالت میں ملتے ہیں۔

فلٹر۔ڈرائر (Filter – Dryer)

فلٹر ڈرائر، سسٹم کی قابل اعتبار کارکردگی اور اس کی سروس لائف میں بہت اہم ہے۔ اس کا بنیادی کام یہ ہے کہ یہ نمی کے ساتھ ساتھ نامیاتی (Organic) اور غیر نامیاتی (Inorganic) تیزاب کو فوری اور عمدہ طریقے سے جذب کرتا ہے۔

سائٹ گلاس اور نمی ظاہر کرنے والا انڈیکیٹر (Sight Glass with Humidity Indicator)

یہ کمپونٹ ریفریجرینٹ کے بہاؤ/ تیل کی واپسی کو دیکھنے اور سسٹم کے اندر موجود نمی کی نشاندہی کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ریفریجرنٹ میں نمی کے بہاؤ کی شرح کو ظاہر کرتا ہے (مثال کے طور پر، اگر بہت زیادہ بلبلے بن رہے ہوں تو ظاہر ہوتا ہے کہ ریفریجرنٹ ضائع ہو رہا ہے/سب کولنگ کم ہے)۔

پیمائشی آلہ یا ایکسپینشن (Measuring Device [expansion])

یہ سسٹم اویپوریٹر میں داخل کئے جانے والے ریفریجرنٹ لیکوئڈ کی مقدار کو کنڑول کرتا ہے۔

یہ ریفریجریشن/ایئر کنڈیشنگ سسٹم کے اندر موجود چار اہم اجزاء میں سے ایک ہے۔ عام طور پر استعمال ہونے والے پیمائشی آلات (ایکسپنشن) درج ذیل ہیں:

- ✓ کیپلری ٹیوب (Capillary Tube)



تھرموسٹیٹک ایکسپینشن والو

کیپلری ٹیوب



ڈوزنگ ڈیوائس (ایکسپینشن)[Dosing device (expansion)] اویپوریٹر کے اِنلیٹ (Inlet) پر لگی ہوتی ہے لیکن پاور ایلیمنٹ (بلب) اویپوریٹر کے آؤٹ لیٹ پر ہوتا ہے۔

مکینکل ایکسپینشن والو کی ایڈجسٹمنٹ

الیکٹرانک طریقے سے کنٹرول ہونے والا ایکسپینشن والو

اویپوریٹر (Evaporator)

یہ ریفریجریشن/ایئر کنڈیشننگ سسٹمز اور ایکویپمنٹ کا ایک اور اہم جزو ہے۔ کنڈنسر کی طرح، اویپوریٹر کو بھی مندرجہ ذیل طور پر تقسیم کیا جا سکتا ہے:

- ✓ کولڈ ایئر(cooled air)(ارد گرد کی ہوا سے حرارت کو جذب کرتی ہے)
- ✓ واٹر کولنگ(water cooling)(پانی سے حرارت کو جذب کرتی ہے)

اس تقسیم کی ایک اور کیٹیگری درج ذیل ہے:

- ✓ DX–ڈرائی اویپوریٹر(Dry Evaporator)(بریز پلیٹ(brazed plate)، شیل اور ٹیوب(shell and tube)،ٹیوب اِن ٹیوب (tube in tube)وغیرہ)
- ✓ فلڈڈ اویپوریٹر (Flooded evaporator)

Air cooled evaporator

Shell and tube direct expansion evaporator



Brazed plate direct expansion evaporator

نیچے دی گئی تصویر میں، شیل اور ٹیوب ڈائریکٹ ایکسپینشن ایویوریٹر اور فلڈڈ اویپوریٹر کے درمیان فرق دکھایا گیا ہے۔



(a) Flooded type evaporator (b) Dry expansion type evaporator

سکشن ایکیومولیٹر (Suction Accumulator)

جیسا کہ پہلے بھی ذکر ہو چکا ہے، کمپریسر کو نقصان پہنچنے سے روک تھام کے لئے صرف گیس فیز ریفریجرنٹ ہی کمپریسر کے سکشن پر داخل ہو سکتا ہے۔ سکشن ایکیومولیٹر ایسا کمپونٹ ہے جو لیکوئڈ (قطروں کی شکل میں) ریفریجرنٹ کو کمپریسر کے سکشن میں داخل ہونے سے روکتا ہے۔

حفاظتی آلات (سیفٹی کمپوننٹس) [Safety devices (safety components)]

ریفریجریشن/ایئرکنڈیشننگ سسٹم کوئی بھی ہو اس میں کچھ حفاظتی آلات ہوتے ہیں۔

کم اور زیادہ پریشر کے سیفٹی سوئچز (Low and high pressure safety switches)



سسٹم میں لگے ہوئے حفاظتی آلات خودکار(self-regenerating) بھی ہو سکتے ہیں جس کا انحصار ڈیفرنشیل پریشر کلیئرنس(Differential pressure clearance) یا مکینکل ری سیٹ آپشن(Mechanical Reset Option) پر ہوتا ہے۔ یہ آلات سسٹم کو کم یا زیادہ پریشر سے محفوظ رکھتے ہیں۔

یہ آلات مکینکل بھی ہو سکتے ہیں(اوپر دی گئی تصویر دیکھیں)اور الیکٹریکل بھی(نیچے دی گئی تصویر دیکھیں)۔

- ✓ سیفٹی سوئچ اور آئل ڈیفرنشیل پروٹیکشن (Safety switches with oil differential protection)

اس پریشر سوئچ کا مقصد کمپریسر کو لبریکنٹ آئل کے کم پریشر سے محفوظ رکھنا ہے۔ یہ ایک طرف کم پریشر اور دوسری جانب آئل پریشر کی پیمائش کرتا ہے۔ اگر آئل پریشر کام کرنا چھوڑ دے تو پہلے سے مقرر کیا گیا وقت پورا ہونے پر کمپریسر بند ہو جائے گا۔

سوئچ فلو سوئچ (Switch flow switch)

اگر اویپوریٹر میں پانی استعمال کیا گیا ہو، تو واٹر فلو سوئچ ایک بنیادی حفاظتی جزو کا کام کرتا ہے۔ یہ اویپوریٹر کے ذریعے پانی کا بہاؤ کم ہونے پر سسٹم کو محفوظ رکھنے کے لئے کام کرتا ہے۔

سیفٹی والو (Safety Valve)

سسٹم میں کسی بھی وجہ سے پریشر اگر بہت زیادہ بڑھ جائے تو سیفٹی والو ریفریجریشن/ایئر کنڈیشنگ سسٹم کو محفوظ رکھتا ہے۔اگر سسٹم کا پریشر سیفٹی کی نازک حد سے بڑھ جائے، تو والو کھل جائے گا اور ریفریجرینٹ کو فضا میں چھوڑ دے گا یہاں تک کہ سسٹم کے اندر کا پریشر کم ہو جائے گا۔

2.5 ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشنگ سسٹم کی انسٹالیشن اور مینٹی ننس کے ایکوپمنٹ اور آلات

ریفریجریشن یا ایئر کنڈیشنگ ایکوپمنٹ کی انسٹالیشن، مینٹی ننس یا ڈی کمیشننگ کے دوران، ہم مختلف قسم کے آلات استعمال کرتے ہیں۔ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشنگ میں بڑے پیمانے پر استعمال ہونے والے آلات یہ ہیں:

- ✓ ریفریجرنٹ کے ہوز (ہوز، اڈاپٹر اور والو)

نوٹ: ریفریجرنٹ ہوز کو یونٹ، سلنڈر یا مینی فولڈ(manifold) کے ساتھ لگانے سے پہلے سیلنگ کے عناصر کو چیک کرنا بہت اہم ہے۔



دو طرح کے کلیکٹر بہت زیادہ استعمال ہوتے ہیں: مکینکل یا ڈیجیٹل (الیکٹرانک)۔

ڈیجیٹل (الیکٹرانک)

مکینکل

✓ ریفریجرنٹ ریکوری یونٹ

✓ مینٹی ننس سلنڈر



ویکیوم پمپ

✓ ویکیوم گیج

مکینکل

الیکٹرانک

✓ آئل پمپ

✓ ریفریجرنٹ سکیل

- ✓ ٹیوب ایکسپینڈر

- ✓ فلیئرنگ ٹول(Flaring Tool)

- ✓ ٹیوب کٹر(Tube Cutter)، کیپلری ٹیوب کٹر(Capillary Tube Cutter)،ریمر اور ڈیبرنگ(Reamer and Deburring)

✓ بینڈنگ ٹیوب(Bending Tube)



✓ نائٹروجن سلنڈر

اوکسی ایسیٹا ئلین بریزنگ ایکوپمنٹ (Oxy-acetylene brazing equipment)

✓ شریڈروالوکورریموول ٹول (Schrader Valve Core Removal Tool)

✓ وائز گرِپ اورایڈ جسٹیبل رینچ (Vise grips and the adjustable wrench)

✓ ملی میٹرڈیجیٹل اورالیکٹرانک آٹومیٹک رینج تھرمامیٹر

(Millimeter digital and electronic automatic range thermometer)

✓ انیمومیٹراور تھرمامیٹر (Anemometer and Thermometer)

الیکٹرانک لیک ڈیٹیکٹر(Electronic Leak Detector)

✓ ریفریجرنٹ اینالائزر (Refrigrent Analyzer)



ریفریجریشن ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ (RAC) میں

عمدہ سروس کے عملی طریقوں پر رہنما کتابچہ

(تربیتی کتابچہ)

ماڈیول نمبر 3—ریفریجرنٹ فلوئڈز

اس ماڈیول میں سروس ٹیکنیشنز کو درج ذیل کے بارے میں **معلومات** دی جائیں گی:

3.1 ریفریجریشن کی کلاسیفکیشن اور مارکنگ

3.2 ماحول پر ریفریجرنٹ کے اثرات (ODP اور GWP)

3.3 ریفریجرنٹ سیفٹی کلاسیفکیشن، ڈائریکٹ اور ان ڈائریکٹ سسٹمز

3.4 ریفریجرنٹ پراپرٹیز (پیور ریفریجرنٹ، بلینڈ، سیچوریشن ٹیبل)

3.5 ریفریجریشن لبریکنٹس (ریفریجرنٹ لبریکنٹس کا کام، عام ریفریجریشن آئل کی اقسام، تیل کے استعمال سے پیدا ہونے والے مسائل

3.1 ریفریجریشن کی کلاسیفکیشن اور مارکنگ

ابتدائی طور پر، جب 19 ویں صدی کے وسط میں جدید ریفریجریشن سسٹم کا تصور سامنے آیا تو ورکنگ فلوئڈ (Working Fluid) یا "ریفریجرنٹ" کے طور پر استعمال ہونے والے فلوئڈز کی تعداد کم تھی۔ ان میں امونیا، کاربن ڈائی آکسائیڈ، سلفر ڈائی آکسائیڈ، میتھائل کلورائیڈ اور ایتھل ایتھر شامل تھے۔ تاہم زہریلے پن (Toxicity)، آتش گیر خاصیت (Inflammability) اور پریشر کے مسائل کی وجہ سے، ان ریفریجرینٹس کی جگہ اب زیادہ تر ایک نئی طرز کے ریفریجرنٹ آ گئے ہیں جو ردعمل میں کم ہیں (low-reactive)، کم زہریلے ہیں (low-toxic)، اور ایک طرح سے آتش گیر خاصیت سے پاک فلورو کیمیکل (flammability-free fluorochemicals) ہیں۔

نیچے دی گئی تصویر میں ریفریجرینٹس میں استعمال ہونے والے کیمیائی عناصر کی فہرست دی گئی ہے۔



	8	7	6	5	4	3	2	1	0
1								1 H 1.008	2 He 4.003
2		3 Li 6.941	4 Be 9.012	5 B 10.81	6 C 12.01	7 N 14.01	8 O 16.0	9 F 19.0	10 Ne 20.18
3		11 Na 22.99	12 Mg 24.31	13 Al 26.98	14 Si 28.09	15 P 30.97	16 S 32.06	17 Cl 35.45	18 Ar 39.95
4	28 Ni 58.71	29 Cu 63.55	30 Zn 65.37	31 Ga 69.72	32 Ge 72.59	33 As 74.92	34 Se 78.96	35 Br 79.90	36 Kr 83.8
5	46 Pd 106.4	47 Ag 107.9	48 Cd 112.4	49 In 114.8	50 Sn 118.7	51 Sb 121.8	52 Te 127.6	53 I 126.9	54 Xe 131.3
6	78 Pt 195.1	79 Au 197.0	80 Hg 200.6	81 Tl 204.4	82 Pb 207.2	83 Bi 209	84 Po 210	85 At (210)	86 Rn (222)

ریفریجریٹس کو دو گروپوں میں تقسیم کیا جاتا ہے:

- ✓ نامیاتی (organic)
- ✓ غیر نامیاتی (inorganic) ریفریجرنٹس

عام غیر نامیاتی ریفریجرنٹ

امونیا: ریفریجریشن کی بڑی انسٹالیشنز میں ریفریجرینٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے (انڈسٹریل ایپلی کیشن)

پانی: جذب ابزارپشن سسٹمز (Absorption Systems) میں ریفریجرینٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے (LiBr پانی جذب کرنے والا)

ہوا: ہوائی جہازوں کے ایئر کنڈیشننگ سسٹم میں ریفریجرینٹ کے طور پر استعمال ہوتا ہے

کاربن ڈائی آکسائیڈ: پہلے بحری جہازوں پر ریفریجرینٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا، مستقبل کی کاروں (2011/2010 سے) کا ریفریجرنٹ، اور چھوٹی کمرشل ایپلیکیشنز، ہیٹ پمپ، فوڈ انڈسٹری اور سپر مارکیٹوں کی ریفریجریشن میں استعمال کیا جاتا ہے

لیکوئڈ نائٹروجن: میڈیسن، کیمسٹری، فوڈ انڈسٹری وغیرہ میں 196^oC پر ریفریجرنٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

ماڈیول نمبر 3—ریفریجرنٹ فلوئڈز

ہیلیم: خاص اپیلی کیشنز میں ریفریجرینٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے (-200°C سے -269°C)

نامیاتی ریفریجرنٹ (Organic refrigerants)

- ✓ خالص ہائیڈروکاربن (HC): میتھین، ایتھین، پروپین، بیوٹین، وغیرہ (قدرتی گیس سے بہتر)
- ✓ کیمیائی طور پر تیار کئے گئے HC پر مبنی ریفریجرینٹس

خالص ہائیڈروکاربن (HC)

خالص ہائیڈروکاربن (HCs) ہائیڈروکلورک ایسڈ (HCl) اور/یا ہائیڈروفلورک ایسڈ (HF) کے ساتھ مل کر رد عمل ظاہر کریں تو ریفریجرینٹ مثلاً CFCs، HCFCs، HFCs اور ان کے مرکب یا بلینڈ بنتے ہیں۔

خالص HC کے ساتھ شروع کرتے ہوئے، HC میں موجود H-atoms کا تبادلہ Cl یا F سے ہوتا ہے جس سے ریفریجرینٹ بنتے ہیں۔

اگر Flouro-derivative، Chloro-derivative کی پراپرٹیز کا جائزہ لیں تو نیچے دی گئی مثلث نما صورتحال سامنے آتی ہے:



کیمیائی عمل سے تیار ہونے والے HC ریفریجرنٹس

یہ درج ذیل کلاسیفکیشن پر مبنی ہوتے ہیں:

CFC—کلوروفلوروکاربن) (اوزون کی تہہ کو نقصان پہنچانے والا مادہ)

HC کے تمام بنیادی H-atoms کا تبادلہ Cl اور F کے ساتھ ہو جاتا ہے

مثال: R12 - CF2Cl2

HCFC—ہائیڈروکلوروفلوروکاربن(اوزون کی تہہ کو نقصان پہنچانے والا مادہ)

بنیادی HC کے **تمام** ہائیڈروجن آئٹمز کا تبادلہ Cl اور F کے ساتھ نہیں ہوتا، ایک مالیکیول میں کم از کم ایک H ایٹم۔

مثال: R22 - CHF2Cl

FC—فلوروکاربن(اوزون کی تہہ کو نقصان پہنچانے والا مادہ، جو گلوبل وارمنگ کی زیادہ استعداد رکھتا ہے)

بنیادی HC کے **تمام** H-atoms کا تبادلہ F کے ساتھ ہو جاتا ہے

مثال: R14-CF4

HFC—ہائیڈروفلوروکاربن(اوزون کی تہہ کو نقصان پہنچانے والا مادہ، جو گلوبل وارمنگ کی زیادہ استعداد رکھتا ہے)

بنیادی HC کے **تمام** H-atoms کا تبادلہ F کے ساتھ نہیں ہوتا اور مالیکیول میں کم از کم ایک H ایٹم ہوتا ہے

مثال: R134a - C2H2F4



ریفریجرنٹس کی جنرل مارکنگ

R XYZ Optional Annex

R Refrigerant

XYZ Number of refrigerant

Optional Appendix

a, b, ... - Variation structure

B1, B2 - Brone content
A, B, C, D, ... - Mixture variation

X	XYZ	Optional appendix
X=0 (X=C-1) **Base: Methane CH_4**	X = C-1 (X = amount of carbon atoms in molecule minus 1) Y = H+1 (Y = amount of hydrogen atoms in molecule plus 1) Z = F (Z = amount of fluorine atoms in molecule)	a, b, ... B1, B2
X=1 (X=C-1) **Base: Ethane C_2H_6**	see above	a, b, ... B1, B2
X=2 (X=C-1) **Base: Propane C_3H_8**	see above	
X=3 **Base: Butane C_4H_{10}**	see above	
X=4 **Blend – with temperature glide during evaporation and condensation**	YZ – Blend number Example: R32/R125/R134a = 07- R407 R143a/R125/R134a = 04 – R404	A, B, C, D, ... Blend variation
X=5 **Blend – without temperature glide during evaporation and condensation**	YZ – Blend number Example: R125/143a = 07 – R507	A, B, C, D, ... Blend variation
X=6 **Other organic refrigerants**	Example: Butane R600 Iso-butane R600a	
X=7 **Inorganic refrigerants**	YZ – molecular weight Example: Ammonia NH_3: molecular weight 17 Ammonia: R717	

Examples for X = 0 – Refrigerants based on methane

The chemical formula of the refrigerant is the following:

CHF2Cl

In the refrigerant molecule the atoms are the following:

1 C-atom (carbon)

1 H-atom (hydrogen)

2 F-atoms (fluorine)

1 Cl- atoms (chlorine)

C (1)H(1)F2 Cl(1)

Standard for refrigerant number:

X = C-1 (X = amount of carbon atoms in molecule minus 1)

Y = H+1 (Y = amount of hydrogen atoms in molecule plus 1)

Z = F (Z = amount of fluorine atoms in molecule)



Examples for X = 1 - Ethane-based refrigerants

The chemical formula of the refrigerant is given, the number of the latter is sought:

Chemical formula : C2H2F4

In the refrigerant molecule, the atoms are as follows:

2 C-atoms (carbon)

2H- atoms (hydrogen)

4 atoms (fluorine)

0 Cl- atom (chlorine)

Standard for refrigerant number: C2H2F4

X = C-1 (X = amount of carbon atoms in the molecule minus 1)

Y = H + 1 (Y = quantity of hydrogen atoms in the molecule plus 1)

Z = F (Z = quantity of fluorine atoms in the molecule)



Example of organic refrigerant

Inorganic refrigerants are labeled with the refrigerant number R 7.

The molecular mass will be added to the number 7 to mark the refrigerant correctly.

Exemple:

Ammonia NH_3

Atomic weight of N = 14g/mol **Atomic weight H = 1g/mol**

$$N_{(1)}\ H_3$$

$$1\times14 \quad + \quad 3\times1$$

$$= 17$$

$$NH_3 = R717$$

3.2ماحول پر ریفریجرنٹس کے اثرات(ODP اور GWP)

1980 کی دہائی کے دوران پتہ چلا کہ ریفریجریشن میں استعمال ہونے والے کیمیکلز، بلوئنگ ایجنٹ(Blowing Agent)، سالوینٹ(Solvents) وغیرہ اوزون کے لئے نقصان کا باعث بن رہے ہیں۔ ان مادوں سے متعلق مسائل کو دور کرنے کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کے نتیجے میں 1987 میں مانٹریال پروٹوکول وضع کیا گیا- جو ماحول کے تحفظ کے لئے اب تک کا سب سے کامیاب ملٹی لیٹرل معاہدہ ہے۔

وہ مادے جو اوزون کی تہہ کے لئے نقصان کا باعث بنتے ہیں **اوزون کو نقصان پہنچانے والے مادے یا Ozone Depleting Substances(ODSs)** کہلاتے ہیں۔

کسی مادے کی **اوزون کو نقصان پہنچانے کی صلاحیت یا Ozone Depletion Potential(ODP)** کی وضاحت اس طرح کی گئی ہے:

- ✓ کسی خاص مادے کی وجہ سے اوزون کو پہنچنے والے عالمی نقصان کا تناسب
- ✓ R11 کے اسی مادے کی وجہ سے اوزون کو پہنچنے والا عالمی نقصان

اوزون کی تہہ میں پیدا ہونے والی خرابی کی متعلقہ مقدار کا موازنہ ٹرائی کلورو فلورو میتھین R11 سے کیا جاتا ہے

R11%. set at 1.0% ODS

نیچے دی گئی تصویر میں اوزون کی تہہ کو پہنچنے والا نقصان ظاہر کیا گیا ہے:



وہ ریفریجرنٹس جن میں کلورین مالیکیول شامل ہیں، وہ اوزون کو نقصان پہنچانے والے مادے ہیں۔ یہ ریفریجرنٹس درج ذیل ہیں:

- ✓ CFCs (جن میں کلورین، فلورین اور کاربن شامل ہوتا ہے)
- ✓ HCFC (جن میں ہائیڈروجن، کلورین، فلورین اور کاربن شامل ہوتا ہے)

CFCs اور HCFCs کو مرحلہ وار ختم کیا جا رہا ہے

اوزون کی تہہ کو پہنچنے والے نقصان کے باعث CFCs اور HCFCs سے بنے ریفریجرنٹس پر دنیا بھر میں پابندی لگا دی گئی اور انہیں مرحلہ وار ختم کر دیا گیا۔

1990 کی دہائی کے شروع میں اوزون کو نقصان پہنچانے والے مادوں کے "متبادل" کے طور پر، کئی فلورینیٹڈ کیمیکلز سامنے آئے۔

- ✓ PFC—پر فلورو کاربن

فلورو کاربن کے ایک اور گروپ کی نمائندگی کرتے ہیں جن میں پانچ مختلف فلوئڈ ہوتے ہیں۔ ان میں سے ایک (R218) بعض اوقات ریفریجرنٹ بلینڈز میں استعمال ہوتا ہے۔

- ✓ HFE—ہائیڈرو فلورو ایتھر

ریفریجرنٹس کا ایک ایسا گروپ جو کسی حد تک مستحکم دکھائی دیتا ہے اور اس کے کئی طرح کے بوائلنگ پوائنٹس ہیں، البتہ یہ کم پریشر والے فلوئڈز ہیں۔ انہیں ریفریجرنٹس کے طور پر استعمال کے لئے زیر غور لایا جا سکتا ہے۔ البتہ تاحال مختلف وجوہ کی بناء پر مارکیٹ میں انہیں قبول نہیں کیا جاتا۔

ماڈیول نمبر 3—ریفریجرنٹ فلوئڈز

✓ HFC—سیچوریٹڈاوران سیچوریٹڈ (Saturated and Unsaturated)

HFC سیچوریٹڈ ریفریجرنٹس کا بڑے پیمانے پر استعمال گزشتہ صدی کی آخری دہائی میں شروع ہوا۔HFCs **ہائیڈروجن، فلورین اور کاربن ایٹمز** پر مشتمل ہوتے ہیں۔ یہ سیچوریٹڈ بھی ہو سکتے ہیں اوران سیچوریٹڈ بھی۔ زیادہ تر ملنے والے HFC ریفریجرنٹس میں R134a،R32،R125 اور R143a شامل ہیں جو سنگل کمپونینٹ بھی ہو سکتے ہیں اور بلینڈز میں شامل کمپونینٹ بھی ہو سکتے ہیں جیسے R404A،R407C،R410A اور R507۔

"گرین ہاؤس افیکٹ "—قدرتی گلوبل وارمنگ ["Greenhouse effect – natural global warming]

گرین ہاؤ کا قدرتی اثر (Natural Greenhouse Effect) انسانوں کے لئے بہت ضروری ہے۔

سورج کی نظر آنے والی روشنی حرارت میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

کاربن ڈائی آکسائیڈ کے ذریعے فضا میں موجود حرارت کو **جزوی طور پر جذب** ہو جاتی ہے اور آبی بخارات کے ذریعے کرہ ارض پر اوسط درجہ حرارت 14°C کو یقینی بناتی ہے۔

گرین ہاؤس کے قدرتی اثر کے بغیر زمین پر اوسط درجہ حرارت 5°C سے کم ہو گا!

گرین ہاؤس گیسوں اور ہیٹ ریڈی ایشن کے ذریعے ماحول میں جزوی طور پر جذب ہونے والی حرارت کے درمیان توازن زمین پر اوسط درجہ حرارت کو یقینی بنائے گا۔

فضاء میں گرین ہاؤس گیسوں مثلاً کاربن ڈائی آکسائیڈ اور/یا ریفریجرینٹس پر مشتمل فلورین زمین پر اوسط درجہ حرارت کو بڑھادے گا اور کلائمیٹ زونز اور حالات کو بدل دے گا۔



فلورین والے ریفریجرینٹس مثلاً CFC،HCFC اور HFC ریفریجرینٹس کی وجہ سے گلوبل وارمنگ ہو رہی ہے۔

CFC،HCFC اور HFC ریفریجرینٹس کا کیمیکل سٹرکچر بہت مستحکم ہے۔

فضا میں خارج ہونے والے CFCs،HCFCs اور HFCs سے بنے ہوئے ریفریجرینٹس کی لائف بہت زیادہ ہوتی ہے۔

ماحول میں HFC R134a کی لائف 15 سال ہے!

ایسے ریفریجرینٹ جن میں سے فلورین (F) کو خارج کر لیا جائے گا، انہیں پورے ماحول میں تقسیم کیا جائے گا اور ان کی موجودگی سے اضافی حرارت جذب کرنے کی صلاحیت پیدا ہو گی۔

اس طرح اضافی حرارت جذب ہونے سے اس گرین ہاؤس افیکٹ میں اضافہ ہو گا جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔

گلوبل وارمنگ پوٹینشل (GWP)

یہ مختلف گیسوں کے گلوبل وارمنگ سے متعلق اثرات کی پیمائش کا ایک پیمانہ ہے۔

اس کے ذریعے ایک خاص مدت کے دوران گیس کی ایک خاص کمیت میں موجود حرارت کی مقدار کے حوالے سے اتنی ہی مقدار میں کاربن ڈائی آکسائیڈ (CO^2) میں موجود حرارت کی مقدار کی ویلیو حاصل ہوتی ہے۔

"انٹر گورنمنٹل پینل آن کلائمیٹ چینج" (IPCC) نے کاربن ڈائی آکسائیڈ کو ریفرنس گیس کے طور پر منتخب کیا ہے اور اس کے GWP کو 1 مانا جاتا ہے۔

ماحول پر ریفریجرنٹس کے اثرات

ریفریجرینٹ ہماری زمین کے ماحول کو درج ذیل طریقوں سے متاثر کرتے ہیں:

- ✓ فضا میں کلورین والے ریفریجرینٹس کے اخراج کے نتیجے میں اوزون کی تہہ کو نقصان پہنچتا ہے
- ✓ ڈائریکٹ گلوبل وارمنگ (گرین ہاؤس افیکٹ)، ماحول میں فلورین والے ریفریجرینٹس کے اخراج کے نتیجے میں ہوتی ہے
- ✓ ریفریجریشن پلانٹ میں انرجی کے استعمال سے فضا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ خارج ہوتی ہے جس کے نتیجے میں ریفریجرینٹ بالواسطہ طور پر گرمی پیدا کرتے ہیں۔



یہاں جن باتوں کا ذکر کیا گیا ہے، انہیں مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں ایک بار پھر متبادل تلاش کرنا ہوں گے۔ متبادل تلاش کرتے وقت، ہمیں درج ذیل باتوں کو مدنظر رکھنا ہوگا:



3.3 ریفریجرنٹس کی سیفٹی کلاسیفکیشن، ڈائریکٹ اور ان ڈائریکٹ سسٹمز

ریفریجرنٹس کی کلاسیفکیشن جنرل سیفٹی کے دو پہلوؤں کی بنیاد پر کی جاتی ہے:

- آتش گیر خاصیت (Inflammability)
- زہریلا پن (Toxicity)

سیفٹی کے مختلف بین الاقوامی اور قومی سٹینڈرڈز کی رو سے ریفریجرینٹس کو زہریلے پن اور آتش گیر خاصیت کے لحاظ سے ان کی کمپوزیشن کی بنیاد پر چھ میں سے کوئی ایک کلاسیفکیشن دی جاسکتی ہے۔ یہ کلاسیفکیشن انگریزی میں ایک عددی وحرفی خصوصیت (Alphanumeric Characteristic) کی شکل میں کی جاتی ہے۔ بڑے حروف زہریلے پن (گریڈیشن میں) کو ظاہر کرتے ہیں اور عدد آتش گیر خاصیت کو۔ اس لحاظ سے اس کا مطلب یہ ہوگا کہ حرف "A" کم زہریلے پن کو ظاہر کرتا ہے اور حرف "B" زیادہ زہریلے پن کو۔ کوئی بھی ریفریجرنٹس ایسا نہیں ہے جو Non-toxic کیٹیگری میں آتا ہو۔

آتش گیر خاصیت کی کلاسیفکیشن میں "1" سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس سے کوئی شعلہ نہیں پھیلتا۔ "2" کم آتش گیر خاصیت کو ظاہر کرتا ہے جبکہ "3" زیادہ آتش گیر خاصیت کو ظاہر کرتا ہے۔

برسوں کی تحقیق کے بعد،2010میں 34 ASHREنے ایک نئی کیٹیگری"2"متعارف کرائی،اوراس کیٹیگری کو تقسیم کرتے ہوئےA2LاورB2Lکی کیٹیگریز متعارف کرائی گئیں۔

A2L	B2L
R32	R717 - Ammonia
R143a	
R1234yf	
R1234ze	

34 ASHRAEکے مطابق ریفریجرینٹس کی سیفٹی کلا سیفکیشن نیچے دی گئی تصویر میں دکھائی گئی ہے۔



ریفریجرینٹس کے محفوظ استعمال اور بعض اپلی کیشنز میں ان کے استعمال کی حدود کے حوالے سے یورپین سٹینڈرڈز378-1:2016(EN)نے، سیفٹی کلا سیفکیشن کے علاوہ،ریفریجرنٹ منتخب کرتے وقت متعلقہ شعبے کے مطابق دیگر قابل غور باتیں بھی متعارف کرائی ہیں۔

جگہوں کی کلا سیفکیشن ان لوگوں کے لئے سیفٹی کے انتظامات کے مطابق کی جاتی ہے جو ریفریجریشن سسٹم کے خراب آپریشن کی صورت میں اس سے براہ راست متاثر ہو سکتے ہوں۔

ریفریجریشن سسٹمز میں سیفٹی کے حوالے سے جگہ، اس جگہ پر موجود لوگوں کی تعداد اور Occupancy کیٹیگریز کو پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ انجن رومز کو اس معاملے میں Unoccupiedکیٹیگری میں شمار کیا جاتا ہے۔

اس سٹینڈرڈ کے مطابق، جگہوں کی تین قسمیں ہیں:

☑ کلاس A– عام جگہ(General Occupancy)

ایسی جگہ جہاں لوگ سو سکتے ہیں یا موجود ہو سکتے ہیں اور جس پر کوئی کنٹرول نہ ہو یا جہاں آنے جانے کے لئے کسی بھی فرد کے لئے ذاتی حفاظت کی تدابیر سے آگاہی ضروری نہیں ہوتی۔

مثالیں: ہسپتال، جیلیں، ریٹائرمنٹ ہومز، تھیٹر، سپر مارکیٹ، ٹرانسپورٹ ٹرمینل، ہوٹل، کانفرنس روم۔

☑ کلاس B–نگرانی والی جگہ (Supervised area)

کمرے،ایسی عمارتیں یا عمارتوں کے ایسے حصے جہاں صرف محدود تعداد میں لوگ مل سکیں،اوران میں کچھ افراد سکیورٹی کے عام اقدامات سے آگاہی رکھتے ہوں۔

☑ کلاس C–ممنوعہ جگہ جہاں صرف منظور شدہ افراد کو آنے کی اجازت ہو (Place with authorized access only)

ایسی جگہ جو شارع عام نہ ہو اور جہاں صرف منظور شدہ افراد کو آنے کی اجازت ہو۔ ان منظور شدہ افراد کو اس جگہ پر سکیورٹی کے عام اقدامات معلوم ہونے چاہئیں (مثلاً صنعتی اداروں کی پروڈکشن کی جگہیں)۔

مثالیں: کولڈ روم، ریفائنریاں، مذبح خانے، سپر مارکیٹوں کی ایسی جگہیں جہاں عام لوگوں کو آنے کی اجازت نہ ہو، مینوفیکچرنگ کی جگہیں (مثلاً جہاں کیمیکل، کھانے پینے کی چیزیں، آئس کیوبز اور برف وغیرہ بنائے جاتے ہوں)

سسٹم کی اقسام

یورپی سٹینڈرڈ EN 378-1:2016 میں ریفریجرینٹ سسٹم کی مختلف اقسام کو ڈائریکٹ اور ان ڈائریکٹ سسٹمز کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔

جگہ کے ساتھ اس تعلق کی وضاحت نیچے دی گئی تصویروں میں کی گئی ہے۔

ڈائریکٹ ریفریجریشن/ایئرکنڈیشننگ سسٹم



ڈائریکٹ ریفریجریشن/ایئر کنڈیشننگ سسٹم





ریفریجریشن کا انتخاب کرتے وقت سسٹم کی قسم، مقصد، لوکیشن اور سیفٹی کی شرائط کو ہمیشہ سامنے رکھا جائے۔



3.4 ریفریجرنٹس کی خصوصیات پراپرٹیز: (پیور ریفریجرنٹ، مکسچر، سیچوریشن)

اکثر دو طرح کے حالات ایسے ہوتے ہیں جن میں ریفریجرینٹ کے انتخاب کی ضرورت پڑتی ہے۔ پہلا جہاں سسٹم کے مینوفیکچررز کے لئے منتخب کرنا ہو، دوسرا جہاں ایکوپمنٹ کی مینٹی ننس کے لئے منتخب کرنا ہو۔ ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشنگ (آر اے سی) ایکوپمنٹ کی مینوفیکچرنگ کے لئے، ریفریجرینٹس کا انتخاب نظریاتی طور پر پیچیدہ کام ہے اور اس میں بہت سے پیرامیٹرز پر غور کیا جاتا ہے۔ ریفریجرنٹ میں کچھ خصوصیات ضرور ہونی چاہئیں مثلاً:

اوزون کی تہہ کے لئے نقصان دہ نہ ہو (اوزون کی تہہ کو نقصان نہ پہنچائے—ODS نہ ہو، کلورین نہ ہو)۔

گرین ہاؤس افیکٹ کم ہو (GWP کی کم یا صفر ویلیو)۔

یہ زہریلا نہ ہو [Non-toxic] (سانس کے ذریعے اندر چلا جائے یا جلد کو لگ جائے تو اس سے کوئی خطرہ نہ ہو) اور یہ زہریلا نہ ہو۔ اس میں دھماکہ خیز خصوصیات نہ ہوں (Non-explosive)، اسے زنگ نہ لگے (Non-corrosive)۔

اس میں آتش گیر خاصیت بالکل نہ ہو (Non-inflammable) یا زیادہ آتش گیر نہ ہو۔ یہ Stable Gas کی شکل میں ہو۔

ریفریجریٹر یا کمپریسر کے مختلف پارٹس میں فلوئڈ کے آنے جانے کی سہولت موجود ہو تاکہ اس کی لبریکیشن آسانی سے ہو سکے۔

فی کلو گرام لیکوئڈ کا والیم زیادہ ہونا چاہئے تاکہ ریفریجرنٹ کے کنڑولز لمبے عرصے تک کام کرتے رہیں۔

فی کلو گرام Latent Heat زیادہ ہو تاکہ پمپ ہونے والی فی کلو گرام سٹیم کی ٹھنڈک معقول ہو۔

فی کلو گرام بخارات یا ویپر کا والیم کم ہونا چاہئے (=high density)

*اس سے کمپریسر کی Displacement کم ہو گی

اویپوریٹنگ پریشر اور کنڈنسنگ پریشر کے درمیان پریشر کا فرق ہر ممکن حد تک کم ہونا چاہیے۔

*اس سے پمپنگ کی کارکردگی بہتر ہوتی ہے۔

اپلیکیشن کی فیلڈ میں زیادہ تر استعمال ہونے والے ریفریجرنٹس کی تفصیل نیچے ٹیبل میں دی گئی ہے:

Evaporating temperature range in °C	Used refrigerant	Application examples
+15 ... 0	R22	AC-units, heat pumps
+15 ... 0	R407C, R410A, R717	AC-units, heat pumps, cold water chilliers
-50 ... +10	R134a, R717, R404A, R 507A, R744, R22	Heat pumps, Car-AC-systems, commercial refrigeration plants, super markets etc.
-110 ... -40	R410A, R23, R508A+B	Cascade refrigeration systems, blood cooling, medical purposes etc

کلورو فلورو کاربن (CFCs)

CFCs کلورین، فلورین اور کاربن کے ایٹمز سے مل کر بنتے ہیں

ماڈیول نمبر 3—ریفریجرنٹ فلوئڈز

اس گروپ میں زیادہ تر یہ ریفریجرینٹ شامل ہیں: R11، R12، R13، R114 اور R115۔ جیسا کہ پہلے بھی ذکر ہو چکا ہے، 1930 کی دہائی سے گھریلو، کمرشل، کولڈ روم، ٹرانسپورٹ ریفریجریشن، اور گاڑیوں کی ایئر کنڈیشنگ سمیت تقریباً تمام اپلی کیشنز میں بڑے پیمانے پر ان کا استعمال ہو رہا ہے۔ ان میں چونکہ ہائیڈروجن ایٹم نہیں ہوتے، اس لئے CFCs کیمیائی طور پر بہت Stable ہوتے ہیں اور زیادہ تر روایتی میٹریلز اور لبریکنٹس مثلاً معدنی تیل کے ساتھ یہ اچھی مطابقت (Compatibility) رکھتے ہیں۔ CFCs کی تمام اقسام میں پریشر اور ٹمپریچر کی ہر طرح کی خصوصیات ہوتی ہیں اور اسی بناء پر یہ کئی اقسام کی ایپلیکیشنز کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ ان کی تھرموڈائنامک اور ٹرانسپورٹ پراپرٹیز عام طور پر اچھی ہوتی ہیں، اس لئے ان کی پیداواری صلاحیت زیادہ ہوتی ہے۔ ان کی بہتر Stability کی وجہ سے آتش گیر زہریلے پن کی خاصیت کم ہوتی ہے یا بالکل نہیں ہوتی اس لئے A1 سیفٹی کلا سیفکیشن (Non-flammable, non-toxic) حاصل کی جاسکتی ہے۔ البتہ چونکہ ان میں کلورین ہوتی ہے، اس لئے سی ایف سی اوزون کی تہہ کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ **یہ زیادہ اثر والی گرین ہاؤس گیسیں ہوتی ہیں جن کا GWP زیادہ ہوتا ہے۔**

کلورو فلورو کاربن (CFCs)

HCFCs ہائیڈروجن، کلورین، فلورین اور کاربن کے ایٹمز سے مل کر بنتے ہیں۔ اس گروپ میں زیادہ تر پائے جانے والے ریفریجرینٹ یہ ہیں: R22، R123 اور R124۔ جیسا کہ پہلے بھی ذکر ہو چکا ہے، یہ 1930 کی دہائی سے تقریباً تمام اپلی کیشنز مثلاً کمرشل ریفریجریشن، کولڈ روم، ٹرانسپورٹ ریفریجریشن، سٹیشنری ایئر کنڈیشنگ، اور چلرز میں بڑے پیمانے پر استعمال ہو رہے ہیں۔ ان میں شامل ہائیڈروجن ایٹم کی وجہ سے HCFCs نظریاتی طور پر کیمیائی لحاظ سے CFCs سے کم Stable ہوتے ہیں اور زیادہ تر روایتی میٹریلز اور لبریکنٹس مثلاً معدنی تیل کے ساتھ یہ اچھی مطابقت (Compatibility) رکھتے ہیں۔ HCFCs کی تمام اقسام میں پریشر اور ٹمپریچر کی مختلف خصوصیات ہیں۔ ان کی تھرموڈائنامک اور ٹرانسپورٹ پراپرٹیز عام طور پر بہت اچھی ہیں، اس لئے ان کی کارکردگی بہتر ہوتی ہے۔ اگرچہ کچھ HCFCs کی سیفٹی کلا سیفکیشن A1 ہے (ان کی کم Stable نوعیت کی وجہ سے) لیکن بعض HCFCs کی سیفٹی کلا سیفکیشن A2 (کم زہریلا، کم آتش گیر) اور B1 (زیادہ زہریلا، غیر آتش گیر) ہوتی ہے۔ تاہم، کلورین کی وجہ سے HCFCs اوزون کی تہہ کو نقصان پہنچاتے رہتے ہیں، لیکن ان کی شدت CFCs کی نسبت کم ہوتی ہے۔ **یہ زیادہ اثر والی گرین ہاؤس گیسیں ہوتی ہیں جن کا GWP زیادہ ہوتا ہے۔**

ہائیڈرو فلورو کاربن (HFCs)

CFCs اور HCFCs کی وجہ سے چونکہ اوزون کی تہہ کو نقصان پہنچتا ہے، اس لئے مانٹریال پروٹوکول اور اس کی ترامیم کے مطابق CFCs اور HCFCs سے بنے ریفریجرینٹس پر دنیا بھر میں پابندی عائد کر کے مرحلہ وار ختم کر دیا گیا ہے۔ اور کاربن. اس گروپ میں سب سے زیادہ یہ ریفریجرینٹ پائے جاتے ہیں: R134a، R32، R125 اور R143a (بنیادی طور پر یہ مکسچر کی شکل میں ہیں، جیسے R404A، R407C اور R410A)۔ 1990 کی دہائی سے روایتی طور پر CFCs اور HCFCs تقریباً تمام اپلی کیشنز میں بڑے پیمانے پر استعمال ہوتے رہے ہیں، مثلاً گھریلو اور کمرشل ریفریجریشن، کولڈ روم، گاڑیوں کی ایئر کنڈیشنگ، ٹرانسپورٹ ریفریجریشن، اسٹیشنری ایئر کنڈیشننگ اور چلرز۔

HFCs عام طور پر کیمیاوی لحاظ سے بہت Stable اور زیادہ تر مواد کے ساتھ Compatible ہوتے ہیں، تاہم یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ وہ روایتی لبریکنٹس کے ساتھ آمیزش پذیر نہیں ہوتے۔ تاہم، آپ کو دوسری اقسام سنتھیٹک آئل استعمال کرنے چاہئیں۔ HFCs کی رینج میں کئی ایسی اقسام شامل ہیں جن میں پریشر اور ٹمپریچر کی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ ان کی تھرموڈائنامک اور ٹرانسپورٹ پراپرٹیز بہت اچھی ہوتی ہیں اس لئے یہ عمدہ کارکردگی دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اگرچہ کچھ FHCs کی سیفٹی کلا سیفکیشن A1 ہے، لیکن بعض ایسی اقسام بھی ہیں جن کی سیفٹی کلا سیفکیشن A2 ہے (کم زہریلا، کم آتش گیر)۔ CFCs اور HCFCs کے برعکس، ان میں کلورین نہیں ہوتی اور اس لئے اوزون کی تہہ کو نقصان نہیں پہنچاتی۔ تاہم یہ فضا میں زیادہ عرصے تک رہتی ہیں اس لئے یہ زیادہ اثر والی گرین ہاؤس گیسیں ہیں جن کی GWP ویلیوز زیادہ ہے اور لازمی بات ہے کہ آنے والے سالوں میں ان کا استعمال کم ہو جائے گا۔

ریفریجرنٹ مکسچر(Refrigerant Mixtures)

ریفریجریشن سسٹم کی سب سے اہم خوبی اس کی کولنگ کیپیسٹی اور ایفیشنسی یا "کوایفیشنٹ آف پرفارمنس(COP)" ہے۔کارکردگی کی یہ خصوصیات نیچے تصویر میں دی گئی پراپرٹیز سے متاثر ہوتی ہیں۔



ریفریجرینٹس کو ایک واحد مادہ(Single Substance) کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے، یا پھر دو یا زیادہ مادوں کا مکسچر ہو سکتے ہیں جنہیں عام طور پر 'مکسچر' کہا جاتا ہے۔ریفریجرینٹ بلینڈز اس طرح بنائے جاتے ہیں کہ یہ اصل میں استعمال کئے گئے ریفریجرینٹ کی بعض پراپرٹیز اور خصوصیات (یعنی CFC اور HCFC ریٹروفٹ کی صورت میں) سے میچ ہو جائیں بعض صورتوں میں ان کے اندر ایک خاص قسم کی پراپرٹیز پیدا ہو جائیں۔

یہ کمپونینٹس CFCs،HCFCs،HFCs اور/یا HC اور PFCs ہو سکتے ہیں۔ مکسچر والے ریفریجرینٹس کے انفرادی اجزاء کی فزیکل خصوصیات ایک جیسی نہیں ہوتیں۔ان کی ڈینسٹی، چپچپاہٹ(viscosity)،ایویپوریشن کے ٹمپریچر اور خاص پریشر پر کنڈنسیشن میں فرق ہوتا ہے۔

مکسچر کے دو گروپ ہوتے ہیں:

- زیوٹراپک مکسچر(Zeotropic Mixture)—ان کا مقررہ نمبر R4XX ہے
- ایزیوٹراپک مکسچر(Azeotropic Mixture)—ان کا مقررہ نمبر R5X ہے

ماڈیول نمبر 3—ریفریجرنٹ فلوئڈز

زیوٹراپک مکسچر(Zeotropic Mixture)

اس کا برانڈR4XXہے

زیوٹراپک مکسچر ریفریجرنٹ کا مکسچر ہے،اور ریفریجریشن سائیکل کے مشاہدہ کے دوران جو مختلف خلاف ورزیاں دیکھنے میں آتی ہیں،ان میں دیکھا جاسکتا ہے کہ بوائلنگ کنڈنسیشن کے دوران سیچوریشن ٹمپریچر میں تبدیلی اور مولر کمپوزیشن میں تبدیلی آسکتی ہے۔ان حالات میں مکسچر اس طرح کام نہیں کرتا جس طرح کنڈنسیشن اور اویپوریشن کے دوران ریفریجرنٹ کرتا ہے۔

سسٹم کی ٹائپ کے مطابق دو مختلف اقسام کی صورتحال پیدا ہوسکتی ہیں۔

ڈائریکٹ ایکسپینشن سسٹم(Direct Expansion System):

- ✓ **فلو بوائلنگ(Flow Boiling)** ایک اویپوریٹر میں اور دوسری کنڈنسر میں کنڈنسیشن کی ہوتی ہے۔فلوئڈ ایک شرح سے ابلتا ہے یا اس کی کنڈنسنگ ہوتی ہے؛جس طرح فلوئڈB ہوتا ہے؛فلوئڈA اورB کی لیکوئڈ کمپوزیشن میں تبدیلی آتی ہے جبکہ پریشر وہی رہتا ہے،سیچوریشن ٹمپریچر کے ساتھ ساتھ ہیٹ ایکسچینجر میں بھی تبدیلی آتی ہے۔
- ✓ **فلڈڈ سسٹمز(Flooded Systems)**،اویپوریٹر میں بلبلے بنتے ہیں اور کنڈنسر میں کنڈنسیشن کی فلم بنتی ہے،فلوئڈA فلوئڈB کی نسبت مختلف شرح سے ابلتا ہے یا اس کی کنڈنسنگ ہوتی ہے،جس کے نتیجے میں مزید فلوئڈ جمع ہوجاتا ہے جس کا کنڈنسر میں اتار چڑھاؤ زیادہ ہوتا ہے اور فلوئڈ کا اتار چڑھاؤ کم ہوتا ہے۔اگرچہ فیز چینج پراسیس ایک مستقل ٹمپریچر پر ہوتا ہے لیکن ریفریجرنٹ کا ایک شارٹ سرکٹ ہوتا ہے جس کی وجہ سے پرفارمنس میں کمی آتی ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ ریفریجرینٹ خالص ہوگا تو اس کا ٹمپریچر وہی رہے گا جو بخارات بننے والے لیکوئڈ یا ویپر کنڈنسیشن کا ہوتا ہے۔تاہم،اگر یہ **زیوٹروپک بلینڈ ہوگا تو ریفریجرنٹ کے بخارات بننے پر سیچوریشن ٹمپریچر بڑھ جائے گا یا جیسے ہی بخارات گھلیں گے تو یہ گاڑھا ہو جائے گا اور سیچوریشن ٹمپریچر کم ہو جائے گا۔** ریفریجرینٹ جب خالص مائل کی شکل میں ہو(مثلاً جب اس کے بخارات بنتے ہیں)تو یہ ببل ٹمپریچر(Bubble Temperature) پر ہوتا ہے اور جب یہ محض خالص گیس کی شکل میں ہو(مثلاً جب اس کی کنڈنسنگ ہوتی ہے)تو یہ ڈیو پوائنٹ(Dew Point) پر ہوتا ہے۔

ڈیو پوائنٹ اور ببل پوائنٹ کے درمیان ٹمپریچر رینج کو ٹمپریچر سلپ(Temperature Slip) کہا جاتا ہے۔

نیچے دی گئی ڈائیگرام میں پریشر پر زیوٹراپک ریفریجرنٹ کے ٹمپریچر میں تبدیلی کو دکھایا گیا ہے—انتھالپی ڈائیگرام



نیچے دیئے گئے ٹیبل میں وہ زیوٹراپک ریفریجرنٹس دیئے گئے ہیں جو عام طور پر استعمال ہوتے ہیں اور ان کی ماس کمپوزیشن % میں دی گئی ہے۔

	R22	R32	R124	R125	R134a	R142b	R143a	R152a	R218	R1270	RC318	R290	R600a
R401A	53		34					13					
R401B	61		28					11					
R401C	33		52					15					
R402A	38			60								2	
R402B	60			38								2	
R403A	75								20			5	
R403B	56								39			5	
R404A				44	4		52						
R405A	45					5,5		7			42,5		
R406A	55					41							4
R407A		20		40	40								
R407B		10		70	20								
R407C		23		25	52								
R407D		15		15	70								
R408A	47			7	46								
R409A	60		25			15							
R409B	65		25			10							
R410A		50		50									
R410B		45		55									
R411A	87,5							11		1,5			
R411B	94							3		3			
R412A	70					25			5				
R413A					88				9				3
R416A			39,5		59								1,5
R417A				46	50								4

HFC سے بنے ہوئے ریفریجرنٹ مکسچر

ایزیوٹراپک مکسچر (Azeotropic Mixture)

اس کا برانڈ R5XX ہے

ایزیوٹروپک مکسچر، دو مادوں کا مکسچر ہے، جو پیور ریفریجرنٹ کی طرح کام کرتا ہے۔ ایزیوٹروپک ریفریجرینٹ مکسچر کو جب حرارت دی جاتی ہے یا جب اس کی حرارت ختم کی جاتی ہے تو بخارات اور مائع کی کمپوزیشن (مول فریکشن) میں پورے پراسیس کے دوران کوئی تبدیلی نہیں آتی۔ دوسرے لفظوں میں مکسچر میں اگر 50% فلوئڈ A اور 50% فلوئڈ B ہو، تو فلوئڈ B کے جتنے مالیکیولز کی ویپورائزیشن یا کنڈنسیشن ہوگی فلوئڈ B کے ہر مالیکیول پر بھی یہی عمل ہوگا۔

ایزیوٹراپک مکسچر کنڈنسیشن یا اویپوریشن کے دوران اس طرح کام کرتا ہے جیسے یہ سنگل ریفریجرنٹ ہو، یعنی ایک خاص ٹمپریچر پر ٹمپریچر مستقل رہتا ہے۔

نیچے دیئے گئے ٹیبل میں زیادہ تر استعمال ہونے والے ایزیوٹراپک ریفریجرنٹس دیئے گئے ہیں اور ان کی ماس کمپوزیشن % میں دی گئی ہے۔

Refrigerant	Fluid A	Fluid B	Boiling temperature in °C at pressure of 1 bar
R500	73.8% R12	26,2% R22	-33,5
R501	75% R22	25% R12	-41,5
R502	51,2% R115	48,8% R22	-45,5
R503	59,9% R13	40,1% R23	-87,9
R504	48,2% R32	51,8% R115	-57,2
R505	78% R12	22% R31	-29
R506	55% R31	45% R114	-12,4
R507A	50% R125	50% R143a	-46,5
R508A	39% R23	61% R116	-85
R508B	46% R23	54% R116	-88

ایزیوٹراپک مکسچر جس کا ایک کمپونینٹ CFC ہے، جسے مانٹریال پروٹوکول کے تحت ممنوع قرار دیا گیا ہے اور مرحلہ وار ختم کیا گیا ہے۔

نیچرل ریفریجرنٹس اور ہائیڈروکاربن (HC)

کئی اقسام کے ہائیڈروکاربن، مثلاً امونیا اور کاربن ڈائی آکسائیڈ، کے گروپ کو "نیچرل ریفریجرینٹس" کہا جاتا ہے۔ یہ سب نظام قدرت میں موجود مختلف میٹریلز میں موجود ہیں حالانکہ انسانوں نے ان پر کوئی کام نہیں کیا۔ ان کا PDO زیرو اور PRP زیرو یا برائے نام ہوتا ہے۔ ٹیکنالوجی کے میدان میں ترقی کی بدولت یہ "نیچرل ریفریجرنٹس" کئی شعبوں میں اپلیکیشنز کے لئے محفوظ اور باکفایت سمجھے جانے لگے ہیں۔ ماحول پر ان کے کم سے کم اثرات اور اس بناء پر کہ یہ ٹیکنالوجی میں پائیدار ترقی کے نقطہ نظر سے زیادہ موزوں ہیں، ایسے ریفریجریشن سسٹم جن میں نیچرل ریفریجرنٹس کا استعمال کیا گیا ہو، ریفریجرنٹ کے متبادل کے طور پر اہم کردار ادا کرنے لگے ہیں (جن میں زیادہ تر HFCs ہیں)۔

آج کل سب سے زیادہ استعمال ہونے والے قدرتی ریفریجرینٹس R290، R600a، R717 اور R744 ہیں۔

پروپین (R290) [Propane (R290)]

پروپین گیس اکثر ایندھن یا فیول کے طور پر استعمال ہوتی ہے، لیکن یہ ایک ریفریجریٹ بھی ہے۔ ریفریجرینٹ انڈسٹری میں پروپین کی کلاسیفکیشن R290 ہے۔ پروپین ایک قدرتی مادہ ہے جس کا کیمیکل فارمولا C_3H_8 ہے۔ R290 میں اپلی کیشنز کی ایک وسیع رینج موجود ہے۔ اس میں کمرشل ریفریجریشن، چِل کیبنٹ، وینڈنگ مشینیں، کولڈ سٹوریج، فوڈ پروسیسنگ، انڈسٹریل ریفریجریشن، ٹرانسپورٹ ریفریجریشن، چھوٹے ایئر کنڈیشننگ سسٹم، بڑے ایئر کنڈیشننگ اور چلر سسٹم، ہیٹ پمپ اور واٹر ہیٹر شامل ہیں۔

فائدے

- ✓ ODP= 0
- ✓ GWP = 3، کم قیمت ہے
- ✓ ہر جگہ دستیاب ہے
- ✓ تھرموڈائنامک پراپرٹیز شاندار ہیں جس کی وجہ سے انرجی ایفیشنسی زیادہ ہے

- ✓ ویپر ہیٹ کیپیسٹی زیادہ ہے
- ✓ ڈسچارج ٹمپریچر کم ہے
- ✓ آپریٹنگ پریشر کم ہے
- ✓ اخراجات کم ہیں
- ✓ زہریلاپن اور معلوم خطرات کم ہیں
- ✓ اس کی Stability اچھی ہے اور میٹریل Compatible ہے

نقصانات

- ✓ ہوامیں 10% - 2% کنسنٹریشن پر اس کی آتش گیر خاصیت زیادہ ہے
- ✓ سیفٹی اقدامات کے لئے اضافی اخراجات کی ضرورت پڑتی ہے
- ✓ سروس ٹیکنیشن کو سپیشل ٹریننگ کی ضرورت پڑتی ہے

آئسوبیوٹین (R600a) [Isobutane (R600a)]

آئسوبیوٹین، یا R 600a (جوایک کیمیکل کمپاؤنڈ ہے جس کا مالیکیولر فارمولہ C4H10 ہے)، گھریلو ریفریجریٹرز میں دیگر ریفریجرنٹس کی جگہ لے رہا ہے۔ R 600a ریفریجرینٹ کا استعمال 1940 کی دہائی میں شروع ہوا، پھر اس کی جگہ کلورو فلورو کاربن (CFCs) نے لے لی۔ ماحول سے متعلق پہلوؤں کو سامنے رکھتے ہوئے ایک بار پھر اس نے بہت زیادہ مقبولیت حاصل کرلی۔ فلورو کاربن ریفریجرینٹس (CFCs، HCFCs، HFCs) کے برعکس، R600a کا کوئی ODP نہیں ہے اور اس کا گلوبل وارمنگ پوٹینشل تقریباً نہ ہونے کے برابر ہے۔ آئسوبیوٹین زیادہ تر یورپ میں مقبول ہے۔ اس وقت 90 فیصد سے زیادہ گھریلو ریفریجریٹرز اور فریزر R 600a ریفریجرینٹ کے ساتھ تیار کئے جا رہے ہیں۔

فائدے

- ✓ ODP (اوزون کو نقصان پہنچانے کا خدشہ)(ozone depletion potential)=0
- ✓ GWP (گلوبل وارمنگ پوٹینشل)(Global Warming Potential)=3 کم خرچ ہے
- ✓ ہر جگہ دستیاب ہے
- ✓ تھرموڈائنامک پراپرٹیز شاندار ہیں جس کی وجہ سے انرجی ایفیشنسی زیادہ ہے
- ✓ آپریٹنگ پریشر بہت کم ہے
- ✓ زیادہ اور کم پریشر کا تناسب معمولی ہے
- ✓ کم لوڈ کی بدولت زہریلاپن کم رہتا ہے
- ✓ اس کی Stability اچھی ہے اور میٹریل Compatible ہے

مشکلات

- ✓ آتش گیر خاصیت 8.5% - 1.5% ایئر کنسنٹریشن تک بڑھ جاتی ہے
- ✓ سکیورٹی اقدامات کے لئے اضافی اخراجات

- ✓ کولنگ کیپیسٹی کا والیم کم ہے
- ✓ سروس ٹیکنیشن کو سپیشل ٹریننگ کی ضرورت پڑتی ہے

کاربن ڈائی آکسائیڈ (R744)



کاربن ڈائی آکسائیڈ یا R744 ابتدائی ریفریجریٹس میں سے ایک تھا۔ تاہم، CFCs کے متعارف ہونے کے بعد سے، اس کا استعمال کثرت سے نہیں کیا گیا۔ 2000 کی دہائی کے اوائل میں، اس کے کم GWP کی وجہ سے اسے دوبارہ ریٹیل اپلی کیشنز میں شامل کیا گیا۔ اس میں دلچسپی مسلسل بڑھ رہی ہے اور اب دنیا بھر میں کئی سسٹم انسٹال ہو چکے ہیں۔ CO^2 میں ایسی پراپرٹیز ہیں جو زیادہ تر ریفریجریشن انجینئرز کو معلوم نہیں ہیں۔ تاہم، CO^2 پر مبنی سسٹمز کی ڈیزائننگ، انسٹالیشن اور آپریشن کے لئے سپیشل ٹریننگ اور مینٹی ننس کے عمدہ طریقوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

فائدے

- ✓ ODP= 0
- ✓ GWP = 3
- ✓ بہت کم قیمت ہے
- ✓ زہریلا پن نہیں ہے
- ✓ آتش گیر خاصیت کم ہے
- ✓ Continuous Exposure کا لیول 5,000 ppm پر کافی زیادہ ہے
- ✓ والیم کے اعتبار سے کارکردگی اچھی ہے
- ✓ کمپریسر کی Small volubalayé ہے
- ✓ پائپنگ سسٹم چھوٹے ہیں
- ✓ ہیٹ ریکوری پوٹینشل اچھا ہے
- ✓ انرجی ایفیشنسی پوٹینشل اچھا ہے

نقصانات

- ✓ ڈیزائن پریشر بہت زیادہ ہے جس کی وجہ سے سیفٹی کے خدشات پیدا ہو سکتے ہیں
- ✓ Low critical point (+ 31 ° C)
- ✓ Relatively high triple point: 5.2 bar / (-56.6 ° C)
- ✓ لاگت زیادہ ہے
- ✓ پلانٹ کو لمبے عرصے تک بند کرنے کے لئے خصوصی حفاظتی اقدامات، ایکویپمنٹ یا پریشر وسیجز کی ضرورت پڑتی ہے
- ✓ ہوا کے مقابلے میں ویپر ڈینسٹی زیادہ ہے
- ✓ سروس کمپنیوں کا عملی تجربہ نہ ہونے کے برابر ہے

امونیا (R717)



NH_3

امونیا یا R717 کو 100 سال سے زائد عرصے سے ریفریجرینٹ کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ یہاں تک کہ جن دنوں میں سنتھیٹک فلورو کاربن ریفریجرنٹس کے استعمال میں تیزی سے اضافہ ہو رہا تھا، بہت سی ایپلیکیشنز کے لئے اس کی مقبولیت برقرار رہی کیونکہ اس کی تھرموڈائنامک پراپرٹیز شاندار ہیں اور کم خرچ ہے۔ ماحول پر اس کے کم اثرات کی وجہ سے R717 اب ایک بار پھر مقبولیت حاصل کر رہا ہے حالانکہ فلورو کاربن کی مانگ بڑھ رہی ہے۔ بدقسمتی سے، اس میں اب تک بہت سی خرابیاں ہیں جو کمرشل ایپلیکیشنز میں امونیا کے استعمال میں رکاوٹ بن رہی ہیں، مثلاً Material Compatibility، زہریلا پن اور آتش گیر خاصیت۔

فائدے	نقصانات
✓ ODP= 0	✓ زہریلا پن 25 ppm کنسنٹریشن سے زیادہ ہے
✓ GWP = 0	✓ ہوا میں 16 فیصد سے 25 فیصد کی کنسنٹریشن پر آتش گیر ہو جاتا ہے
✓ بہت کم قیمت ہے	✓ منرل آئل کی موجودگی میں دھماکہ خیز ہوتا ہے
✓ ہر جگہ دستیاب ہے	✓ کمپریسر آئل میں آمیزش کم ہوتی ہے
✓ بطور ریفریجرنٹ انڈسٹری میں مقبول ہے	✓ ڈسچارج پریشر زیادہ ہے
✓ ہوا کے مقابلے میں ویپر ڈینسٹی کم ہے	✓ پانی یا کنڈنسیشن کنڈنسر کی ضرورت پڑتی ہے
✓ ریفریجریشن سائیکل کی ایفیشنسی زیادہ ہے	✓ پانی کی موجودگی میں کاپر، پر شدید رد عمل دیتا ہے
✓ ہیٹ ٹرانسفر کیپیسٹی زیادہ ہے	✓ ایمرجنسی صورتحال کے لئے سپیشل ٹریننگ کی ضرورت پڑتی ہے
✓ والیم کے اعتبار سے کارکردگی بہت اچھی ہے	
✓ آپریٹنگ پریشر کم ہے	
✓ شدید بو کی وجہ سے لیکیج کا فوراً پتہ چل جاتا ہے	
✓ پائپنگ سسٹم چھوٹے ہیں	
✓ بطور ریفریجرنٹ انڈسٹری میں مقبول ہے	

نیچے دیئے گئے گراف میں عام طور پر استعمال ہونے والے ریفریجرنٹس کا ٹمپریچر سیچوریشن پریشر دکھایا گیا ہے:



نیچے دیئے گئے ٹیبل میں زیادہ تر استعمال ہونے والے ریفریجرنٹس کی عام خصوصیات بیان کی گئی ہیں:

	R22	R134a	R290	R404A	R407C	R410A	R507	R600	R600a	R717	R744
Chemical formula and composition	$CHClF_2$	CH_2FCF_3	$CH_3CH_2CH_3$	R125/143a/134a (44/52/4)	R32/125/134a (23/25/52)	R32/125 (50/50)	R125/143a (50/50)	$CH_3CH_2CH_2CH_3$	$CH(CH_3)_3$	NH_3	CO_2
Group	HCFC	HFC	HC	HFC	HFC	HFC	HFC	HC	HC	Natural	Natural
Molar mass [kg/moll]	86.5	102	44.1	97.6	86.2	72.6	98.9	58.1	58.1	17	44
Normal boiling temperature in [°C], at pressure of 101.3 [kPa]	- 40.8	- 26.2	- 42.1	- 46.6/-45.7	-43.8/-36.7	-51.6/-51.5	-46.7	0	-12	- 33	-78[1]
Critical temperature [°C]	96.2	101.1	96.7	72.1	86.1	70.2	70.8	150.8	135	133	31
Critical pressure [bar]	49.9	40.6	42.48	37.4	46.3	77.7	37.2	34.9	36.45	106.43	73.77
Ozone depleting potential (ODP)	0.055	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0
Global warming potential (GWP)/100 years	1810	1430	3	3922	1774	2088	3985	3	3	0	1
Safety group	A1	A1	A3	A1	A1	A1	A1	A3	A3	B2	A1

[1] Triple point: pressure of 5.18 bar and temperature of -56.6°C.

3.5 ریفریجریشن لبریکنٹس (ریفریجریشن لبریکنٹس کا کام، ریفریجریشن آئل کی عام اقسام، تیل کے استعمال سے پیدا ہونے والے مسائل)

ریفریجریشن لبریکنٹس کا کام

ریفریجریشن آئل کا اصل کام کمپریسر کی لبریکیشن کرنا اور حرارت کا اثر ختم کرنا ہے۔اس سے آگے، آئل کمپریشن چیمبر اور والوز کو سیل کرتا ہے۔آئل کی ضرورت صرف کمپریسر میں ہوتی ہے۔تاہم، یہ کمپریسر آئل جیٹ کے ذریعے سسٹم کے دیگر کمپونینٹس تک بھی پہنچتا ہے۔ایک مفروضہ ہے کہ ریفریجریشن سسٹم میں 5-10 فیصد آئل سرکولیشن میں استعمال ہوتا ہے۔مثال کے طور پر، موٹر گاڑیوں میں آئل کی سرکولیشن 80 تک ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ سسٹم میں آئل کا معمولی سا فیصد تناسب بھی فائدہ مند ہو سکتا ہے۔ سسٹم بہتر طور پر ایئرٹائٹ (Airtight) ہو جاتا ہے اور ہیٹ ایکسچینجر کی کارکردگی معمولی سی بڑھ جاتی ہے۔

آئل کے ذریعے لیکج کو آسانی سے تلاش کیا جا سکتا ہے کیونکہ لیکج کی صورت میں اس کی مقدار کم ہو جاتی ہے۔ جہاں لیکج ہوتی ہے وہاں آئل کی تہہ بن جاتی ہے۔

بنیادی طور پر آئل کو کئی کیٹیگریز میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ایک کیٹیگری منرل آئل کی ہے، دوسری سنتھیٹک آئل کی۔البتہ ریفریجرنٹس کے کسی خاص گروپ کے لئے درست ٹائپ کے آئل کا اندازہ لگانے کے لئے اسے درج ذیل کیٹیگریز میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

روایتی اقسام کے آئل

نئے لبریکنٹس

روایتی اقسام کے آئل میں درج ذیل شامل ہیں:

- منرل آئل (HM)

- ➢ الکائل بنزین (AB)
- ➢ منرل آئل+الکائل بنزین
- ➢ پولی-ایلفا-اولفین (PAO)

نئے لبریکنٹس کے گروپ/ڈویژن میں درج ذیل اقسام کے آئل شامل ہیں:

- ➢ پولیول ایسٹر (POE)—پولی وینائل ایتھر (PVE)
- ➢ پولی گلائکول (PAG)
- ➢ ہائیڈروٹریٹڈ منرل آئل

ریفریجریشن کے لئے اچھے لبریکنٹ کی خصوصیات یا پراپرٹیز درج ذیل ہیں:

- ☑ ویکس کی مقدار کم ہو۔ریفریجریشن آئل مکسچر میں سے نکلنے والی ویکس ریفریجریشن کنٹرول پارٹس میں جمع ہو کر انہیں بند کر سکتی ہے۔
- ☑ Thermal Stability اچھی ہو۔کمپریسر میں یا ڈسچارج پورٹ والوز میں کاربن جمع نہیں ہونی چاہئے اور اس کے داغ نہیں بننے چاہئیں۔
- ☑ Chemical Stability اچھی ہو۔سسٹم میں عام حالات میں موجود ریفریجرنٹ یا مٹیریل سے کوئی کیمیائی رد عمل پیدا نہیں ہونا چاہئے یا اگر ہو تو زیادہ نہ ہو۔
- ☑ Low Pour Point۔آئل ایسا ہونا چاہئے کہ سسٹم ٹمپریچر انتہائی کم ہو جائے تو بھی فلوئیڈ حالت میں رہے۔
- ☑ آمیزش اور حل ہونے کی اچھی خاصیت ہو۔آمیزش کی اچھی خاصیت اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ آئل کمپریسر میں واپس آ جائے،البتہ حل ہونے کی خاصیت زیادہ ہو تو لبریکنٹ حرکت کرنے والے پارٹس سے دھل کر صاف ہو جاتا ہے۔آئل کی درست طریقے سے واپسی کے لئے ضروری ہے کہ لبریکنٹ میں ریفریجرنٹ کی آمیزش اچھی طرح ہو جائے۔ مثلاً اگر آپ امونیا استعمال کر رہے ہیں تو یہ بالکل بھی حل نہیں ہوتا۔اس مسئلے کو دور کرنے کے لئے آئل کی مناسب طریقے سے واپسی کے آلات لگائے جا سکتے ہیں۔تاہم بعض ریفریجرنٹس ایسے ہیں جو کسی بھی ٹمپریچر پر اور مکسچر کے کسی بھی تناسب پر ریفریجریشن آئل میں مکس نہیں ہوتے۔
- ☑ "آمیزش" کی "کمی" آئل کی واپسی کے لئے انتہائی اہم ہے۔اگر آئل/ریفریجرنٹ کا تناسب اتنا ہو کہ آمیزش ہو سکتی ہو، تو ریفریجرنٹ کے مسائل کی وجہ سے سسٹم میں بعض خرابیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔آمیزش کی کمی کے اس رجحان کا انحصار ریفریجرنٹ کی ٹائپ اور استعمال شدہ تیل کی ٹائپ پر ہوتا ہے۔



کم چپچپاہٹ کا انڈکس(Low Viscosity Index): یہ لبریکنٹ کی خاصیت ہے کہ زیادہ ٹمپریچر پر بھی اس میں اچھے آئل کی پراپرٹیز برقرار رہتی ہیں اور کم ٹمپریچر میں اس کی Fluidity اچھی رہتی ہے اور ہر طرح کے حالات میں یہ اچھے طریقے سے لبریکیشن کرتا رہتا ہے۔

نیچے دی گئی تصویر میں ریفریجرنٹس کے ہر گروپ کے لئے بعض اقسام کے آئل کے ممکنہ استعمال کی وضاحت کی گئی ہے۔



سسٹم میں آئل کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل

پٹرولیم کی وجہ سے عام طور پر درج ذیل مسائل پیدا ہو سکتے ہیں:

- **ایسٹر اور PAG آئل کے استعمال سے سسٹم میں نمی پیدا ہونا**
- **آئل کی واپسی**
- **جس وقت سسٹم بند ہو اس دوران ریفریجرنٹ لیکوئڈ کا کرینک کیس میں منتقل ہو جانا**
- **ریفریجریشن سائیکل کے دوران مختلف ٹمپریچر پر چپچپاہٹ میں فرق آجانا**

نمی کے علاوہ، آئل کی واپسی بھی سسٹم کی قابل اعتبار آپریشنل کارکردگی کے لئے انتہائی اہم ہے۔ ریفریجرینٹ گیس کی شکل میں ہو تو آئل کو اس کی رفتار کے مطابق بڑھنا چاہیئے۔ خاص طور پر Partial Load Range میں، کم از کم رفتار کو برقرار رکھنا ضروری ہے۔

کمپریسر جس وقت بند ہو، اس دوران کرینک کیس کا پریشر نسبتاً زیادہ ہوتا ہے۔ اس کے نتیجے میں آئل سے زیادہ ریفریجرینٹ جذب ہوتا ہے۔ سسٹم سٹارٹ ہونے پر، ریفریجرینٹ آئل مکسچر کا جھاگ بننا شروع ہو جاتا ہے، جو آئل کی مناسب لبریکیشن میں رکاوٹ بنتا ہے۔ اس پر قابو پانے کے لئے کرینک کیس ہیٹر یا پمپ سرکٹ لگایا جاسکتا ہے۔ جو آئل استعمال کر رہے ہیں اس میں اتنی چپچپاہٹ ہونی چاہئے کہ یہ کمپریسر میں ٹمپریچر بڑھنے پر بھی برقرار رہے جبکہ اویپوریٹر کے ٹمپریچر پر یہ مائع حالت میں برقرار رہے۔ یہاں، خاص طور پر کم درجہ حرارت پر مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔

چپچپاہٹ کا انحصار ٹمپریچر اور آئل میں حل ہونے والے ریفریجرنٹ کی مقدار پر ہوتا ہے۔ ٹمپریچر زیادہ ہونے پر ریفریجرنٹ بڑی مقدار میں آئل میں حل ہو جاتا ہے، جس کی وجہ سے چپچپاہٹ کم ہو سکتی ہے۔

ریفریجریشن ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ (RAC) میں

عمدہ سروس کے عملی طریقوں پر رہنما کتابچہ

(تربیتی کتابچہ)

ماڈیول نمبر 4—ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ میں لیکج کی نشاندہی

اس ماڈیول میں سروس ٹیکنیشنز کو درج ذیل کے بارے میں معلومات دی جائیں گی:

4.1. لیکج کی جیومیٹری

4.2. نازک جگہ (Critical Point) جہاں ریفریجرنٹ کی لیکج ہوتی ہے

4.3. لیکج چیک کرنے کے طریقے

ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ میں لیکج کی نشاندہی

4.1 لیکج کی جیومیٹری

لیکج سے کیا مراد ہے؟

لیکج (Leakage) کی سب سے آسان تعریف یہ ہے کہ یہ ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشنگ (RAC) سسٹم میں ریفریجرینٹ کا نقصان ہے۔
ریفریجرنٹ کی لیکج ایئر کنڈیشنگ انڈسٹری میں نہ صرف ایک اہم میکینیکل مسئلہ ہے بلکہ اس کا شمار سنگین ترین مسائل میں ہوتا ہے۔ ایکوپمنٹ کے صارفین جب بھی اپنے RAC ایکوپمنٹ کی مرمت کے لئے رابطہ کرتے ہیں تو اکثر مسئلے کی تشخیص پر پتہ چلتا ہے کہ ریفریجرنٹ ضائع ہو گیا ہے۔ جیسے جیسے ریفریجرینٹس کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے، مینٹی ننس کے اخراجات بھی بڑھ رہے ہیں۔ بعض ٹیکنیشن مسئلے کا سادہ سا حل نکالتے ہیں، سسٹم میں ریفریجرنٹ کی بھرائی کرتے ہیں اور امید لگا لیتے ہیں کہ یہ پورا سیزن نکال جائے گا۔ لیکن یہ ان کی غلط فہمی ہے۔ اگر لیکج کی مرمت نہیں ہو گی تو ریفریجرینٹ بار بار بہتا رہے گا اور مزید مینٹی ننس کی ضرورت پڑتی رہے۔ اس طرح بار بار ریچارج کرنے سے کمپریسر میں آئل کافی حد تک ختم ہو جائے گا، جس سے کمپریسر کو نقصان پہنچے گا اور پھر مرمت کہیں زیادہ مہنگی ثابت ہو گی۔ یہ نہ صرف جیب پر بلکہ ماحول پر بھی بھاری ثابت ہو گا کیونکہ سسٹم سے جو ریفریجرنٹ لیک ہوتا ہے وہ فضا میں جاتا ہے۔

واحد معقول طریقہ یہی ہے کہ لیکج کی مرمت کی جائے۔ مرمت پر جو خرچ آئے گا وہ یقیناً ایکوپمنٹ کو ریچارج کرانے سے زیادہ ہو گا۔ لیکن ایک بار پوری طرح مرمت ہو جائے تو لیکج کی وجہ سے بار بار ری لوڈنگ پر اٹھنے والے اخراجات ختم ہو جائیں گے۔ کئی ملکوں میں، ایکوپمنٹ کے مالکان کے لئے ضروری قرار دے دیا گیا ہے کہ قانون کی رو سے وہ لیکج ٹیسٹ کرائیں اس کا مقصد ریفریجرینٹ کی لیکج کو روکنا اور ماحول کو منفی اثرات سے بچانا ہے۔
لیکن لیکج والی نازک جگہوں اور لیکج ٹیسٹ کی طرف جانے سے پہلے ہم لیکج کی جیومیٹری کے بارے میں کچھ اہم معلومات بیان کرنے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ آپ اس مسئلے کو بہتر طریقے سے سمجھ سکیں۔

Pressure	Number of particles	
20 bar	$20 \times 2.7 \times 10^{19}$	54 fois 10 million billion
1.013 bar = 1013 mbar	2.7×10^{19}	2.7 fois 10 million billion
1mbar	2.7×10^{16}	2.7 fois 10000 million
10^{-3} mbar	2.7×10^{13}	2.7 fois 10 billion

جیسا کہ یہاں دکھایا گیا ہے، پریشر کا فرق ریفریجرنٹ کی لیکج پر شدید اثر ڈالتا ہے۔ اگر آپ ایک طے شدہ ڈایامیٹر اور لمبائی کے تحت کسی ریفریجرنٹ، مثلاً R134a کی لیکج کی نگرانی کریں تو درج ذیل نتائج سامنے آ سکتے ہیں:

Leakage rate: 0.8 g R134a per year (annum)
Diameter: d = 0.63 µm Length: l = 1 mm
Pressure: 21 bar abs.

Length to Diameter Ratio: $\frac{d}{l} = \frac{0.63}{1000}$



Leakage volume <<: V = 0.28x10-6 mm³

Number of particles in the leak: 8x1010 molecule (80 billion).

لیکج کی تصویر بنائیں تو وہ کچھ اس طرح ہو گی:



R134a molecule size: ***max. 6.6x10-4 - µm, i.e.*** ***1000 times smaller than d !!!***

لیکج اگر کیپلری کی شکل میں ہو اور اس کے سیکشن رِنگ کی طرح ہوں اور Laminar Flow میں لیکج کے ذریعے Mass flow (leakage pouring) کے لئے Hagen-Poiseuille Law کا استعمال کریں تو اس کا یہ فارمولہ کچھ اس طرح ہو گا:

$$\dot{m} = \frac{\pi \cdot d^4 \cdot (pi^2 - pa^2)}{256 \cdot \eta \cdot s \cdot Ri \cdot T} \qquad Ri = \frac{R}{M_{molar}}$$

اس فارمولہ کو کچھ اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے:

- There is a quadratic dependence of the leakage pouring (mass flow) on the pressure.

:The dependence on the material sizes of the following support is valid

- Leakage pouring as mass flow depends on dynamic viscosity and molar mass.

ان نتائج کو نیچے دی گئی ڈائیگرام کے ذریعے ظاہر کیا جا سکتا ہے:



نیچے دیئے گئے ٹیبل میں کچھ ریفریجرنٹ گیسوں اور لیکوئڈز کی پراپرٹیز دی گئی ہیں:

Refrigerants or gases	Chemical formular	Molar mass in g/mol	Dynamic viscosity in steps at 20°C and 1 bar (1 step = 1 Ns/m²)
Helium	He	4	1,95 □ 10^{-5}
Nitrogen	N_2	28	1,75 □ 10^{-5}
R152a	CHF_2CH_3	66	1,0 □ 10^{-5}
R134a	CF_3CH_2F	102	1,3 □ 10^{-5}
R125	CF_3CHF_2	120	1,5 □ 10^{-5}
R143b	CF_3CH_3	84	1,14 □ 10^{-5}
R717	NH_3	17	1,03 □ 10^{-5}
R290	$CH_3CH_2CH_3$	44	0,81 □ 10^{-5}

ہر گیس اور ریفریجرنٹ کی لیک ریٹ L (کنونشنل فلوریٹ) کانسٹنٹ لیک جیومیٹری اور کانسٹنٹ پریشر پر 1 gram of R134a/year کے ساتھ مختلف ہوگی، جیسا کہ نیچے دیئے گئے ہسٹوگرام میں دکھایا گیا ہے۔



4.2 CRITICAL POINTS WHERE REFRIGERANT LEAKAGE OCCURS

Refrigeration and air conditioning service and maintenance technicians can have significant impact on refrigerant leakage.

☑ Good service and maintenance reduces current leakages and leakages potential.

☒ Inadequate service and maintenance can increase the risk of leakage and hence increase the environmental impact of RAC systems

To make service and maintenance more effective in reducing leaks it helps to know the most common leak points.

1. Shut off and ball valves

Likely cause

- Wear of the packing gland between the valve body and spindle shaft as it becomes compacted with age of use
- Overheating during installation
- Caps not fitted

Recommendation

- ✓ Ensure that the gland is tightened (but not over-tightened)
- ✓ Wrap the valve with a damp rag while brazing
- ✓ Always cap valves – most leaks occur at uncapped valves

2. Servicing (schrader) valves

- Valve core damaged during brazing
- The core not tightened correctly during replacement
- Deterioration of internal seals over time
- Caps not fitted or do not have O-rings

- ✓ Remove the core when brazing the fitting in; ensure the valve body has cooled before replacing the core
- ✓ Use correct tool to replace / tighten the core
- ✓ Ensure the cap is fitted and has seals (in good condition) in place

3. Flare joints

Likely cause

- Loosening of the flare nut due to thermal expansion / contraction due to a wide temperature variation, especially those at the outlet of the expansion valves
- Poor joint preparation (causing leakage from initial installation)
- Over tightening leading to damage at the cooper flare face and flare nut
- Under tightening of the flare

Recommendation

Where possible, avoid using flare connections. If they cannot be avoided:

- ✓ Use flare solders (factory produced flares). Ensure the cooper seal is located correctly.
LP switch cut-off		HP switch cut-off	

Electrical Data			
Power supply	L1	L2	L3
Overall ampere reading	L1	L2	L3
Current draw compressor	L1	L2	L3
Current draw fan condenser			
Current draw fan evaporator			

Other Data			
Compressor type		Receiver size and type	
Condenser type		LP switch cut-off type	
Evaporator type		HP switch cut-off type	

REMARKS:

Signature of technician		Date	

6.5 ریفریجرنٹ کی تبدیلی (ریٹروفٹ)

CFCs اور HCFCs کے مرحلہ وار خاتمے کے ساتھ ہی CFCs اور HCFCs پر چلنے والے موجودہ RAC سسٹم میں یا تو نئے آلات لگانا ہوں گے یا پھر ان میں متبادل، کم GWP والے ریفریجرنٹس کی ریٹروفٹنگ کرنا ہوگی۔

ریٹروفٹ ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے فی الوقت ODS ریفریجرینٹ پر چلنے والے ایکوپمنٹ کو "نان اوڈی ایس"(non-ODS) ریفریجرینٹ پر چلانے کے لئے بنایا جاتا ہے، جس سے اس کی کارکردگی پر کوئی زیادہ اثر نہیں پڑتا اور ایکوپمنٹ میں کوئی نمایاں ترمیم/تبدیلی بھی نہیں کی جاتی اور اس طرح موجودہ ایکوپمنٹ کی اکنامک لائف پوری ہونے تک اسے چلایا جاتا ہے۔

ریٹروفٹ کی کیٹیگریز

- **ڈراپ ان ریٹروفٹ (Drop-in Retrofit)**–RAC سسٹم میں کسی تبدیلی کے بغیر اسے ایک متبادل ریفریجرینٹ پر منتقل کر دیا جاتا ہے۔ ڈرائی نائٹروجن کا استعمال کرتے ہوئے سسٹم کو مکمل طور پر فلش کرنے اور ریفریجرنٹ کو مطلوبہ مقدار میں آنے والی کمی کے مطابق چارج کرنے کے بعد کچھ منرل لبریکیٹنگ آئل کی جگہ پولیول ایسٹر (Polyol Ester – POE) یا پولی ایلکالین گلائکول (Polyalkylene Glycol - PAG) ڈالنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- **سادہ/کم خرچ ریٹروفٹ**–متبادل ریفریجرینٹ پر منتقلی کا ایسا عمل جس کے لئے صرف چند Incompatible پارٹس مثلاً گیس کٹ، او-رنگ، اور فلٹر ڈرائیر کو تبدیل کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ بعض صورتوں میں، سادہ ریٹروفٹس کے نتیجے میں کارکردگی یا صلاحیت یا دونوں میں معمولی کمی واقع ہو سکتی ہے۔
- **سسٹم آپٹمائزیشن (System Optimization) یا انجینئرڈ ریٹروفٹ (Engineered Retrofit)**–متبادل ریفریجرنٹ پر منتقلی کا ایسا عمل جس میں سسٹم کے بڑے حصوں مثلاً کمپریسر، ہیٹ ایکسچینجرز، ایکسپینشن ڈیوائسز، اور دیگر کی جگہ نئی چیزیں لگائی جاتی ہیں جو خاص طور پر متبادل ریفریجرنٹ کے لئے بنی ہوں۔

ریٹروفٹنگ کے عام پروسیجر

کسی بھی RAC سسٹم میں متبادل ریفریجرنٹ کی ریٹروفٹنگ کرتے وقت کچھ عام پروسیجرز پر عمل کرنا ضروری ہے۔ اس سلسلے میں کام شروع کرنے سے پہلے موجودہ سسٹم کے بارے میں متعلقہ معلومات ضرور حاصل کر لی جائیں، مثلاً:

- ☑ موجودہ ریفریجرنٹ کی قسم
- ☑ سسٹم کے تمام حصوں مثلاً کمپریسر، اویپوریٹر، کنڈنسر وغیرہ کی قسم اور برانڈ کا نام
- ☑ سسٹم میں خرابیوں کی ہسٹری (خاص طور پر کمپریسر کا جل جانا)
- ☑ لیکوئڈ ریسیور کا سائز
- ☑ پرائمری کنٹرول ڈیوائسز کی قسم اور برانڈ کا نام
- ☑ سیکنڈری ڈیوائسز کی ٹائپ اور برانڈ کا نام
- ☑ پائپ ورک کی ڈائمنشن اور لمبائی
- ☑ کمپریسر، اویپوریٹر اور کنڈنسر کے درمیان Altitude کا فرق
- ☑ فنکشنل حالت میں مانیٹر کیا گیا سسٹم کا ڈیٹا، مثلاً اویپوریشن اور کنڈنسنگ ٹمپریچر، الیکٹریکل ڈیٹا، کمرے کا مطلوبہ ٹمپریچر یا کنڈیشننگ میڈیم

☑ موجودہ سسٹم کی متعلقہ خصوصیات

نیچے دی گئی تصویر میں ایک انٹرایکٹو ڈائیگرام کے ذریعے CFC اور HCFC والے RAC سسٹمز کی ریٹروفٹنگ کا عمل دکھایا گیا ہے۔



حاصل بحث

- واضح رہے کہ RAC سسٹم اگر صحیح طریقے سے کام کر رہا ہو تو اسے اس وقت تک ریٹروفٹ نہیں کیا جاتا جب تک کہ ریفریجریشن سسٹم کو مرمت کے لئے کھولنے کی ضرورت نہ پڑے۔
- سسٹم اگر مناسب طریقے سے کام کر رہا ہو تو ہو سکتا ہے کہ اس سے اوزون کی تہہ کو کوئی نقصان نہ پہنچ رہا ہو۔
- RAC سسٹم زیادہ پرانا ہو تو ریٹروفٹ کرنے کے بجائے اسے تبدیل کر لینا زیادہ با کفایت ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک مفروضہ یہ بھی ہے کہ کسی بھی نئے ایکوپمنٹ کی انرجی ایفیشنسی زیادہ ہو گی۔
- ریٹروفٹ پر دو طرح کے اخراجات آتے ہیں:
  - لیبر کا خرچ
  - کمپونینٹس کا خرچ جنہیں تبدیل کرنا پڑے
- اخراجات کا حساب لگاتے وقت جو بھی ریفریجرنٹ منتخب کیا جائے اس سے متعلق لبریکنٹ کی تبدیلی کا معاملہ اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ ایسا RAC سسٹم جس میں پائپ ورک اور مختلف اویپوریٹرز اور اکسیسریز کی تعداد یا مقدار بہت زیادہ ہو (مثلاً آئل سیپریٹر یا لیکوئڈ ایکیومولیٹر) اسے مطلوبہ ریٹروفٹ لبریکنٹ سے اس وقت تک فلش کیا جائے جب تک کہ سسٹم میں بچا ہوا آلودہ منرل آئل نہ نکل آئے؛
- ریٹروفٹ پروسیجر کا ایک اچھا موقع اس وقت پیدا ہوتا ہے جب یہ کام RAC سسٹم کی معمول کی مینٹی ننس کے ساتھ ہی کر لیا جائے۔
- ریٹروفٹنگ کا آپشن ایسی صورتوں میں زیر غور لایا جائے جہاں HCFCs کی درآمد پر پابندی کی وجہ سے یہ کمیاب ہو رہے ہوں اور اگر CFCs اور HCFCs سرے سے دستیاب ہی نہ ہوں۔

ریفریجریشن ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ (RAC) میں
عمدہ سروس کے عملی طریقوں پر رہنما کتابچہ
(تربیتی کتابچہ)

ماڈیول نمبر 7—ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ سسٹمز کی ٹیوبنگ

اس ماڈیول میں سروس ٹیکنیشنز کو درج ذیل کے بارے میں معلومات دی جائیں گی:

.7

7.1. کاپر ٹیوب، اس کے سٹینڈرڈ اور ڈائمنشن

7.2. کاپر ٹیوب کی کٹنگ

7.3. کاپر ٹیوب کی بینڈنگ اور ایکسپینڈنگ

7.4. فلیئرنگ اور فلیئرڈ کنکشن (ڈیٹیچیبل کنکشن)

7.5. بریزنگ اور بریزڈ کنکشن (نان ڈیٹیچیبل کنکشن)

7.1 کاپر ٹیوب، اس کے سٹینڈرڈز اور ڈائمنشنز

ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشنگ میں استعمال ہونے والی زیادہ تر ٹیوب (Tubing) یا نالیاں تانبے یا کاپر سے بنی ہوئی ہوتی ہیں۔ تاہم بعض جگہوں پر ایلومینیم، سٹیل اور سٹین لیس سٹیل کی ٹیوبز بھی استعمال ہوتی ہیں۔ گھلنے والے یا Corrosive Refrigerants کے اپلی کیشنز مثلاً امونیا، یا ایسی جگہیں جہاں گھلنے والا ماحول (Corrosive Environment) ہو، مثلاً کیمیکل انڈسٹری، ان میں سٹین لیس سٹیل ٹیوبز گھلنے کی وجہ سے ہونے والی لیکج کو روکنے کے لئے استعمال ہوتی ہیں۔

اس ماڈیول میں دی گئی زیادہ تر ہدایات کاپر ٹیوب سے متعلق ہیں۔

کاپر ٹیوب

کاپر ٹیوب کی دو اقسام ہیں:

- ✓ "معمولی سائز" (Normal Size)
- ✓ ACR ٹیوبنگ (ACR Tubing)

ہیٹنگ اور پلمبنگ میں استعمال ہونے والی کاپر ٹیوبز کو "معمولی سائز (Nominal Siz)" کہا جاتا ہے۔ اس قسم کی کاپر ٹیوبز پانی کی لائنوں، ڈرین اور دیگر اپلی کیشنز میں استعمال ہوتی ہیں۔ انہیں اندر سے صاف اور خشک نہیں کیا جاتا۔ معمولی سائز کی ٹیوبوں کا استعمال ریفریجرینٹ سسٹم کے اندر خرابی کا باعث بن سکتا ہے۔ (مثلاً سٹرینرز بلاک ہو جانا)۔

ریفریجرنٹ میں "معمولی سائز" کے کاپر ٹیوب ہر گز استعمال نہ کریں

ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشنگ میں استعمال ہونے والی تمام ٹیوبز احتیاط سے تیار کی جاتی ہیں تاکہ اندر کی صفائی اور خشکی کو یقینی بنایا جا سکے۔ **ایئر کنڈیشنگ اور ریفریجریشن کے کام میں استعمال ہونے والی کاپر ٹیوبز، ایئر کنڈیشنگ اور ریفریجریشن (ACR) ٹیوبز کے نام سے مشہور ہیں۔**

ٹیوب کے اندر آکسیڈیشن (Oxidation) کے خطرے کو ختم کرنے کے لئے، ACR ٹیوبوں کو عام طور پر گیس والی نائٹروجن (N_2) سے چارج کیا جاتا ہے۔ کوائل یا بار کے ذریعے ایک خاص لمبائی کی ٹیوب کاٹنے کے فوراً بعد اس کے تمام سروں کو بند کرنا ضروری ہے۔



کاپر ٹیوبز نرم (Soft) اور سخت (Hard) دونوں اقسام میں مل جاتی ہیں۔ دونوں میں مختلف موٹائی کی ٹیوب دستیاب ہیں۔ نرم کاپر ٹیوب گھریلو اور چھوٹے کمرشل RAC سسٹمز ایکوپمنٹ میں استعمال ہوتی ہے۔ سخت قسم کی کاپر ٹیوب کمرشل اور صنعتی RAC سسٹمز اور ایکوپمنٹ میں استعمال کی جاتی ہے۔

نرم کاپر ٹیوب (Soft Copper Tubing)

نرم کاپر ٹیوب گھریلو اور کمرشل ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ کے کام میں استعمال ہوتی ہیں۔ یہ Annealed ہوتی ہے (جس کے لئے پہلے اسے گرم کیا جاتا ہے اور پھر ٹھنڈا ہونے دیا جاتا ہے)۔ اس پراسیس سے ٹیوب لچکدار ہو جاتی ہے اور اس کی بینڈنگ (Bending) اور فلیئرنگ (Flaring) آسان ہو جاتی ہے۔ نرم کاپر ٹیوب اکثر فلیئرڈ فٹنگ کنکشن میں استعمال ہوتی ہیں۔ یہ چونکہ آسانی سے مڑ جاتی ہے اس لئے اس ٹیوب کو کلیمپ یا بریکٹ سے سہارا دینا پڑتا ہے۔ ٹیوب کی انسٹالیشن لازمی ہونی چاہئے تاکہ کام مکمل ہونے پر اس پر کوئی دباؤ نہ ہو اور کوئی وائبریشن (Vibration) نہ ہو۔

سخت کاپر ٹیوب (Hard Drawn Copper Tubing)

سخت کاپر ٹیوب کمرشل اور انڈسٹریل ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ ایپلی کیشنز میں استعمال ہوتی ہے۔ چونکہ یہ سخت اور غیر لچکدار ہوتی ہے، اس لئے خاص طور پر بڑے ڈایا میٹر میں کلیمپ یا سہارے کی زیادہ ضرورت نہیں پڑتی۔ سخت ٹیوب کو ضروری نہیں کہ موڑا جائے۔ اس کی سیدھی لینتھ (Length) استعمال کریں، اور جہاں کنکشن کی ضرورت ہو ٹی فٹنگ (Tee Fittings)، ایلبو (Elbow) وغیرہ لگائیں۔

ریفریجریشن میں سخت ٹیوب کے جوائنٹس کی بریزنگ ضروری ہے

سخت ٹیوب 5 میٹر لمبائی کی بار میں ملتی ہے۔ اس کا ڈایا میٹر اور موٹائی نرم کاپر ٹیوب کے برابر ہوتا ہے۔

سٹیل ٹیوب (Steel Tubing)

بز ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ کے کام میں بعض جگہوں پر سٹیل ٹیوب کا استعمال بھی کیا جاتا ہے۔ اس سائز عملی طور پر کاپر ٹیوب کے برابر ہوتا ہے۔ سٹیل ٹیوب پر کنکشن یا تو فلیئرڈ جوائنٹ کے ذریعے (صرف پتلی ٹیوب [Thing Wall Tubing] کے لئے) فلینج (Flanges) کے ذریعے، بریزنگ یا ویلڈنگ کے ذریعے لگایا جا سکتا ہے۔

کاپر ٹیوب ریفریجرینٹ R-717 (امونیا) کے ساتھ استعمال نہیں کرنی چاہئے۔ اس کے بجائے سٹیل یا سٹین لیس ٹیوب استعمال کریں۔

کاپر اور ایلومینیم کے درمیان کیمیکل ری ایکشن (Corrosion) کا خدشہ ہوتا ہے۔

سٹین لیس سٹیل ٹیوب (Stainless Steel Tubing)

سٹین لیس سٹیل ٹیوب عام ریفریجریشن ٹیوب سائز میں آتی ہیں۔ سٹین لیس سٹیل مضبوط اور گھلاؤ (Corrosion) کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ یہ " Swagelok Fittings" یا ساکن گیس (Inert Gas) کے ساتھ الیکٹرک ویلڈنگ کے ذریعے آسانی سے فٹنگز سے جڑ جاتی ہے۔

سٹین لیس سٹیل اکثر فوڈ پروسیسنگ، آئس کریم کی تیاری، ڈیری، کیمیکل پلانٹس اور دیگر میں استعمال ہوتا ہے۔

سٹین لیس سٹیل مقناطیسی یا میگنیٹک نہیں ہے۔

سٹینڈرڈ اور ڈائمنشن (Standards and Dimensions)

انچ ٹیوب سائز

ASTM سٹینڈرڈ B280 میں ریفریجریشن سروس کے لئے ایئر کنڈیشننگ اور ریفریجریشن (ACR) ٹیوبز کو وضاحت سے بیان کیا گیا ہے۔ ٹائپ K، L اور M کاپر ٹیوبز کے مطابق ٹیوب کی موٹائی (Descending Wall Thickness) طے کر دی گئی ہے۔ تمام اقسام میں سائز کے مطابق بیرونی ڈایامیٹر (OD) برابر ہوتا ہے:

- ٹائپ K ہیوی وال 20' کی بار میں ملتی ہے (Hard Drawn-سخت)
- ٹائپ L میڈیم وال 25'، 50' اور 100' کے رول میں ملتی ہے (Soft Drawn-نرم)
- ٹائپ M تھِن وال (Thin Wall) 25'، 50' اور 100' کے رول میں ملتی ہے (Soft Drawn-نرم)
- ٹائپ K—ہیوی وال سخت اور نرم ٹمپر میں ملتی ہے۔
- ٹائپ L—میڈیم وال سخت اور نرم ٹمپر میں دستیاب ہے۔

ٹائپ K ایسی جگہوں پر استعمال کی جاتی ہے جہاں گھلاؤ (Corrosion) بہت زیادہ ہو۔

ٹائپ L اور M ایسی جگہوں پر استعمال کی جاتی ہے جہاں حالات نارمل سمجھے جاتے ہیں۔

میٹرک ٹیوب سائز

DIN 8905 میں ریفریجریشن سروس کے لئے ACR ٹیوب مختلف موٹائی کی دیواروں کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں۔

- 4 ملی میٹر سے 15 ملی میٹر تک بیرونی ڈایامیٹر والی ٹیوب کے لئے دیوار کی موٹائی 1 ملی میٹر ہے جو OD کے مطابق 25 میٹر سے 35 میٹر کے رول میں ملتی ہے (نرم)
- 18 ملی میٹر سے 22 ملی میٹر تک بیرونی ڈایامیٹر والی ٹیوب 1.5 ملی میٹر دیوار کی موٹائی کے ساتھ، 25 میٹر کے رول میں ملتی ہے (نرم اور سخت)
- 28 ملی میٹر سے 42 ملی میٹر تک بیرونی ڈایامیٹر والی ٹیوب 2 ملی میٹر دیوار کی موٹائی کے ساتھ، 5 میٹر کی بار میں ملتی ہے (سخت)
- 54 ملی میٹر سے 76 ملی میٹر تک بیرونی ڈایامیٹر والی ٹیوب، 2.5 ملی میٹر دیوار کی موٹائی کے ساتھ، 5 میٹر کی بار میں ملتی ہے (سخت)

نیچے دیئے گئے ٹیبل میں امریکن سٹینڈرڈ ASTM B290 کے مطابق کاپر رولز کے ڈائمنشن دیئے گئے ہیں۔

AMERICAN STANDARD soft copper rolls		
Diameter (inch)	Length (fit)	Wall thickness (mm)
1/8"	50	0.76
3/16"	50	0.76
1/4"	50	0.76
5/16"	50	0.81
3/8"	50	0.81
1/2"	50	0.81
5/8"	50	0.89
3/4"	50	0.89
7/8"	50	1.14
1 1/8"	50	1.21
1 3/8"	50	1.4
1 5/8"	50	1.52

نیچے دیئے گئے ٹیبل میں یورپین سٹینڈرڈ DIN 8905 کے مطابق کاپر رول کے ڈائمنشن بیان کئے گئے ہیں۔

EUROPEAN STANDARD soft copper rolls					
Diameter (inch)	Length (m)	Wall thickness (mm)	Diameter (inch)	Length (m)	Wall thickness (mm)
3/16"	50	1	4	25	1
1/4"	30	1	6	25	1
5/16"	50	1	8	25	1
3/8"	30	1	10	25	1
1/2"	30	1	12	25	1
5/8"	30	1	15	25	1
3/4"	15	1	16	25	1
7/8"	15	1	18	25	1
			22	25	1

نیچے دیئے گئے ٹیبل میں امریکن سٹینڈرڈ ASTM B290 کے مطابق کاپر بار کے ڈائمنشن دیئے گئے ہیں۔

AMERICAN STANDARD copper bars		
Diameter (inch)	Length (fit)	Wall thickness (mm)
3/8"	16.4	0.76
1/2"	16.4	0.89
5/8"	16.4	1.02
3/4"	16.4	1.07
7/8"	16.4	1.14
1 1/8"	16.4	1.21
1 3/8"	16.4	1.40
1 5/8"	16.4	1.53
2 1/8"	16.4	1.78
2 5/8"	16.4	2.03
3 1/8"	16.4	2.29
3 5/8"	16.4	2.54
4 1/8"	16.4	2.79

نیچے دیئے گئے ٹیبل میں یورپین سٹینڈرڈ DIN 8905 کے مطابق کاپر بار کے ڈائمنشن بیان کئے گئے ہیں۔

EUROPEAN STANDARD copper bars			
Diameter (inch)	Wall thickness (mm)	Diameter (mm)	Wall thickness (mm)
1/4”	1	6	1
3/8”	1	8	1
1/2”	1	10	1
5/8”	1	12	1
3/4”	1	15	1
7/8”	1	16	1
1”	1	18	1
1 1/8”	1	22	1
1 3/8”	1.24	28	1.5
1 5/8”	1.24	35	1.5
2 1/8”	1.65	42	1.5
2 5/8”	2.10	54	2
3 1/8”	2.50	64	2
3 5/8”	2.50	76	2
4 1/8”	2.50	89	2
		108	2.5

7.2 کاپر ٹیوب کی کٹنگ

گزشتہ کئی سالوں کے دوران کاپر ٹیوبز کی کٹنگ کے بہت سے طریقے سامنے آچکے ہیں۔آج کل استعمال ہونے والے دو طریقے ان کے فوائد اور نقصانات کے ساتھ درج ذیل میں بیان کئے جا رہے ہیں:

- ہیک سا کا استعمال (Hack Sawing) (ہاتھ سے چلایا جاتا ہے)
- ٹیوب کٹر کا طریقہ

ہیک سا کا استعمال (Hack Sawing) (ہاتھ سے چلایا جاتا ہے)

عام طور پر سٹینڈرڈ ہیک سا استعمال کیا جاتا ہے جس میں 32 دانت (32 دانت فی انچ) کا بلیڈ ہوتا ہے۔

Advantages	Disadvantages
Minimizes work hardening of tubing edge. Important when flaring stainless steel tube	Difficult to achieve a square cut without the aid of a sawing fixture to ensure square and accurate cuts
Readily available tool	Danger of introducing chips into the tubing system
	Score marks and nicks are produced if improper tube holding means is utilized

نوٹ: ہیک ساکے ذریعے ٹیوب کی کٹنگ کرتے وقت اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کو اس سیکشن میں نہ گرنے دیں جسے استعمال کرنا ہو۔

ٹیوب کٹر کا طریقہ

ٹیوب کٹر کو ٹیوب سے لگا کر ایک کٹنگ ویل کو ٹیوب کے گرد گھماتے ہوئے اس کے اندر ڈالا جاتا ہے۔

Advantages	Disadvantages
- Assurance of square cut - Minimizes internal and external burrs if properly used - Easy to operate, permits rapid cut - off	- Excessive tube end reduction and work hardening be introduced if a dull or poorly designed cutter wheel is used and when excessive feed-in is attempted
- Cutting wheels can be replaced easily - Clamping of tubing is not necessary, can be hand held - Easily operated in tight areas - No danger of chips entering the tube	- Never use a tube cutter on stainless steel tubing that is to be flared. The work hardening introduced by the cutting operation will cause splitting and cracking of the flares

کاپر اور سٹیل ٹیوب پر کئی مختلف اقسام کے کٹنگ ٹولز استعمال کئے جاتے ہیں۔ ان میں سے بعض ٹولز کے بارے میں ذیل میں بتایا گیا ہے:

ٹیوب کی کٹنگ کے لئے، ٹیوب کٹر کے استعمال کو ترجیح دینی چاہیے۔ ٹیوب کٹر نرم اور سخت کاپر ٹیوب کو 1/8 انچ سے 2 انچ تک کاٹنے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ بڑی، سخت کاپر ٹیوب کو کاٹنے کے لئے ہیک ساکو ترجیح دی جاتی ہے۔ اگر آری استعمال کی جائے تو، 32 دانت فی انچ کا ویو سیٹ بلیڈ (Wave Set Blade) بہترین کام کرے گا۔ کٹنگ سے پہلے ٹیوب سیدھی ہونی چاہیے اور اس کی کٹنگ مربع طور پر شکل (90°) میں کی جائے تاکہ آف سینٹر فلیئرز (Off-center flares) کو ختم کیا جاسکے۔

کٹر عام طور پر کٹے ہوئے سروں پر کچھ گڑھے چھوڑ دیتا ہے۔ ان گڑھوں کو ریمنگ (Reaming) کے ذریعے لازماً ہٹایا جائے۔ ٹیوب کے کنارے پر دیوار کی پوری موٹائی رکھنے کے لئے، ٹینیکل ماہرین اکثر ریمر کے بجائے ہموار یا درمیانے کٹ والے مل فائل کا استعمال کرتے ہوئے ٹیوب کے کنارے کو ریتی لگاتے ہیں۔

یہاں بھی یہ بات اہم ہے کہ ریتی کے برادے، چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں یا دیگر مٹیریل کو ٹیوب میں نہ گرنے دیں۔

نیچے دی گئی تصویر میں ایک قسم کا کاپر ٹیوب کٹر دکھایا گیا ہے



اس کے ساتھ لگے ریمر کو غور سے دیکھیں جو کٹنگ کے بعد ٹیوب کے اندر سے گڑھوں کو دور کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ رولر میں بنی جھریوں کا فائدہ یہ ہے کہ کٹر کو ٹیوب سے فلیئر صاف کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جس میں بہت کم ٹیوب ضائع ہوتی ہے۔

نرم کاپر ٹیوب کا کوائل اتاریں

نرم کاپر ٹیوب جو ٹیوب کٹر تک رِنگ کی شکل میں آتی ہے، کی کٹنگ سے پہلے ٹیوب کا کوائل بتائے گئے ترجیحی طریقے سے اتارنا نہ بھولیں۔

اہم بات: نرم کاپر ٹیوب کا کوائل اتاریں اور کٹنگ سے پہلے اسے اسی طرح سیدھا کریں جس طرح اس تصویر میں دکھایا گیا ہے۔





کاپر ٹیوب کا کوائل اس طریقے سے ہرگز نہ کھولیں جس طرح تصویر میں دکھایا گیا ہے۔ کٹنگ کے اس طریقے کے نتیجے میں مٹیریل ضائع ہوگا۔

کٹنگ کے بعد کاپر ٹیوب کے کنارے کو سیدھا کرنا ناممکن ہوتا ہے۔

ٹیوب کی کٹنگ

کٹر کو ٹیوب پر اس طریقے سے رکھیں کہ ٹول کو گھماتے ہوئے اسے اندر ڈالا جا سکے۔ یہ طریقہ اس وقت استعمال کیا جا سکتا ہے جب ٹیوب کے سیدھے پوائنٹ پر کٹ لگائے جا رہے ہیں۔ ٹیوب کو سرے کے قریب کاٹتے وقت یہ خاص طور پر مددگار ثابت ہو گا۔ جب کٹر کو اس طریقے سے استعمال کیا جاتا ہے، تو کٹ مکمل ہونے پر آلے کے گرنے کا امکان کم ہو جاتا ہے۔

کٹر کو ٹیوب پر رکھیں، کٹر کے پہیے میں آہستہ آہستہ نوب کو سخت کریں اور ٹول کو ٹیوب کے گرد گھمائیں۔



Continue feeding in cutter wheel gradually and rotating cutter around the tubing.



کٹنگ کا کام ختم کرنے کے بعد ٹیوب کے اندر موجود گڑھوں کو ریمر سے صاف کریں۔

زیادہ تر استعمال ہونے والے ریمر اس تصویر میں دکھائے گئے ہیں:



This tube is now ready for flaing or brazing.



کٹنگ کے بعد اہم معلومات

اگر سافٹ ٹیوبنگ استعمال کی جاتی ہیں، تو ٹیوب کے سرے کو کٹ کے غیر استعمال شدہ سائیڈ پر چٹکی لگائیں۔ اس سے ٹیوب میں چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کے داخل ہونے کا خطرہ ختم ہو جاتا ہے۔ اس سے ٹیوب سیل ہو جاتی ہے اور نمی سے محفوظ رہتی ہے اور جب تک استعمال ہو یہ محفوظ رہتی ہے۔ سخت کاپر ٹیوب میں پلاسٹک کیپ لگائیں یا غیر استعمال شدہ حصے کے سروں کو بند کر دیں۔

کیپلری ٹیوب کی کٹنگ کا طریقہ

کیپلری ٹیوب کی کٹنگ کے لئے ایک سپیشل کیپلری کٹر استعمال کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ کیپلری کٹر ٹیوب ڈایا میٹر پر کوئی بوجھ ڈالے بغیر کسی بھی کیپلری ٹیوب کے کسی بھی سائز میں کاٹنے کا ایک منفرد آلہ ہے۔ کیپلری ٹیوب کی کٹنگ کا ایک اور ترجیحی طریقہ مثلثی شکل کی ریتی کا استعمال ہے۔ عام طور پر، اس مثلثی ریتی کے تیز کونے کو کیپلیری ٹیوب کے دائرے کے گرد ایک جھری ڈالنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ٹیوب کو الگ کرنے کے بعد جھری دار جگہ پر ٹیوب کو موڑ کر یہ کام مکمل کیا جاتا ہے۔ **یہ دو طریقے ٹیوب کے کنارے کو بند ہونے سے روکتے ہیں اور بعد میں بہاؤ کا راستہ بھی بند ہو جاتا ہے۔**



7.2 کاپر ٹیوب کی بینڈنگ اور ایکسپینشن (BENDING AND EXPANDING COPPER TUBES)

RAC سسٹم کی مینوفیکچرنگ کے دوران کاپر ٹیوب کو موڑنے یا اس کی بینڈنگ کی اکثر ضرورت پڑتی ہے۔ مینوفیکچررز اس مقصد کے لئے کاپر پائپ استعمال کرتے ہیں۔ بینڈنگ کے ذریعے وہ اضافی فٹنگ (مختلف کمپونینٹس مثلاً ایلبو) کا استعمال کم کرتے ہیں اور نازک جگہوں پر لیکج کو روکتے ہیں۔ بینڈنگ کے اس طریقے کو **ڈراء بینڈنگ (Draw Bending)** کا نام دیا جاتا ہے۔

نیچے دی گئی تصویر میں یونٹ پر لگے کاپر پائپوں کی بینڈنگ کے لئے مشین کو دکھایا گیا ہے۔

RAC سسٹم اور ایکوپمنٹ کی انسٹالیشن کرتے وقت ٹیکنیشن کاپر پائپوں کو موڑنے کے لئے مختلف ٹولز کا استعمال کرتے ہیں۔ ٹیوب کو موڑنے کے لئے پریکٹس کی ضرورت ہوتی ہے۔ چھوٹے سائز کے گھریلو آلات میں استعمال ہونے والی نرم کاپر ٹیوبز کو موڑنے کے لئے سپیشل ٹولز کی ضرورت نہیں پڑتی۔ تاہم، ان ٹولز کا استعمال کرنے سے کام بہتر اور زیادہ تسلی بخش ہوتا ہے۔ ٹیوب کو اس طریقے سے جھکائیں کہ انسٹالیشن کے بعد اس پر کوئی پریشر نہ پڑے۔ ٹیوب کو موڑتے وقت خیال رکھیں کہ یہ گول رہے۔ ٹیوب کو گرہ نہ لگائیں، اسے فلیٹ نہ کریں یا بکسوا نہ بنائیں۔ ٹیوب کے بینڈ کے لئے اس کا کم سے کم ریڈیس ٹیوب کے ڈایا میٹر کے 5 سے 10 گنا کے درمیان ہوتا ہے۔

نیچے دی گئی تصویر میں بینڈنگ کے لئے کم سے کم ریڈیس دکھایا گیا ہے



سائٹ پر کام کرتے وقت عام طور پر تین مختلف طریقے استعمال کئے جاتے ہیں:

- ✓ پریس بینڈنگ (Press Bending)
- ✓ سپرنگ بینڈنگ (Spring Bending)
- ✓ ہینڈ ٹیوب بینڈر (Hand Tube Bender)

پریس بینڈنگ (Press Bending)

اس قسم کی بینڈنگ میں ایک ٹول استعمال ہوتا ہے جسے ریم ٹائپ بینڈنگ پریس (Ram-type bending press) کہتے ہیں۔ اس میں پریس کے سادہ اصول پر عمل کرتے ہوئے ایک ریم کے ذریعے کام والی جگہ پر پریشر ڈالا جاتا ہے۔ پنچ اینڈ ڈائی (Punch and Die) کا استعمال کرنے کے بجائے، ریم کے ذریعے بینڈنگ والی ڈائی بنائی جاتی ہے اور ڈائی شو (Die Shoe) کی جگہ پر درمیان میں ایک ساتھ دو وِنگ ڈائی (Wing Die) لگادی جاتی ہیں۔ جیسے جیسے ریم اوپر کی طرف بڑھتا ہے، ونگ کام والی جگہ کے گرد لپٹ کر اپنا محور بناتا ہے جس سے بینڈ کے درمیان میں ڈائی بن جاتی ہے۔۔ بینڈنگ پریس کو ہائیڈرولک کے ذریعے یا ہاتھ سے چلائے جاسکتا ہے اور اس کے ذریعے چھوٹے چھوٹے مینار نما سٹاپ بنا کر آگے پیچھے کئی زاویوں پر بینڈ بنائے جاسکتے ہیں۔ مینار نما سٹاپ اوپر کی طرف ریم کی حرکت کو کنٹرول کرتے ہیں جس سے بینڈ کا زاویہ (Angle) بنتا ہے۔

نیچے دی گئی تصویر میں مختلف سائز کے ٹیوب کے لئے ریم ٹائپ بینڈنگ پریس دکھائے گئے ہیں:

اس تصویر میں ہاتھ سے چلنے والے پریس بینڈ کے ذریعے بینڈنگ کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔



سپرنگ بینڈنگ (Spring Bending)

بینڈنگ سپرنگ ایسی جگہوں پر سافٹ کاپر ٹیوب کے بینڈ بنانے کے لئے موزوں رہتا ہے جہاں چھوٹے بینڈ ریڈیس (Bend Radius) کی ضرورت نہ ہو، اور جہاں سرکٹ کی باہر کی فنشنگ زیادہ اہم نہ ہو۔ اسے آسانی سے ٹول کٹ میں لے جایا جا سکتا ہے۔ یہ سپرنگ مختلف سائز میں دستیاب ہیں۔ ایکسٹرنل سپرنگ بینڈر (External Spring Bender) کو چلانے کے لئے، اسپرنگ کو ٹیوب کے باہر چڑھا لیں اور جہاں بینڈ بنانا ہو اس کے تقریباً بیچ میں رکھیں۔ کچھ اپلی کیشنز پر انٹرنل سپرنگ بینڈر (Internal Spring Bender) بھی استعمال کیا جا سکتا ہے اور یہ بھی اسی طرح کام کرتا ہے جس طرح ایکسٹرنل سپرنگ بینڈر کام کرتا ہے، البتہ اس میں سپرنگ کو ٹیوب کے اندر ڈالا جاتا ہے۔

بینڈنگ سپرنگ کو بینڈ بنانے کے بعد ٹیوب پر باندھ دیا جاتا ہے۔ سپرنگ کو گھما کر اسے آسانی سے ہٹایا جا سکتا ہے۔ اس سے سپرنگ کا ڈایامیٹر معمولی سا تبدیل ہو جاتا ہے جس سے ٹیوب پر بنی گرِپ کھل جاتی ہے۔

اگر فلیئر کے قریب موڑ بنانا ہو اور ایکسٹرنل سپرنگ استعمال کرنا ہو تو فلیئر بنانے سے پہلے ٹیوب کو موڑ لیں۔ انٹرنل سپرنگ فلیئر بنانے سے پہلے یا اس کے بعد استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس تصویر میں مختلف سائز کی ٹیوب کے لئے مختلف سپرنگ ڈایامیٹر دکھائے گئے ہیں۔

نیچے دی گئی تصویر میں سپرنگ سے بینڈ بناتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔



ہینڈ ٹیوب بینڈر (Hand Tube Bender)

ہینڈ ٹیوب بینڈر سب سے زیادہ استعمال ہونے والا بینڈر ٹول ہے۔یہ بینڈر مختلف ڈایامیٹر کے ٹیوب کے لئے کئی ڈائمنشن میں دستیاب ہے۔اس تصویر میں پارٹس دکھائے گئے ہیں۔



بینڈر میں ٹیوب لگانے کے لئے سنٹر پن (Centre Pin) کو باہر نکالیں اور بینڈر کے ہینڈل لیور کو ہٹا دیں۔ہک کو اٹھائیں اور ٹیوب کو ہینڈل لیور اور فارمنگ وہیل (Forming Wheel) کے درمیان والی جگہ پر رکھیں۔ہک کو ٹیوب پر گرائیں اور سنٹر پن میں دھکیلیں۔فارمنگ وہیل، ٹیوب اور ہینڈل لیور پر صفر کے نشانات چیک کریں۔
فارمنگ وہیل پر کیلیبریشن کے نشان کے مطابق مطلوبہ اینگل پر موڑیں۔عام ٹیوب بینڈر کے ذریعے 180° تک کسی بھی زاویہ کے بینڈ بنائے جاسکتے ہیں۔

Bend 45^0

Bend 90^0

Bend 180^0

Removing bent tube

ٹیوب بینڈنگ کے خطرات (Tube Bending Hazards)

➢ ٹیوب کا فلیٹ ہو جانا (Tube Flattening)

ایکوپمنٹ ناقص ہو یا ہاتھ سے بینڈنگ کر رہے ہوں تو عام طور پر خطرہ رہتا ہے کہ ٹیوب بینڈ والی جگہ پر بہت زیادہ فلیٹ ہو جاتی ہے۔ ٹیوب فلیٹ ہو جائے تو اندر سے تنگ ہو جاتی ہے اور ریفریجرنٹ کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے۔ زیادہ تر فلوئڈ ٹرانسمیشن ایکوپمنٹ (ہائیڈرالک، ریفریجرنٹ وغیرہ) ایک خاص سائز کے ٹیوب پر بنائے جاتے ہیں تاکہ فلوریٹ (Flow Rate) ضرورت کے مطابق رہے۔ سسٹم کے کسی بھی حصے میں ٹیوب فلیٹ ہو جائے تو بہاؤ میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے جس سے سسٹم صحیح طریقے سے کام نہیں کرتا۔

➢ ٹیوب پر سٹریس پوائنٹس (Stress Points on Tubing)

ٹیوب پر باہر کی سطح پر مختلف سٹریس پوائنٹ مثلاً کھانچے (Nick) یا جھریاں (Groove) بنائے جا سکتے ہیں جس کے لئے نوکیلے ٹیوب کلیمپ (ہک) اور کھردری جگہ پر فارمنگ شوز استعمال ہوتے ہیں۔ یہ خراب حصے سسٹم میں لگ جائیں تو وقت سے پہلے اس میں خرابی کا باعث بنتے ہیں۔



کاپر ٹیوب کی ایکسپینشن(Swagging)

بریزنگ اور فلیئر والے کنکشن ان نازک جگہوں (Critical Points) میں شمار ہوتے ہیں جہاں سے لیکج ہو سکتی ہے۔ بریز کنکشن کی تعداد کو کم کرنے کے لئے ایک ہی ڈایا میٹر کی سافٹ/ہارڈ کاپر ٹیوبز کے دو ٹکڑوں کو بغیر فٹنگ کے جوڑا جا سکتا ہے۔اس میں ایک ٹکڑا بڑھا ہوا(Expanded) ہوتا ہے (اس کو بڑا یا Swag کر لیا جاتا ہے تاکہ اسی ڈایا میٹر کا ٹیوب کا دوسرا ٹکڑا اس کے اندر آ جائے)۔

عام طور پر مختلف ٹائپ کے Swaging ٹولز استعمال کئے جاتے ہیں۔نیچے دی گئی تصویر میں Hand Expanding Tool دکھایا گیا ہے جو زیادہ تر استعمال ہوتا ہے۔

کاپر ٹیوب کو اکثر بڑا کرنے (swaging) کی ضرورت پڑتی رہتی ہے۔ دو کنکشن بنانے کے بجائے ایک جوائنٹ کی بریزنگ زیادہ آسان رہتی ہے۔ ٹیوب کے دو ٹکڑوں کے اوور لیپ (Overlap) کی لمبائی اہم ہے۔ ایک اصول یہ ہے کہ اوورلیپ کی لمبائی ٹیوب کے بیرونی ڈایا میٹر (OD) کے برابر ہونی چاہیے۔



7.4 فلیئر نگ اور فلیئرڈ کنکشن (Detachable Connections)

کاپر ٹیوب کو سسٹم کمپونینٹس سے جوڑتے وقت بنیادی طور پر دو طرح کے کنکشن لگائے جاتے ہیں:

- فلیئرڈ کنکشن (Detachable Connection)
- بریزڈ کنکشن (Non-detachable Connection)

فلیئرڈ ٹیوب کنکشن لگانے کے لئے فلیئر نگ ٹول استعمال کیا جاتاہے۔ فلیئر نگ ٹولز دو طرح کے ہوتے ہیں:

- کمپریشن ٹائپ Compression Type)
- جنریٹر ٹائپ (Generator Type)

کمپریشن ٹائپ (Compression Type)

اس قسم کے ٹولز میں ایک ٹیوب کو قابو کرنے والا آلہ (Tube Holding Device) جسے فلیئر نگ بار (Flaring Bar) یا فلیئر نگ بلاک (Flaring Block) کہا جاتا ہے اور ایک یوک اسمبلی (Yoke Assembly) ہوتی ہے جو فیڈ سکریو (Feed Screw) اور ہموار سطح والی فلیئر کمپریشن کون (Flare Compression Cone) پر مشتمل ہوتی ہے۔

ٹیوب کو فلیئر نگ بار میں لگا کر یوک ڈالی جاتی ہے اور فیڈ سکریو کو اس حد تک آگے کیا جاتا ہے کہ اس میں درمیانی رکاوٹ پیدا ہونے لگے۔ اس جگہ پر ٹیوب کو پھیلایا جاتا ہے اور بار میں کاؤنٹر سنک پر پریس کیا جاتا ہے۔ اس آپریشن کے دوران، کون گھومتا نہیں ہے۔

فائدے

- ☑ درمیانی قیمت کا ٹول ہے
- ☑ درست فلیئر بناتا ہے
- ☑ تنگ جگہوں پر بھی آسانی سے کام کرتا ہے
- ☑ کئی طرح کے ٹیوب ڈایا میٹر کے لئے استعمال ہو سکتا ہے

نقصانات

اگر دی گئی ہدایات پر عمل نہ کیا جائے تو فلیئر صحیح نہیں بنتے۔ ٹول ناقص ہو گا تو فلیئر بھی ناقص بن سکتا ہے یعنی فلیئر کی بیس پر کٹ ہوں گے، فلیئر آڑھے ترچھے بنیں گے یا فلیئر کو بٹھانے والی جگہ پر نشان ہوں گے۔

جنریٹر ٹائپ(Generator Type)

اس قسم کے ٹولز میں ٹیوب کو قابو کرنے والا آلہ(Tube Holding Device)، یوک اسمبلی(Yoke Assembly)، فیڈ سکریو(Feed Screw)اور فلیئر جنریٹنگ کون(Flare Generating Cone)شامل ہوتے ہیں۔ فلیئر جنریٹنگ کون کے دو ڈیزائن عام طور پر زیادہ استعمال ہوتے ہیں:

- فیسیٹڈ کون(Faceted Cone): اس قسم کی کون بنانے کے لئے مشین سے ابھری ہوئی اور وقفوں والی سطحوں کی ایک سیریز بنائی جاتی ہے۔ چلانے پر کون کی ابھری ہوئی سطح ٹیوب کو چھوتی ہے جس شعلہ یا فلیئر پیدا ہوتا ہے۔
- رولر کون: رولر کون بھی فیسیٹڈ کون کی طرح ہوتی ہے البتہ اس میں ابھری ہوئی سطحوں کے لئے رولر کی سیریز استعمال ہوتی ہے۔ فلیئر اسی طرح پیدا ہوتے ہیں جس طرح فیسیٹڈ کون میں ہوتے ہیں اور اس کا فائدہ یہ ہے کہ جس جگہ فلیئر پیدا ہوتا ہے وہاں فرکشن کم ہوتی ہے۔



فائدے:

- ☑ فلیئر بالکل ٹھیک جگہ پر پیدا ہوتا ہے
- ☑ تنگ جگہوں پر بھی آسانی سے چل جاتی ہے

- ☑ یہ کئی طرح کے سائز پر چلتی ہے
- ☑ ٹول پر چمک کی وجہ سے فلیئر کی سطح کی فنشنگ شاندار رہتی ہے

فلیئرنگ بلاک کے ذریعے درست سائز کا فلیئر بنانے کے لئے ہمیشہ درج ذیل باتیں ذہن نشین رکھیں:

- ✓ فلیئرنگ سے پہلے ٹیوب کو اچھی طرح تیار کرلیں
- ✓ فلیئرنگ کے لئے ہمیشہ تجویز کردہ ٹولز استعمال کریں۔
- ✓ اپنے ٹولز کو احتیاط سے ہینڈل کریں، ان کی مناسب دیکھ بھال کریں اور وقتاً فوقتاً صاف کرتے رہیں۔
- ✓ ٹولز اور ٹیوب کو صاف کرنے کے لئے کمپریسڈ ہوا، آکسیجن یا نائٹروجن کا استعمال نہ کریں۔
- ✓ فلیئرنگ سے پہلے فلیئر نٹ (Flare Nut) کو ٹیوب پر مطلوبہ پوزیشن میں رکھنا نہ بھولیں۔
- ✓ ٹیوب کے ڈایا میٹر میں درست بور فٹنگ کے ساتھ صرف فلیئر نٹ استعمال کریں۔
- ✓ فلیئرنگ کون یا رولر کون پر ریفریجرینٹ آئل کا ایک قطرہ ڈالیں۔
- ✓ فلیئرنگ کے بعد صاف، خشک کپڑے یا کاغذ کا استعمال کرتے ہوئے فلیئر سے تیل کو صاف کردیں۔
- ✓ ریتی یا دیگر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے صاف کرنے کے لئے ٹیوب میں پھونک نہ ماریں، اس سے سسٹم کے اندر تیزاب بن جائے گا۔
- ✓ ہمیشہ مکمل فلیئر کا معائنہ کریں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ سائیڈز پر میں کوئی لکیریں یا دیگر خامیاں نہ ہوں۔
- ✓ پرانی یا سخت ٹیوب کو فلیئر کرنے کی کوشش نہ کریں۔

ٹیوب فلیئرنگ اور فلیئر ڈبلاک کے اوپر تھوڑی سی بڑھی ہوئی ہونی چاہئے تاکہ دھات اتنی ہو کہ فلیئر اچھی طرح بن سکے۔ فلیئر کو اس کی اونچائی کے تقریباً ایک تہائی سے اوپر نہ جانے دیں۔





Correctly made flare



Flare too small



Flare is uneven



Burrs on edge



Flare to large

فلیئر کا کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ ڈایا میٹر چیک کرنا ضروری ہے—نیچے دیئے گئے ٹیبل دیکھیں:



Nominal tube diameter	Flare diameter „A“	
	MAX (inch)	MIN (inch)

1/8	0.181	0.171
3/16	0.249	0.239
1/4	0.325	0.315
5/16	0.404	0.388
3/8	0.487	0.471
7/16	0.561	0.545
1/2	0.623	0.607
9/16	0.676	0.660
5/8	0.748	0.732
3/4	0.916	0.900
7/8	1.041	1.025

فلیئرٹیوب کو 7/8 انچ O.D سے زیادہ اوپر نہ جانے دیں!!

Nominal tube diameter	Flare diameter „A“ mm. +/-0.2
6	9
8	11
10	13
12	15
15	19
16	19
18	21

فلیئرٹیوب کو 18 انچ O.D سے زیادہ اوپر نہ جانے دیں!

یادرکھیں:

اگر فلیئرنگ کے دوران ٹیوب پھٹ جائے، تو ہو سکتا ہے کہ یہ ٹیوب زیادہ پرانی ہو یا سخت ٹیوب ہو۔ پرانی ٹیوب زیادہ استعمال کے بعد ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جاتی ہے اور تسلی بخش طریقے سے فلیئر نہیں ہوتی۔

اس طرح کی صورتحال سے بچنے کے لئے ٹیوب کو چیری سرخ رنگ میں گرم کر کے اور پھر آہستہ آہستہ ٹھنڈا کر کے نرم (Anneal) کریں۔ نرم کی گئی ٹیوب کو ٹھنڈا کرنے کے لئے پانی کا استعمال نہ کریں۔

سخت ٹیوبنگ کو اس وقت تک موڑا یا فلیئر نہیں کیا جا سکتا جب تک کہ یہ نرم نہ ہو۔

تبصرہ

بعض ٹیکنیشن فلیئر بناتے وقت فلیئرنگ ٹول کو مسلسل حرکت دیتے رہتے ہیں۔ یہ اس طریقے سے کیا جاتا ہے کہ وہ آگے پیچھے حرکت نہیں کر سکتے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ٹول کو پچھلی طرف موڑے بغیر مسلسل موڑنے سے کام ہو جاتا ہے لیکن ٹیوب سخت ہو جاتی ہے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس کے بعد یہ ٹوٹ جائے۔

کچھ ٹیکنیشن ایسا فلیئر ڈ استعمال کرنا پسند کرتے ہیں جو مکمل طور پر بنا ہوا نہ ہو۔ اس مقصد کے لئے فلیئر نٹ کو فلیئر پر ٹائٹ کرتے ہیں۔

سپننگ ٹول(Spinning Tool)کو زیادہ ٹائٹ نہ کریں۔اس سے فلیئر بننے پر ٹیوب کی دیوار پتلی اور کمزور ہو جائے گی۔

فلیئر بننے سے پہلے ٹیوب پر فلیئر نٹ کو ہمیشہ مناسب پوزیشن میں رکھیں۔بیشتر صورتوں میں فلیئر بننے کے بعد اسے ٹیوب پر نہیں لگایا جاسکتا۔

فلیئرڈ ٹیوب فٹنگ(Flared Tube Fittings)

فٹنگ کو نرم کاپر ٹیوب کے ساتھ لگانے کے لئے عام طور پر فلیئرڈ ٹائپ کنکشن استعمال کیا جاتا ہے۔مارکیٹ میں بہت سے مختلف فٹنگ ڈیزائن موجود ہیں۔ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ کے لئے منظور شدہ سٹینڈرڈ فورجڈ فٹنگ(Forged Fitting)ہے۔ان میں سے بعض کے **نیشنل پائپ(National Pipe [NP])** تھریڈز ہیں۔بعض ایسے بھی ہیں جن کے پاس **سوسائٹی آف آٹو موٹو انجینئرز(SAE)** یا **نیشنل فائن(NF)** تھریڈز ہیں۔

فٹنگز عام طور پر ڈراپ—فورجڈ براس(Drop-forged Brass)سے بنائی جاتی ہیں۔مشین کے ذریعے درست طریقے سے ان کے تھریڈز(Threads)،رینچ سے لگانے کے لئے مسدسی شکلیں(Hexagonal Shapes)اور ٹیوب فلیئر پر فٹنگ کے لئے 45° فلیئر بنائے جاتے ہیں۔تھریڈ والی ان فٹنگز کو احتیاط سے ہینڈل کیا جائے تاکہ انہیں کوئی نقصان نہ پہنچے۔

تمام فٹنگ سائز ٹیوب کے سائز کے مطابق ہوتے ہیں۔مثال کے طور پر،"1/4 کا فلیئر نٹ "1/4 کی ٹیوب کو فلیئرڈ فٹنگ سے جوڑتا ہے حالانکہ اس میں NF ”16/7 کے انٹرنل تھریڈز ہوتے ہیں اور اسے موڑنے اور ٹائٹ کرنے کے لئے "3/4 کا رینچ استعمال ہوتا ہے۔

میٹرک-سائز ٹیوب کے لئے میٹرک-سائز فٹنگز کی ضرورت پڑتی ہے۔یہ یو ایس کنونشنل-سائز کی فٹنگز سے بہت ملتے جلتے ہیں اور اسی طرح استعمال ہوتے ہیں۔

ٹیکنیشن کو محتاط رہنا چاہیے کہ وہ یو ایس کنونشنل-سائز کی فٹنگز کو میٹرک-سائز کی فٹنگز کے ساتھ مکس نہ کرے۔

7.5 بریزنگ اور بریزنگ والا کنکشن(non-detachable connection)

کاپر ٹیوب اور فٹنگز کو جوڑنے کے کئی طریقے ہیں اور سسٹم کے مقصد کے مطابق طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔زیادہ تر کیپلری فٹنگ سے بریزنگ اور سولڈرنگ کے طریقے استعمال ہوتے ہیں۔

- ➢ سولڈر جوائنٹ صرف پانی والے پائپ اور نالیوں کے لئے استعمال ہوتے ہیں
- ➢ بریز جوائنٹ ریفریجرنٹ پائپ اور ٹیوب کے لئے استعمال ہوتے ہیں

"سافٹ سولڈرنگ (Soft Soldering)" اور "بریزنگ (Brazing)" کی اصطلاحات کو اکثر غلط استعمال کیا جاتا ہے۔ سولڈرنگ اور بریزنگ کے درمیان فرق درجہ حرارت کی وہ کمی ہے جس پر سولڈر بہتا ہے۔

- **اگر کاپر ٹیوب کو جوڑنے کے لئے استعمال ہونے والے الائے کو پگھلانے کے لئے درکار درجہ حرارت +450°C سے کم ہو تو اسے سولڈرنگ سمجھا جاتا ہے۔**
- **اگر الائے کے بہاؤ لئے درکار درجہ حرارت +450°C سے زیادہ ہو تو اسے بریزنگ کہا جاتا ہے۔**

ایک اچھا جوائنٹ کے لئے ضروری ہے ایک اچھا تربیت یافتہ سروس ٹیکنیشن جو ان میٹریلز مواد اور طریقوں کو جانتا ہو اور ان کا احترام کرتا ہو جنہیں وہ استعمال کرتا ہے۔ سولڈر یا بریز جوائنٹس کی فیبریکیشن کام کی عارضی جگہ پر یا ورکشاپ میں کی جا سکتی ہے۔

اگرچہ سولڈرنگ اور بریزنگ بنیادی طور پر سادہ سے کام ہیں، لیکن عمدہ اور ناقص طریقہ اپنانے سے بہت فرق پڑتا ہے جس کے نتیجے میں عمدہ جوائنٹ لگتا ہے یا پھر خراب ہو جاتا ہے۔ سولڈرنگ اور بریزنگ کی بنیادی تھیوری اور طریقہ کاپر ٹیوب کے تمام ڈایا میٹر کے لئے ایک جیسا ہے۔ ان میں بدلنے والی چیزیں صرف فلر میٹل (Filler Metal) اور کسی جوائنٹ پر لگنے والا وقت اور اس کے لئے درکار حرارت کی مقدار ہیں۔

سولڈر جوائنٹ میں پگھلے ہوئے سولڈر کو فٹنگ اور ٹیوب کے درمیان والی جگہ میں لانے کے لئے کیپلیری ایکشن کا استعمال کیا جاتا ہے۔ سولڈر کا انتخاب دو عوامل کی بنیاد پر کیا جاتا ہے: آپریٹنگ پریشر اور ٹیوب کا ٹمپریچر۔ درمیانے پریشر اور ٹمپریچر کے لئے ایک ٹِن-اینٹیمونی سولڈر (Tin-Antimony Solder) موزوں رہتا ہے۔ یہ +182°C پر پگھلتا ہے اور +213°C پر فلوئڈ بن جاتا ہے۔

بریزنگ کے طریقے سے بننے والا بانڈ سولڈرنگ سے زیادہ مضبوط ہوتا ہے۔ بریزنگ فلر دھاتی بریزنگ ٹمپریچر پر ایک جیسی اور مختلف دھاتوں کو جوڑ سکتے ہیں۔ **بریزنگ فلر دھاتیں +538°C سے +816°C کے درمیان ٹمپریچر پر پگھل جاتی ہیں۔**

کاپر ٹیوب کی بریزنگ کے لئے استعمال ہونے والی کچھ فلر دھاتیں دو قسموں کی ہوتی ہیں: الائے جن میں 30% سے 60% کے درمیان سلور ہوتا ہے، دوسرے کاپر الائے ہیں جن میں کچھ فاسفورس ہوتا ہے۔ ان دونوں قسموں میں پگھلاؤ، بہاؤ اور Flux کی خصوصیات مختلف ہوتی ہیں۔ فلر میٹل کے کسی بھی کلاس سے مضبوط جوڑ بنائے جا سکتے ہیں۔

بریزڈ کاپر جوائنٹ کی مضبوطی کا انحصار ٹیوب اور استعمال شدہ فٹنگ کے ساکٹ کے درمیان مناسب کلیئرنس پر ہوتا ہے۔

اس کتابچہ میں صرف بریزنگ پر بات کی جائے گی کیونکہ ACR کام میں کاپر ٹیوب کو جوڑنے کے لئے یہ طریقہ سب سے زیادہ تجویز کیا جاتا ہے۔

سولڈرنگ اور بریزنگ دونوں میں ایک جیسے بنیادی کام شامل ہیں، جنہیں احتیاط سے مہارت سے کرنے کے طریقے ٹرینی کو لازماً سیکھنے چاہئیں۔ جوائننگ پراسیس میں آٹھ اہم مراحل ہیں:

- ☑ پیمائش اور کٹنگ (Measuring and Cutting)
- ☑ ریمنگ (Reaming)
- ☑ صفائی (Cleaning)
- ☑ فلکسنگ (Fluxing)
- ☑ اسمبلی اور سپورٹ (Assembly and Support)
- ☑ ہیٹنگ (Heating)
- ☑ فلر میٹل لگانا (الائے) (Applying the Filler Metal)

☑ ٹھنڈا کرنا اور صفائی کرنا (Cooling and Cleaning)

جہاں تک پیمائش، کٹنگ، ریمنگ، صفائی، اسمبلی اور سپورٹ کے طریقوں کا تعلق ہے تو بریز جوائنٹ بھی اسی طرح بنتا ہے جس طرح سولڈر جوائنٹ۔ جس طرح سولڈرنگ میں ہوتا ہے، برزینگ میں بھی فلر میٹل کو حرارت سے پگھلایا جاتا ہے، اور کیپلری ایکشن کے ذریعے جوائنٹ میں ڈالا جاتا ہے۔

سولڈرنگ اور بریزنگ میں درج ذیل بڑے فرق پائے جاتے ہیں:

- استعمال شدہ فلکس کی قسم
- فِلر میٹل کی کمپوزیشن
- فِلر میٹل کو پگھلانے کے لئے درکار حرارت کی مقدار

فِلر میٹلز کی بریزنگ کو بعض اوقات "ہارڈ سولڈر" یا "سلور سولڈر" کا نام بھی دیا جاتا ہے۔

بریزنگ فِلر میٹل (Brazing Filler Metals)

کاپر ٹیوبز کو جوڑنے کے لئے استعمال ہونے والی بریزنگ فلر میٹلز عام طور پر دو قسم کی ہوتی ہیں۔ ان کی کلاسیفکیشن کمپوننٹس کے مطابق کی جاتی ہے جو درج ذیل ہیں:

- ✓ (Brazing-Copper-Phosphorus) BCuP
- ✓ (Brazing-Silver) Bag

کاپر ٹیوب اور فٹنگز کے جوڑ لگانے کے لئے BCuP فِلر میٹلز کو ترجیح دی جاتی ہے۔ فِلر میٹل میں موجود فاسفورس فلکسنگ ایجنٹ کا کام کرتا ہے اور سلور کے کم فیصد تناسب کی بدولت یہ نسبتاً سستے ہوتے ہیں۔ کاپر ٹیوب جب، کاپر فٹنگز اور BCuP بریزنگ فلر میٹل کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے، تو فاسفورس کی Self-fluxing کی وجہ سے اس میں فلکسنگ کی ضرورت نہیں پڑتی۔

بریزنگ کے لئے فلر میٹلز کا انتخاب چار اہم عوامل کی بنیاد پر کیا جاتا ہے:

- ✓ جوائنٹ کی ہرڈائمنشن سے برداشت کی صلاحیت (جوڑنے والے عناصر کے ڈایا میٹر کے درمیان فرق 0.1-0.2 ملی میٹر کے درمیان ہو تو زیادہ بہتر رہتا ہے)
- ✓ فٹنگ کی قسم اور میٹیریل (کاسٹ یا بنا ہوا)
- ✓ مطلوبہ شکل
- ✓ لاگت

نیچے دیئے گئے ٹیبل میں بریزنگ فِلر میٹلز سٹینڈرڈ اور خصوصیات کے مطابق بیان کئے گئے ہیں:

Specification according to EN ISO 3677	Specification according to DIN 8513	Melting range ° C		Working temperature °C
		Solidus	Liquidus	
B - Cu 94 P - 710 / 880	L - CuP6	710	880	730
B - Cu 92 P Ag - 650 / 810	L - Ag2P	650	810	710
B - Cu 36 AgZn Sn - 630 / 730	L - Ag34Sn	630	730	710

B - Ag 45 CuZn Sn - 640 / 680	L - Ag45Sn	640	680	670
B - Ag 44 CuZn - 680 / 740	L - Ag44	680	740	730

سولیڈس ٹمپریچر (زیریں نقطہ پگھلاؤ) [Solidus Temperature (Lower Melting Point)]

سولیڈس ٹمپریچر پگھلاؤ کی رینج یا پگھلاؤ کے درمیانی وقفے کا زیریں ٹمپریچر ہے۔ بریزنگ الائے اس ٹمپریچر سے نیچے مکمل طور پر ٹھوس ہوتا ہے۔

لیکوئڈس ٹمپریچر (بالائی نقطہ پگھلاؤ) [Liquidus Temperature (Upper Melting Point)]

لیکوئڈس ٹمپریچر پگھلاؤ کی رینج یا پگھلاؤ کے درمیانی وقفے کا بالائی ٹمپریچر ہے۔ بریزنگ الائے اس ٹمپریچر سے نیچے مکمل طور پر مائع ہوتا ہے۔

Pre-coated brazing silver alloy

Brazing Flux Paste

بریزنگ ایکوپمنٹ [Brazing Equipment]

زیادہ سے زیادہ مضبوط اور لیک پروف جوائنٹ کے لئے اوکسی ایسیٹائلین بریزنگ ایکوپمنٹ (Oxyacetylene brazing equipment) استعمال کیا جاتا ہے۔ اوکسی ایسیٹائلین سے مراد یہ ہے کہ جلتے ہوئے ایسیٹائلین میں خالص آکسیجن کو شامل کیا گیا ہے۔ نیچے دی گئی تصویر میں ایک چھوٹا پورٹیبل سسٹم دکھایا گیا ہے۔



آکسی ایسیٹائلین کے درست استعمال کے لئے آکسیجن اور ایسیٹائلین کے پریشر کی پیمائش کی ضرورت ہوتی ہے۔آکسیجن ٹینک اور ایسیٹائلین ٹینک میں پریشر ریگولیٹرز اور گیجز کا ایک سیٹ ہونا ضروری ہے۔ایک گیج ٹینک کے پریشر کو ظاہر کرتا ہے،دوسرا ٹارچ پر پریشر دکھاتا ہے۔

کمبائنڈ مکسچر زیادہ سے زیادہ ٹمپریچر تقریباً 3320°C+ پیدا کرتا ہے۔اس کے ذریعے کمپریسر،لائن ڈرائر، فلٹر، سولینائڈ- یا کنٹرول والوز وغیرہ میں بریزنگ کرتے وقت کاپر ٹیوب کے نیچے کم سے کم ٹمپریچر منتقل ہوتا ہے۔

تجربہ کار ٹیکنیشن کو اس قابل ہونا چاہئے کہ وہ متبادل آئٹمز کو گرمی کی منتقلی کے ذریعے کوئی نقصان پہنچائے بغیر ان کی بریزنگ کر سکے۔

بریزنگ پراسیس(Brazing Process)

بریزنگ کے دوران پہلے مرحلے کے دوران پیمائش، کٹنگ، ریمنگ اور صفائی جیسے پراسیس اس ماڈیول کے شروع میں بیان کئے جا چکے ہیں۔اس کے بعد اب بریزنگ پراسیس کی تفصیل پر بات ہوگی جس میں ان عناصر کی فلکسنگ ہوتی ہے جنہیں جوڑا جا رہا ہے۔

کاپر جوائنٹس کی بریزنگ کے لئے استعمال ہونے والے فلکس کی کمپوزیشن سولڈرنگ فلکس سے مختلف ہوتی ہے۔دونوں اقسام کو کبھی بھی ایک دوسرے کے ساتھ استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

بریزنگ فلکس پانی سے بنتے ہیں، جبکہ زیادہ تر سولڈرنگ فلکس پیٹرولیم سے بنتے ہیں۔بریزنگ فلکس میٹل سرفیس سے بچے کھچے آکسائیڈز کو تحلیل کرتے ہیں اور انہیں وہاں سے ہٹاتے ہیں، ہیٹنگ کے دوران میٹل کو حرارت سے بچاتے ہیں اور ان سطحوں کو "گیلا" کرتے ہیں جنہیں بریزنگ فِلر میٹل کے ذریعے جوڑنا ہو۔

فلکس سے سروس ٹیکنیشن کو بریزنگ پراسیس کے دوران جوائنٹ کے درجہ حرارت کا اشارہ بھی ملتا ہے۔

اگر فٹنگ کے باہر اور ٹیوب کے حرارت سے متاثرہ حصے کو فلکس سے ڈھانپ دیا جائے تو آکسیڈیشن رک جائے گی اور جوائنٹ کی ظاہری شکل بہت بہتر ہو جائے گی۔

ٹیوب کے سرے اور فٹنگ دونوں پر کبھی فلکس نہ لگائیں۔زیادہ تر عام کاموں میں، ٹیوب کے دونوں سروں اور فٹنگ کے اندر فلکسنگ کی جاتی ہے۔لیکن ریفریجریشن کے کام میں، ٹیوب کے سرے کو جزوی طور پر فٹنگ میں داخل کیا جاتا ہے اور پیسٹ فلکس کو جوائنٹ کے باہر چاروں طرف برش کیا جاتا ہے۔فلکس لگانے میں بہت احتیاط سے کام لیں۔چونکہ جدید ریفریجریٹس بہترین سالوینٹس ہیں، اس لئے وہ رگڑ کے پہلے مقام پر یعنی عام طور پر ایکسپینشن ڈیوائس، یا ممکنہ طور پر کمپریسر رنگز، والوز، آئل پمپ وغیرہ میں فلکس کی باقیات اور دیگر آلودہ اجزاء کو اکٹھا کر لے جائیں گے۔

سسٹم کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

نیچے دی گئی تصویروں میں فلکس لگانے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے۔







بریزنگ کے بعد فلکس کی باقیات

ہیٹنگ کے دوران فلکس

اسمبلی اور سپورٹ

ٹیوب اور فٹنگ دونوں کی سطحوں کو مناسب طریقے سے فلکس کرنے کے بعد جوائنٹ کو اسمبل کیا جاسکتا ہے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ٹیوب کا سرا فٹنگ ساکٹ کی بیس پر بیٹھ جائے۔ کاٹن کے کپڑے سے جوائنٹ کے بیرونی حصے سے اضافی فلکس کو صاف کر دیں۔

اس بات کو یقینی بنائیں کہ ٹیوب اور فٹنگز کو مناسب سپورٹ ملے، اور جوائنٹ کے پورے فریم کے ارد گرد ایک یکساں کیپلری سپیس موجود ہو۔ کیپلری اسپیس یکساں ہو تو فِلر میٹل اچھی طرح اندر تک جاتا ہے، بشرطیکہ کامیاب جوائنٹ بنانے کے دیگر تمام رہنما اصولوں پر عمل کیا جائے۔ جوائنٹ کی ضرورت سے زیادہ صفائی فِلر میٹل کسی دباؤ یا وائبریشن کی صورت میں کریک کا باعث بن سکتی ہے۔

جوائنٹ اب بریزنگ کے لئے تیار ہے۔ جوائنٹ جب بریزنگ کے لئے تیار ہو تو اسے رات بھر ادھورا نہ چھوڑیں۔

ہیٹنگ

بریزنگ کے لئے چونکہ کھلے شعلے اور زیادہ ٹمپریچر کی ضرورت ہوتی ہے، اور چونکہ آتش گیر گیسیں استعمال ہوتی ہیں اس لئے حفاظتی تدابیر پر عمل کرنا ضروری ہے۔
ہیٹنگ کرتے وقت سروس ٹیکنیشن کو یاد رکھنا چاہئے کہ:

- ☑ ہیٹ **یکساں** ہونی چاہئے
- ☑ ہیٹ **کافی** ہونی چاہئے
- ☑ **لیکن بہت زیادہ نہ** ہو

ٹارچ کے شعلے کی ایڈجسٹمنٹ



ٹیوب کو عمودی رخ پر شعلے سے گرم کرنا شروع کریں۔ کاپر ٹیوب شروع میں ملنے والی ہیٹ کو فٹنگ ساکٹ میں اندر اور باہر تقسیم کرتی ہے۔ یہ پری ہیٹنگ کتنی ہونی چاہیئے اس کا انحصار جوائنٹ کے سائز پر ہوتا ہے۔ تجربے سے اندازہ ہو گا کہ اس میں کتنا وقت لگے گا۔

اس کے بعد شعلے کو فٹنگ گیپ پر لے کر جائیں۔ پھر شعلے کو فٹنگ ساکٹ سے واپس ٹیوب پر منتقل کریں، اس کا فاصلہ فٹنگ ساکٹ کی گہرائی کے برابر رکھیں۔ فلِر کو جوائنٹ پر ٹچ کریں اور اسے لگائیں۔ اگر فلِر نہ پگھلے تو اسے ہٹا دیں اور ہیٹنگ کا عمل جاری رکھیں۔ محتاط رہیں کہ اوور ہیٹ نہ ہو یا شعلے کو فٹنگ گیپ کے فیس کی طرف نہ لے جائے۔ یہ فلکس کو جلانے اور اس کی تاثیر کو ختم کرنے کا سبب بن سکتا ہے۔ جب سولڈر میلٹنگ ٹمپریچر تک پہنچ جاتا ہے تو، فلر کو سپیس (گیپ) میں لے جا کر کیپلری ایکشن میں مدد کے لئے فٹنگ کی بیس پر ہیٹ دی جا سکتی ہے۔

بریزنگ فلِر میٹل لگانے کا طریقہ

یاد رکھیں کہ فلِر میٹل کو پگھلانے کے لئے **جوائنٹ کو ہیٹ دیں**، **شعلے کو نہیں**۔ پگھلی ہوئی فلِر میٹل کیپلری ایکشن سے جوائنٹ میں آئے گی۔ یہ بہت ضروری ہے کہ شعلہ مسلسل حرکت میں ہو۔ اسے کسی بھی جگہ پر اتنی دیر نہ رکھیں کہ یہ ٹیوب یا فٹنگ کو جلا دے۔ فلکس کو رہنما کے طور پر استعمال کرتے ہوئے اس بات کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ٹیوب کو کتنی دیر ہیٹ دی جائے۔ ٹیوب کو ہیٹ دیتے رہیں یہاں تک کہ فلکس صاف پانی کی طرح خاموش اور شفاف ہو جائے۔



Make sure to melt the filler metal by the heat of the joint, not directly by the flame



اگر فلِر میٹل کا بہاؤ بند ہو جائے یا یہ گیند کی شکل میں جمع ہونے لگے، تو اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یا تو جن سطحوں کو جوڑا جا رہا ہے ان پر آکسائیڈ نہیں ہے یا پھر جن پارٹس کو جوڑا جا رہا ہے وہ کافی حد تک گرم نہیں ہیں۔ اگر فلِر میٹل جوائنٹ میں داخل نہ ہو تو اس کا مطلب ہے کہ فٹنگ گیپ کافی حد تک گرم نہیں ہے۔ اگر یہ جوائنٹ کے کسی بھی حصے سے باہر بہنے لگے تو اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ حصہ اوور ہیٹ ہو گیا ہے۔ بریز کیا گیا جوائنٹ جب مکمل ہو جائے تو جوائنٹ کے گرد ایک مسلسل فلٹ (Continuous Fillet) پوری طرح نظر آنی چاہیئے۔

Heating up the joint

Heating up the joint

Heating up the joint. Note the formation of copper oxide outside the tubing

Applying BcuP filler metal (Alloy)

Brazing completed

بریزنگ کے دوران اگر بے جان گیس (inert gas) یعنی نائٹروجن استعمال نہ کی جائے تو ٹیوب کے اندر اور باہر کاپر آکسائیڈ کی تہہ بن جائے گی۔

یہی وجہ ہے کہ بریزنگ کے دوران بے جان گیس (نائٹروجن) استعمال کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

ڈرائی نائٹروجن کو ٹیوب کے ذریعے اندر داخل کیا جائے تاکہ ٹیوب کی اندرونی سطح پر کاپر آکسائیڈز جمع نہ ہوں۔ نائٹروجن سلنڈر پر ہمیشہ پریشر ریگولیٹر استعمال کریں۔ نائٹروجن کے مناسب بہاؤ کے لئے ضروری ہوگا کہ پریشر تقریباً 0,2 بار (psig3) رکھا جائے، جبکہ ٹیوب کے آخرے سرے میں صرف ایک چھوٹا سا سوراخ چھوڑ دیا جائے۔ سرے پر ایک چھوٹے سے پلاسٹک کے تھیلے کو ٹیپ کرنے اور اس میں پن ہول بنانے یا پلاسٹک پٹی وغیرہ استعمال کرنے سے نائٹروجن کا مناسب بہاؤ برقرار رہے گا۔



سالڈ جوائنٹ (Solid Joint) کا مطلب یہ ہے کہ فِلر میٹل نے گیپ کو پوری طرح بھر دیا ہے

بڑے ڈایا میٹر کا ٹیوب (Larger – diameter tube)

بڑے ڈایا میٹر کے ٹیوب کو مطلوبہ ٹمپریچر پر گرم کرنا زیادہ مشکل ہے۔ جس جگہ بریزنگ ہو رہی ہے اس پر مناسب ٹمپریچر برقرار رکھنے کے لئے ہیٹنگ ٹپ (Heating tip) یا روز بڈ (Rosebud) کا استعمال کرنا ضروری ہوگا۔ ہیٹ جب پوری طرح کنٹرول میں آجائے تو چھوٹے ٹیوب کے لئے بھی اسی طریقہ کار پر عمل کریں۔

کولنگ اور صفائی (Cooling and Cleaning)

بریز جوائنٹ جب ختم ہو جائے تو اسے قدرتی طور پر ٹھنڈا ہونے دیں۔ فلکس کی باقیات کو گرم پانی سے دھو کر اور سٹین لیس سٹیل کے تار برش سے صاف کیا جا سکتا ہے۔

درست طریقہ کار پر عمل کر کے بریزنگ آسانی سے کی جا سکتی ہے:

- ☑ **پارٹس سے گریس صاف کریں اور جوڑوں کو اچھی طرح صاف کریں۔**
- ☑ **جوڑوں کو اچھی طرح فٹ کریں اور تمام پارٹس کو سہارا دیں۔**
- ☑ **بریزنگ الائے کے لئے تجویز کردہ کلین فلکس استعمال کریں۔ مینوفیکچرر کی ہدایات پر عمل کریں۔**
- ☑ **ٹیوب کے ذریعے نائٹروجن یا کاربن ڈائی آکسائیڈ ڈالیں تاکہ ٹیوب کے اندر کاپر آکسائیڈ کی تہہ نہ بنے۔**
- ☑ **تجویز کردہ درجہ حرارت پر برابر ہیٹ دیں۔ ٹارچ کو مسلسل حرکت میں رکھیں۔**
- ☑ **گرم حصوں پر بریزنگ الائے لگائیں۔ بریزنگ الائے کو ٹارچ سے گرم نہ کریں (پگھلائیں)۔**
- ☑ **جوڑ کو ٹھنڈا کریں۔**
- ☑ **گرم پانی اور برش، یا نائلون کے کھرچنے والے پیڈ کا استعمال کرتے ہوئے، جوڑ کو اچھی طرح سے صاف کریں۔ تسلی کر لیں کہ تمام فلکس صاف ہو گیا ہے۔**

تاہم سب سے ضروری بات یہ ہے کہ بریزنگ کے بہترین نتائج کے لئے مناسب تربیت حاصل کی جائے۔

خلاصہ

اگر کاپر ٹیوب اور فٹنگ کو بریزنگ کے ذریعے جوڑنا ہے تو اسے صحیح طریقے سے تیار اور گرم کیا جائے، اور اگر صحیح فلر میٹل استعمال کی جائے، تو تیار شدہ جوڑ مضبوط ہو گا۔ بریز کیا گیا کاپر پائپنگ سسٹم، جب مناسب طریقے سے انسٹال ہو جائے، تو کئی دہائیوں کی محفوظ اور قابل اعتماد سروس فراہم کرے گا۔ اس ماڈیول میں انسٹالیشن کا جو طریقہ بیان کیا گیا ہے اس پر صحیح طریقے سے عمل کر کے سروس ٹیکنیشن تمام ڈایامیٹرز کے کاپر ٹیوب سسٹمز میں ہر بار قابل اعتبار بریز جوائنٹ بنا سکتے ہیں۔

ریفریجریشن ریفریجریشن اور ایئر کنڈیشننگ (RAC) میں
عمدہ سروس کے عملی طریقوں پر رہنما کتابچہ
(تربیتی کتابچہ)

ماڈیول نمبر 8—قدرتی اور آتش گیر ریفریجرنٹس

اس ماڈیول میں سروس ٹیکنیشنز کو درج ذیل کے بارے میں معلومات دی جائیں گی:

.8

8.1. کولنگ کی تاریخ، عام طور پر استعمال ہونے والے قدرتی اور آتش گیر ریفریجرنٹس

8.2. قدرتی اور آتش گیر ریفریجرنٹس پر کام کرنے کے طریقے

8.3. کام کرنے کا محفوظ ماحول اور ذاتی حفاظت کا سامان

8.4. لئے قدرتی اور آتش گیر ریفریجرنٹس کے ذریعے سسٹم کی پرفارمنس

8.5. ضمیمہ جات

مخفف اصطلاحات کی فہرست (List of Acronyms)

AC	Air Conditioner (Condensor)	ایئر کنڈیشنر (کنڈنسر)	اے سی
COP	Performance Coefficient	پرفارمنس کوایفیشنٹ	سی او پی
EPI	Personal Protective Equipment	ذاتی حفاظت کا سامان	ای پی آئی
SDS	Safety Data Sheet	سیفٹی ڈیٹا شیٹ	ایس ڈی ایس
PGL	Petroleum Gases LPG Hydrocarbons	پٹرولیم گیسیں ایل پی جی ہائیڈروکاربنز	پی جی ایل
HC	Hydrocarbon Compounds	ہائیڈروکاربن کمپاؤنڈز	ایچ سی
HFC	Hydrofluorocarbon	ہائیڈروفلوروکاربن	ایچ ایف سی
HFO	Hydrofluorolyfen	ہائیڈروفلورولائفین	ایچ ایف او
HP	Heat Pump	ہیٹ پمپ	ایچ پی
MFL	Minimum flammability limit specified in EN378-1	EN378-1 میں طے کی گئی کم سے کم آتش گیر حد	ایم ایف ایل
ATEL	Acute Toxicity Exposure Limit	ایکیوٹ ٹاکسٹی ایکسپوژر لمٹ	اے ٹی ای ایل
LPO	Limit Oxygen Deprivation, as specified in EN378-1	آکسیجن سے محرومی کی حد، جیسا کہ EN378-1 میں طے کی گئی ہے	ایل پی او
MAC	Mobile Air Conditioning	موبائل ایئر کنڈیشننگ	ایم اے سی
ODP	Ozone-depleting Potential	اوزون کو نقصان پہنچانے کی صلاحیت	او ڈی پی
PL	Practical Limit Listed in EN378-1	عملی حد جو EN378-1 میں بیان کی گئی ہے	پی ایل
GWP	Global Warming Potential	گلوبل وارمنگ پوٹینشل	جی ڈبلیو پی
RAC	Refrigeration and Airconditioning	ریفریجریشن اینڈ ایئر کنڈیشننگ	آر اے سی
RACHP	Refrigerant, Air Conditioning and Heat Pump	ریفریجرنٹ، ایئر کنڈیشننگ اور ہیٹ پمپ	آر اے سی ایچ پی
R290	Propane (C3H8)	پروپین (C3H8)	آر 290
R717	Ammonia (NH3)	امونیا (NH3)	آر 717
R744	Carbon Dioxide (CO^2)	کاربن ڈائی آکسائیڈ (CO^2)	آر 744
VRS	Variable refrigerant size	ویری ایبل ریفریجرنٹ سائز	وی آر ایس
VRF	Variable Refrigerant Flow	ویری ایبل ریفریجرنٹ فلو	وی آر ایف

ماڈیول نمبر 8—قدرتی اور آتش گیر ریفریجرنٹس

زیادہ تر استعمال ہونے والے فلورینیٹڈ ریفریجرینٹس (CFCs، HFCs اور HFCs) کئی دہائیوں سے تیار اور استعمال کئے جا رہے ہیں، لیکن اوزون کی تہہ، آب وہوا اور ماحولیات پر ان کے اثرات ایک بڑا مسئلہ بن چکے ہیں۔

مونٹریال پروٹوکول کے تحت، CFCs (R11، R502، (R12 کو 2010 میں مرحلہ وار مکمل طور پر ختم کر دیا گیا ہے۔

HCFC ریفریجرینٹس (R-22 R-123، وغیرہ) کو مرحلہ وار ختم کیا جا رہا ہے، اور سال 2030 تک انہیں مکمل طور پر ختم کر دیا جائے گا۔
HFC ریفریجرینٹس (R-134a, R-404A, R-410A) کی کلاسیفکیشن زیادہ گلوبل وارمنگ پوٹینشل (GWP) والی گرین ہاؤس گیسوں کے طور پر کر دی گئی ہے، کیگالی ترمیم کے تحت آرٹیکل 5، گروپ 1 کے ممالک کے لئے 2045 تک اس میں 80 فیصد کمی آئے گی جس سے HFCs کا عالمی سطح پر مرحلہ وار خاتمے کا عمل کنٹرول ہوگا۔

قدرتی اور آتش گیر ریفریجرنٹس کا تعارف

کولنگ کی تاریخ اور قدرتی اور آتش گیر ریفریجرینٹس کا عام استعمال پہلی بار اس وقت سامنے آیا جب 19 ویں صدی کے وسط میں ایک جدید کولنگ سسٹم کا تصور تشکیل دیا گیا تھا، اور بہت کم تعداد میں لیکوئڈز کو "ورکنگ لیکوئڈ"، یا "کولر" کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا۔ ان میں امونیا، کاربن ڈائی آکسائیڈ، سلفر ڈائی آکسائیڈ، میتھائل کلورائیڈ (R-40) اور ایتھائل ایتھر شامل تھے۔

CFCs اور HFCs متعارف ہوئے تو اس دوران R744 اور R-290 کو استعمال نہیں کیا جاتا تھا۔ R-717 صنعتی نظاموں میں استعمال ہوتا رہا۔ 1980 کے دوران پتہ چلا کہ ریفریجریشن میں استعمال ہونے والے کیمیکلز، انفلیٹرز (Inflators)، سالوینٹس (Solvents) وغیرہ اوزون کی تہہ کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ان مادوں سے متعلق کارروائیوں سے 1987 میں مانٹریال پروٹوکول کی راہ ہموار ہوئی- جو اب تک کا سب سے کامیاب کثیر الجہتی ماحولیاتی معاہدہ ہے۔ اوزون کو نقصان پہنچانے والے مادوں کے مرحلہ وار خاتمے سے متبادل طریقوں، خاص طور پر HFCs کے استعمال کی راہ ہموار ہوئی۔ شعبہ صنعت میں جزوی طور پر ہائیڈروکاربن (HC) اور بعض ایپلیکیشنز میں کاربن ڈائی آکسائیڈ (R-744) کا پھر سے استعمال شروع ہو گیا (گھریلو ریفریجریٹرز میں R-600a اور ریٹیل ریفریجریشن سسٹم میں R-744 کا استعمال ہوتا تھا)۔ ہائی وارمنگ (GWP) ریفریجریٹس کے متبادل کے طور پر بعض صنعتوں نے (HFOs: ہائیڈروفلورولافین - ان سیچوریٹڈ آرگینک کمپاؤنڈز) استعمال کرنا شروع کر دیا ہے۔ مثال کے طور پر، 1 جنوری 2017 کو نئے موبائل ایئر کنڈیشننگ یونٹس (MAC) HFO-1234yf کو ریفریجرینٹ کے طور پر استعمال کرتے ہیں جس میں GWP 4 کے برابر ہے۔
اگرچہ HFCs میں اوزون کو نقصان پہنچانے کی صلاحیت (ODPs) نہیں ہے، لیکن ان ریفریجرینٹس کے وسیع تر استعمال سے ماحول پر ایک اور اثر پڑتا ہے یعنی گلوبل وارمنگ، کیونکہ ان میں گلوبل وارمنگ کا پوٹینشل (GWP) زیادہ ہے۔ ایک بار پھر کارروائی کی ضرورت پیدا ہوئی اور مانٹریال پروٹوکول میں کیگالی ترمیم کی منظوری سے ان ریفریجرینٹس کے استعمال میں بتدریج کمی (فیز ڈاون) ممکن ہو گی۔ نیچے دی گئی تصویر اس مدت کے دوران سب سے زیادہ استعمال ہونے والے ریفریجرینٹ سیٹ دکھائے گئے ہیں۔

I.1 تعارف



شکل نمبر 1: ریفریجریشن اور ملکی اور بین الاقوامی سطح پر کیئے گئے اقدامات کی تاریخ

ٹیبل نمبر 1

مختلف سسٹمز میں قدرتی اور آتش گیر ریفریجرنٹس کے استعمال کے امکانات

Application / Refrigerant	Central Station	Coolers	Remote condensation units	VRV 1/VRF2 systems	Split air conditioning units/heat pumps	Integrated 3
R-744	سبز	سبز	سبز	پیلا	پیلا	پیلا
R-717	سبز	سبز	سرخ	سرخ	سرخ	پیلا
R-600a	سرخ	پیلا	سرخ	سرخ	پیلا	سبز
R-290	سرخ	سبز	سرخ	سرخ	پیلا	سبز
R-1270	سرخ	سبز	سرخ	سرخ	پیلا	سبز
R-32	سرخ	سبز	پیلا	پیلا	سبز	سبز
R-1234ze	سرخ	سبز	پیلا	پیلا	سبز	سبز
R-1234yf	سرخ	سبز	پیلا	پیلا	سبز	سبز

شکل نمبر2:اس ٹیبل میں سسٹم کی وہ قسم دکھائی گئے جس میں ریفریجرنٹ زیادہ آسان ہے۔اس میں یہ نہیں بتایا گیا کہ یہ ریفریجرنٹس پہلے سے کہاں استعمال ہورہے ہیں۔

1- Variable Refrigerant Size-VRV

2- VRF- Integrated Variable Refrigerant Flow - Independent Cooling Units (refrigerators, houses, small supply cases, packaging units, etc....)

3- R-32 کو اس ٹیبل میں اس لئے شامل کیا گیا ہے کہ نئے اے سی ڈویژنز، ریڈی ایٹرز اور ہیٹ پمپوں میں اس کا وسیع پیمانے پر استعمال ہو رہا ہے البتہ اسے اب کم GWP والا ریفریجرنٹ نہیں سمجھا جاتا کیونکہ GWP کی حد 150(PRG = 675) مقرر کر دی گئی ہے جو زیادہ سے زیادہ 150 سے کہیں زیادہ ہے)14

سبز - یہ سسٹم متعلقہ ریفریجرنٹ کی قسم کے مطابق ہوتے ہیں، اور لوڈ سائز عام طور پر en378 کی مقرر کردہ حدود کے اندر ہوتا ہے۔ ڈیزائن میں کچھ تبدیلیاں ضروری ہیں، مثال کے طور پر الیکٹریکل اور/یا وینٹیلیشن ڈیوائسز کے لئے۔

پیلا - یہ سسٹم ریفریجریٹ کی متعلقہ قسم کے ساتھ استعمال کئے جاسکتے ہیں، لیکن EN378 میں طے کی گئی زیادہ سے زیادہ لوڈ یا عملی حد 5 کی وجہ سے پابندیاں عائد ہیں۔ ڈیزائن میں کچھ تبدیلیاں ضروری ہیں، مثلاً الیکٹریکل اپلائنسز اور وینٹیلیشن کے لئے۔ بعض صورتوں میں، ریفریجرینٹ کی والیم کپیسٹی کا مطلب یہ ہے کہ یہ ایپلیکیشن کے لئے سب سے موزوں نہیں ہے۔

سرخ - ان سسٹمز کو ریفریجرنٹ کی متعلقہ قسم کے ساتھ استعمال نہ کیا جائے کیونکہ عام طور پر لوڈ سائز EN378-1 میں بیان کی گئی زیادہ سے زیادہ حد سے زیادہ ہے۔

Sector	Technical solution	Usual fluids	Example of flammable fluids replacement present on the market
Residential	Water heater thermodynamics	R-410A R-134a	R-290
	Air-air heat pump, air conditioning (split)	R-410A	R-32 R-290
	Air-water heat pump	R-410A	R-32, R-454C et R-290
	Water-water heat pump	R-410A, R-407C	R-32, R-290
	PAC + ECS	R-410A	R-290
Tertiary and industry	Air-air heat pump	R-410A	R-32
	DRV system, multi-split	R-410A R-407C	R-32, R-452B et R-454B
	Roof top	R-410A	R-32
	Chilled water and heat pump Unit (small and medium power) (spiro-orbital compressor)	R-410A	R-32 R-454C, R-454B et R-455A
	Chilled water and heat pump unit (high power-volumetic screw compressor)	R-410A R-407C R-134a	R-1234ze R-452B
	Chilled water and heat pump unit (high power-volumetic centrifugal compressor)	R-134a	R-1234ze
Food, refrigeration commercial	Condensing unit (positive cold)	R-410A R-134a R-404A	R-455A R-454A R-1234ze, R-1234yf, R-454C et
	Condensing unit (negative cold)	R-410A R-404A R-744	R-455A R-454A R-454C
